تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | جمعۃ المبارک 19 دسمبر 2025، 27 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 125

پنجاب سے مافیا کلچر کا خاتمہ کر دیا، اب پنجاب میں کوئی مافیا نہیں پنپ سکتا: مریم نواز

پنجاب کے خریداروں اور آڑھتیوں کو 188 ماڈرن سبزی منڈیوں میں اب صاف ستھرے ٹائلٹ مکمل فعال ملیں گے۔ خریداروں کیلئے ہیلپ ڈیسک قائم اور ریٹ بورڈ آویزاں کر دیئے گئے

عوام کو ہر صورت پر سستی روٹی اور سستا آٹا فراہم کرنا ہمارا عزم ہے، پھل اور سبزیوں منڈیوں کے خود سرپرائز وزٹ کروں گی، پنجاب میں ایسے شاندار کام ہو رہے ہیں کہ دوسرے صوبے تقلید کرنے پر مجبور ہو گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) ماڈرن پنجاب" میں عوام کیلئے خریداری کا نیا دور شروع ہو گیا، پنجاب کی سبزی منڈیوں میں ماڈرن فروٹ اینڈ ویجی ٹیبل مارکیٹس متعارف کرا دی گئی۔ (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

پہلا سیف اینڈ اسمارٹ ریلوے اسٹیشن راولپنڈی میں قائم کیا ہے، حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ریلوے حنیف عباسی سے سیکریٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل محمد علی نے (بقیہ نمبر 2)

ڈاکٹر مصدق ملک کا ٹرانسپورٹ سیکٹر کی ڈی کاربنائزیشن کے لیے جامع حکمت عملی کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے (بقیہ نمبر 3)

ہری پور: وزیر اعظم محمد شہباز یونیورسٹی آف ہری پور میں پرائم منسٹر لیپ ٹاپ سکیم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

صدرِ مملکت نے قانون شہادت (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دے دی

دانش اسکولز اتھارٹی بل صوبائی مشاورت کی ضرورت کے پیش نظر نظرِ ثانی کیلئے وزیر اعظم کو واپس بھجوا دیا

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے قانون شہادت (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دے دی۔ صدرِ مملکت نے نیشنل کمیشن فار مائنورٹیز رائٹس بل کی بھی منظوری دے دی جبکہ کنگ حمد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز بل کی توثیق (بقیہ نمبر 4)

پشاور ہائیکورٹ: وکلاء خود فیصلے نہیں مانیں گے تو دوسروں سے کیسے منوائیں گے، جج کے ریمارکس

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست کی سماعت (بقیہ نمبر 5)

کشمیر بھارت کا کبھی تھا نہ ہوگا، انڈیا سرحد پار دہشتگردوں کی سرپرستی بند کرے: پاکستان

بھارت سرحد پار دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے، شمالی امریکا سمیت مختلف ملکوں میں قتل و غارت میں ملوث ہے، پاکستانی قونصلر

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ کشمیر بھارت کا کبھی تھا نہ ہوگا، جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر گل قیصر سروانی نے بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر ردعمل میں کہا کہ 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود حق خودارادیت کا وعدہ پورا نہیں کیا گیا، بھارت ٹی ٹی پی، فتنۃ الخوارج اور بی ایل اے کی پشت پناہی کرتا ہے۔ گل قیصر سروانی (بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا لانس نائیک محمد محفوظ شہید کو ان کی برسی پر خراجِ عقیدت

لانس نائیک محمد محفوظ نے 1971 کی جنگ میں شجاعت اور بہادری کی ایسی روشن مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے عظیم سپاہی لانس نائیک محمد محفوظ شہید کی بے مثال جرات، شجاعت اور قربانی کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ لانس نائیک محمد محفوظ نے 1971 کی جنگ میں شجاعت اور بہادری کی ایسی (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن کے عہدے کیلیے 3 نام وزیر اعظم کو ارسال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن کی تقرری کے لیے سرچ کمیٹی کی جانب سے تین ناموں کی سمری وزیر اعظم (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں، معاون خصوصی پرائس کنٹرول و کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ بھی ہمراہ ہیں۔

عدالت کا کام معاشی پالیسیوں میں مداخلت کرنا نہیں، وکیل ایف بی آر

وفاقی آئینی عدالت نے انڈیا اور اسرائیل کی اشیاء برآمد کرنے پر پابندی کے کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے انڈیا اور اسرائیل کی اشیاء برآمد کرنے پر پابندی کے کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے۔ بدھ کو دوران سماعت ایف بی آر کے وکیل حافظ احسان کھوکھر نے کہا کہ ہائیکورٹ کا حکم اختیارات کی تقسیم کے آئینی اصول کے خلاف ہے، (بقیہ نمبر 9)

مودی کو ایسا سبق سکھایا کہ وہ زندگی بھر نہیں بھولیں گے: وزیراعظم

صوبے کے بہادر عوام نے ملک کے لیے بڑی قربانیاں دیں، آپ کی قربانیوں کی بدولت ملک میں امن قائم ہوا، تاریخ آپ کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، چاروں صوبے مل کر ترقی کریں گے تو پاکستان عظیم بنے گا

10 مئی کی صبح اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عظیم فتح دی، وہ میری نہیں پاکستان کی فتح تھی، قوم کی دعاؤں سے افواج پاکستان کو کامیابی ہوئی، دشمن حیران ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی عزت و تکریم میں اضافہ ہوا

اللہ تعالیٰ نے پاکستانی قوم کو 10 مئی کو عظیم فتح سے نوازا، جب بطور وزیر اعلیٰ لیپ ٹاپ دیتا تھا تو میرے خلاف اپوزیشن تنقید کرتی تھی، 100 فیصد میرٹ پر ہونہار طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے

ہری پور (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے نوجوان قوم کے ہیرو اور معمار ہیں، نوجوان نسل ملکی ترقی کی ضمانت ہے۔ ہونہار طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج کی تقریب میں شرکت کر کے دلی خوشی ہو رہی ہے، خیبر پختونخوا دلیر اور غیور عوام کا صوبہ ہے، خیبر پختونخوا کے عوام غیور اور بہادر ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صوبے کے بہادر عوام نے ملک کے لیے بڑی قربانیاں دیں، آپ کی قربانیوں کی بدولت ملک میں امن قائم ہوا، تاریخ آپ کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ شہباز شریف (بقیہ نمبر 10)

کسی سے نہیں ڈرتا، اگر کہیں جاؤں گا تو خود بتا دوں گا، علی امین گنڈاپور

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 11)

پی ٹی آئی اور صوبائی حکومت کے فیصلے اڈیالہ جیل سے ہو رہے ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور صوبائی حکومت (بقیہ نمبر 12)

یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی سے مبینہ رشوت کے مقدمے میں اہم پیش رفت

لاہور (این این آئی) یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی سے مبینہ رشوت کے مقدمے میں اہم (بقیہ نمبر 13)

کشمیر اور پاکستان ایک جان ہیں، انہیں کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی: عظمیٰ بخاری

وزیر اطلاعات و ثقافت سے آزاد کشمیر سے آئے صحافیوں کے وفد کی ملاقات، ترقیاتی انیشیٹوز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری سے آزاد کشمیر سے آئے صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں سیکرٹری اطلاعات پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی اور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (ڈی جی پی آر) شیخ فرید احمد بھی موجود تھے۔ (بقیہ نمبر 14)

پنجاب میں پرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام کیلئے 5 سالہ جامع حکمت عملی تیار

اسپیکر ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت سٹریٹجک پلاننگ ورکشاپ کا انعقاد، پالیسی سازوں، سکیورٹی اداروں کے اعلیٰ حکام سمیت دیگر کی شرکت

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام کے لیے ایک جامع اور قابل عمل 5 سالہ حکمتِ عملی تیار کر لی گئی۔ پنجاب سنٹر آف ایکسیلینس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم کے تحت اس سلسلے میں دو روزہ سٹریٹجک پلاننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کی صدارت اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کی جبکہ ملک بھر سے پالیسی سازوں، سکیورٹی اداروں کے اعلیٰ حکام، (بقیہ نمبر 28)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب سنٹر آف ایکسیلینس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمز کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹرز کو کرایوں میں کمی کی ہدایات

ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچایا جائیگا' وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے ڈیزل کی قیمت میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کی ہدایات کی ہے۔ صوبائی وزیر بلال اکبر خان نے افسران کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے مطابق کرایوں کی لسٹ جاری کرانے کی ہدایات کرتے ہوئے ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کے لیے تمام اضلاع میں ٹیمیں بنا دیں۔ اس کے علاوہ وزیر ٹرانسپورٹ نے زائد کرایہ لینے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور (بقیہ نمبر 17)

سرگودھا میں کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر مالک کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر مالک کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ پر عطا شہید کے علاقہ میں کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے۔ غلام محمد نے کرایہ دار کے کوائف کا اندراج (بقیہ نمبر 16)

سارہ احمد کی زیر صدارت کم عمری کی شادی کی روک تھام کے حوالے سے اہم پارلیمانی مشاورتی اجلاس

اجلاس کا انعقاد یو این ایف پی اے کے اشتراک سے کیا گیا، اسپیکر ملک احمد خان کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب، کنوینئر جینڈر مین اسٹریمنگ کمیٹی اور کنوینئر چائلڈ رائٹس کاکس سارہ احمد کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کے حوالے سے ایک اہم پارلیمانی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا انعقاد یو این ایف پی اے کے اشتراک سے کیا گیا جبکہ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور اختتامی کلمات بھی پیش کیے۔ اجلاس میں اراکین پنجاب اسمبلی، نمائندہ یو ایس قونصلیٹ لاہور، (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان دانش سکولز اینڈ سینٹرز آف ای کے موقع پر پراجیکٹ میں پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں۔

شجاعت حسین، شافع حسین اور سالک حسین کا میاں منظور احمد وٹو کی وفات پر افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے میاں منظور احمد وٹو کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اور وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے بھی سینئر سیاستدان و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد وٹو (بقیہ نمبر 29)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب بھر میں کرسمس کی 12 روزہ سرکاری تقریبات جاری

اقلیتوں کے حقوق اور مذہبی ہم آہنگی مریم نواز حکومت کی اولین ترجیح ہے' صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبہ بھر میں کرسمس کی 12 روزہ تقریبات بھرپور جوش و خروش سے جاری ہیں۔ ان تقریبات کے سلسلے میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کرسمس کی خوشیاں بانٹنے سیالکوٹ پہنچے، جہاں انہوں نے چکمڈار مدثر شہید روڈ پر کرسچین کمیونٹی کی جانب سے مس بانیہ کے زیرِ اہتمام منعقدہ کیک کٹنگ تقریب میں شرکت کی اور کرسمس کا کیک کاٹا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رمیش سنگھ اروڑہ نے (بقیہ نمبر 18)

شہر میں فضائی آلودگی برقرار، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) لاہور شہر میں فضائی آلودگی کی صورتحال بدستور تشویشناک ہے، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر رہا۔ بدھ کے روز شہر میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 224 ریکارڈ کی گئی۔ مختلف علاقوں میں آلودگی کی سطح خطرناک حد تک بلند رہی، برکی روڈ پر آلودگی کی شرح 352، ڈی ایچ اے میں 344، جوہر ٹاؤن میں آلودگی کی شرح 265، (بقیہ نمبر 30)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب شہر خاموشاں اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سموگ پر قابو پانے میں دنیا کے بڑے شہروں کو بھی برسوں لگے: مریم اورنگزیب

اسموگ کیخلاف جنگ میں کامیابی کیلئے شہریوں کو کلائمیٹ ریزیلینٹ اور ذمہ دار رویے اپنانا ہوں گے

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ اسموگ کے خلاف جنگ میں کامیابی کے لیے شہریوں کو کلائمیٹ ریزیلینٹ اور ذمہ دار رویے اپنانا ہوں گے، اسموگ ایک دن یا ایک سیزن کا مسئلہ نہیں، دنیا کے بڑے شہروں جیسے بیجنگ اور لندن کو بھی اس پر قابو پانے میں برسوں لگے۔ انہوں نے لاہور یونیورسٹی میں فضائی آلودگی اور اسموگ کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 19)

فیکٹری ناکے پر دھرنے کے شرکاء کیخلاف پولیس کا آپریشن، مظاہرین منتشر ہو گئے

آپریشن کے دوران علامہ ناصر عباس اور علیمہ خان پر بھی واٹر کینن کا پانی پھینکا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے فیکٹری ناکہ پر دھرنے کے شرکاء کے خلاف پولیس آپریشن کے دوران مظاہرین منتشر ہو گئے۔ مظاہرین کی جانب سے پولیس پر شدید پتھراؤ کیا گیا جس کے بعد پولیس کو اینٹی رائٹ سامان سے لیس کر کے پوزیشن سنبھالنے کا حکم دیا گیا۔ پولیس نے دھرنا شرکاء کو منتشر کرنے کے لیے واٹر کینن کا بھرپور استعمال کیا، کیمیکلز ملے ٹھنڈے (بقیہ نمبر 20)

شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر لاہور پولیس کا خراجِ عقیدت

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر ان کی آخری آرام گاہ پر سلامی پیش کی اور فاتحہ خوانی کی۔ پولیس کے دستے نے شہید کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر شہید سب انسپکٹر کے اہلِ خانہ بھی موجود تھے۔ (بقیہ نمبر 21)

تاجر کے گھر میں داخل ہونے پر پولیس اہلکاروں کو عدالت طلب کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) عدالت نے لاہور کے علاقہ نواں کوٹ میں تاجر کے گھر میں داخل ہونے پر پولیس اہلکاروں کو طلب کر لیا۔ تاجر سرفراز نے پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کروانے کی درخواست ایڈیشنل سیشن جج راشد طفیل کی عدالت میں دائر کی، جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ تاجر سرفراز کی کانسٹیبل عمیر سے (بقیہ نمبر 24)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، واسا پنجاب کی مکمل فعالیت بارے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کیلئے پاکستان کا اپنی فضائی حدود 23 جنوری 2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کر دی، اس سلسلے میں پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم جاری کر دیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لیے پاکستان نے اپنی فضائی حدود 23 جنوری 2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ مسافر، ملٹری اور پرائیوٹ جیٹس کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ پاکستان (بقیہ نمبر 31)

بانی پی ٹی آئی مسلح جدوجہد پر تلے ہوئے ہیں، مسلح جدوجہد کرنی ہے تو پھر ایکشن ہوگا: رانا ثنا اللہ

26 نومبر کو بھی مسلح جدوجہد کا ارادہ تھا لیکن نہیں ہو سکی، فیض کو سزا پر نواز شریف نے صرف اسے مکافات عمل کہا

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی مسلح جدوجہد پر تلے ہوئے ہیں، مسلح جدوجہد کرنی ہے تو پھر ایکشن ہوگا، 11 سال بعد بھی ہم سانحہ اے پی ایس کی مذمت کر رہے ہیں، دہشتگرد کیڈٹ کالج میں بھی سانحہ اے پی ایس جیسا واقعہ کرنا چاہتے تھے، قوم نے دہشتگردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا فیصلہ کیا ہوا ہے، جو دہشتگردوں سے بات کا درس دے رہے ہیں (بقیہ نمبر 32)

یونیورسٹی آف ایجوکیشن میں پوسٹ کوپ 30 کلائمٹ گالا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مضبوط سیاسی عزم کا مظاہرہ کیا' کنول لیاقت

لاہور (این این آئی) فلاحی تنظیم برگد نے یونیورسٹی آف ایجوکیشن اور گرین یوتھ موومنٹ کلب (یو ای) کے اشتراک سے لاہور ایجوکیشن یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں پوسٹ کوپ 30 کلائمٹ گالا کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں 250 سے زائد پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، نوجوان رہنماؤں، مذہبی شخصیات اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ گالا کا مقصد کوپ 30 کے نتائج کو پاکستان میں شمولیتی، کمیونٹی پر مبنی ماحولیاتی اقدامات سے جوڑنا تھا۔ کلائمٹ گالا کی نظامت (بقیہ نمبر 22)

فلم انڈسٹری کے فروغ کیلئے پنجاب فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی تشکیل دینے کا فیصلہ

پنجاب اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2025 پیش کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فلم انڈسٹری کے فروغ کے لیے پنجاب فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پنجاب کابینہ نے فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2025 کی منظوری دے دی، پنجاب اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پنجاب فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2025 پیش کیا جائے گا۔ پنجاب اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پنجاب فلم ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2025 پیش کرنے پر

ایڈووکیٹ شکیل احمد پاشا سینئر نائب صدر پیپلز لائرز فورم وسطی پنجاب مقرر

لاہور (این این آئی) ایڈووکیٹ شکیل احمد پاشا کو پیپلز لائرز فورم وسطی پنجاب کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں پی ایل ایف وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری ساجد خان تنولی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پی ایل ایف (بقیہ نمبر 23)

پی آئی سی بی پراجیکٹ میں ملازمین کے تقرر و تبادلے پر عارضی پابندی عائد کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پی آئی سی بی منصوبے کے ملازمین کے تقرر و تبادلے پر عارضی پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی آئی سی بی منصوبے کے تحت پنجاب کے 16 شہروں میں سیوریج، سٹریٹ لائٹس اور دیگر بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے کام جاری ہیں۔ منصوبہ (بقیہ نمبر 26)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سے ملاقات کر رہے ہیں۔

حکومتی ادارے جتنی حقیقت پسندی، سچائی سے کام لیں گے اتنے ہی بہتر نتائج آئیں گے' پیاف

وزارتوں، محکموں کے اخراجات کو حقیقی معنوں میں کم کیا جانا چاہیے' پیٹرن سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ معیشت سے جڑے بہت سے خطرات اب بھی بلند سطح پر ہیں جن میں جغرافیائی سیاسی کشیدگی سمیت مقامی سطح کے معاملات بھی شامل ہیں، ملکی سطح پر (بقیہ نمبر 35)

لاہور ہائیکورٹ میں 25 دسمبر سے موسمِ سرما کی عدالتی تعطیلات ہوں گی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں موسم سرما کی سالانہ عدالتی تعطیلات 25 دسمبر سے 8 جنوری تک ہوں گی۔ تعطیلات کے دوران عدالت عالیہ کے بیشتر ججز چھٹیوں پر ہوں گے تاہم چند ججز ضروری نوعیت کے مقدمات کی سماعت کے لیے دستیاب رہیں گے۔ عدالتی تعطیلات (بقیہ نمبر 33)

لاہور ہائیکورٹ کے 4 ججز عمر پوری ہونے پر 2026 میں ریٹائر ہوں گے

سینئر جج جسٹس شجاعت علی خان 22 اپریل، جسٹس اسجد جاوید گھرال 29 اپریل، جسٹس مسعود عابد نقوی چار جولائی کو ریٹائرڈ ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے 4 ججز 62 سال کی عمر کی مدت پوری ہونے پر سال 2026 میں ریٹائرڈ ہوں گے۔ لاہور ہائیکورٹ کے سینئر جج جسٹس شجاعت علی خان 22 اپریل 2026 کو ریٹائرڈ ہوں گے، جسٹس شجاعت علی خان 27 مارچ 2012 کو (بقیہ نمبر 36)

لاہور، مدرسے کا طالبعلم کا مبینہ اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

لاہور (این این آئی) تھانہ باغبانپورہ کے علاقے شادی پورہ میں مدرسے کے ایک طالبعلم کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 34)

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ، راولپنڈی کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ کرسمس کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بھارتی وزیر اعلیٰ کے خاتون کا حجاب اتارنے کیخلاف پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع

سرکاری تقریب میں مسلم خاتون ڈاکٹر کا نقاب زبردستی کھینچنا انتہائی افسوسناک ہے' متن

لاہور (این این آئی) بھارتی وزیر اعلیٰ کے خاتون کا حجاب اتارنے کے خلاف پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع کرا دی گئی۔ مذمتی قرارداد رکن آئی پی پی شعیب صدیقی نے جمع کرائی جس کے متن میں کہا گیا کہ سرکاری تقریب میں مسلم خاتون ڈاکٹر کا نقاب زبردستی کھینچنا انتہائی افسوسناک ہے، یہ ایوان اخلاقیات سے گرے اس شرمناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے، وزیر اعلیٰ بہار نتیش کمار مودی کا گماشتہ، جسے اخلاقیات کا کوئی ادراک نہیں۔ قرار داد میں کہا گیا (بقیہ نمبر 25)

دانش سکولز سے دیگر صوبوں کے مستحق طلبا بھی مستفید ہو رہے ہیں: مجتبیٰ شجاع الرحمن

سیاسی مخالفین کی بے جا تنقید نے منصوبے کی رفتار کو متاثر کرنے کی کوشش کی مگر آج یہی منصوبہ اپنی کامیابی کی روشن مثال خود بن چکا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پنجاب دانش سکولز اینڈ سینٹرز آف ایکسیلینس اتھارٹی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے دانش سکولز پروجیکٹ میں پیش رفت اور اتھارٹی کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر مینیجنگ ڈائریکٹر احمد ملک نے وزیر خزانہ کو ادارے کے تعلیمی، انتظامی اور ترقیاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ وزیر اعلیٰ شہباز شریف کے (بقیہ نمبر 27)

پاکستان کی سڈنی واقعہ کی شدید مذمت، غزہ میں مظالم پر اسرائیل کے احتساب کا مطالبہ

فلسطینی عوام کئی دہائیوں سے ظلم و ستم کا سامنا کر رہے ہیں، غزہ میں جنگ بندی کا مکمل احترام کیا جائے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے سڈنی حملے میں متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ فلسطینی عوام کئی دہائیوں سے ظلم و ستم کا سامنا کر رہے ہیں، غزہ میں جنگ بندی کا مکمل احترام کیا جائے۔ میڈیا رپورٹ کیمطابق اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار کی جانب سے سڈنی واقعے کی شدید مذمت کی گئی، عاصم افتخار نے مسئلہ فلسطین پر پاکستان کے اصولی مؤقف کا اعادہ کیا۔

امریکی ٹیرف کے اثرات، نومبر میں پاکستان کی امریکہ کو برآمدات میں کمی

نومبر میں پاکستان کی امریکہ کو برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 8 فیصد کمی ہوئی

لاہور (این این آئی) امریکہ کی جانب سے عائد کیے گئے نئے ٹیرف کے اثرات نمایاں ہو رہے ہیں جس کے نتیجے میں نومبر کے دوران پاکستان کی امریکہ کو برآمدات میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2025-26 کے نومبر میں پاکستان کی امریکہ کو برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 8 فیصد کمی ہوئی۔ یہ کمی اگست میں امریکی حکومت کی جانب سے پاکستانی مصنوعات پر عائد کیے گئے بلند ٹیرف کے بعد بیرونی تجارت پر بڑھتے ہوئے دباؤ کی نشاندہی کرتی ہے۔ نومبر میں امریکہ کو برآمدات 439 ملین ڈالر رہیں جو گزشتہ سال اسی ماہ 476 ملین ڈالر تھیں، برآمدات میں 37 ملین ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ نومبر کے اعداد و شمار مسلسل دوسرے مہینے کی کمی کو ظاہر کرتے ہیں جس کی بڑی وجہ اگست میں امریکی مارکیٹ میں پاکستانی مصنوعات پر عائد کیا گیا

برائلر گوشت کی قیمت میں مزید 22 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 22 روپے اضافے سے 519 روپے، زندہ برائلر مرغی 15 روپے اضافے سے 358 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت بھی مزید ایک روپے اضافے سے 361 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر دکاندار برائلر گوشت سرکاری نرخ کی بجائے 30 روپے زائد پر فروخت کرتے رہے۔

لاہور: صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر کا رنیز جی الیکٹرک اور انرجی آٹو مشین کمپنیوں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

سی پیک سے منسلک تعاون پاکستان کی ترشاوہ پھلوں کی صنعت کو نئی شکل دے سکتا ہے، تحقیق

پاکستان دنیا میں ترشاوہ پھلوں کا 13 واں بڑا پیدا کنندہ ہے، سالانہ پیداوار 22 لاکھ ٹن سے زائد ہے

لاہور (این این آئی) ایک نئی تحقیق کے مطابق چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت چین اور پاکستان کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون پاکستان کی ترشاوہ پھلوں کی صنعت کو از سر نو فعال کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ یہ تحقیق پالیسی ریسرچ جرنل میں شائع ہوئی جس میں پاکستان میں ترشاوہ پھلوں کی پیداوار، مارکیٹ کے ڈھانچے اور سی پیک کے تحت زرعی تعاون کے ممکنہ اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تحقیق کے مطابق پاکستان دنیا میں ترشاوہ پھلوں کا 13 واں بڑا پیدا کنندہ ہے جہاں سالانہ پیداوار 22 لاکھ ٹن سے زائد ہے۔ ترشاوہ پھل پاکستان کی مجموعی پھلوں کی پیداوار کا 30 فیصد سے زیادہ حصہ رکھتے ہیں جبکہ پنجاب ملک کی 90 فیصد سے زائد ترشاوہ پیداوار فراہم کرتا ہے یہ شعبہ بالخصوص دیہی علاقوں میں لاکھوں افراد کے روزگار کا ذریعہ ہے۔

ملک میں موٹر سائیکلز اور تھری ویلرز کی فروخت میں اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں موٹر سائیکلز اور تھری ویلرز کی فروخت میں جاری مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں موٹر سائیکلز کے 747738 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 563207 یونٹس کے مقابلے میں 33 فیصد زیادہ ہے۔

الیکٹرک وہیکلز سیکٹر کا فروغ حکومت کی ترجیح ہے، شافع حسین

شافع حسین سے چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنیوں کے حکام کی ملاقات، پنجاب میں نئی سرمایہ کاری کے مجوزہ منصوبوں پر بات چیت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنیوں کے حکام نے ملاقات کی۔ صدر چائنیز بزنس کونسل مسٹر چین کیان جیانگ چینی کمپنیوں کے حکام کے وفد کی قیادت کر رہے تھے۔ پیسک ہاؤس میں ہونے والی ملاقات کے دوران چین کی کمپنیوں کی پنجاب میں نئی سرمایہ کاری کے مجوزہ منصوبوں پر بات چیت ہوئی۔

لاہور، گھروں میں نقب زنی کرنے والے ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں داتا دربار پولیس نے چند روز قبل گھروں میں نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث ریکارڈ یافتہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر ایس پی سٹی بلال احمد کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی جس نے کامیاب کارروائی کی۔ ایس پی سٹی بلال احمد کے مطابق داتا دربار پولیس نے سی سی ٹی وی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ساتھ ساتھ ہیومن ریسورس کی مدد سے ملزمان کو گرفتار کیا۔

اسلام آباد ہائی کورٹ، تعلیمی اداروں سے منشیات کے خاتمے کا کیس، پیمرا افسر طلب

منشیات کے خاتمے سے متعلق پیمرا ٹی وی چینلز پر آگاہی مہم نشر کروائے، جسٹس راجہ انعام امین منہاس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے منشیات کے خاتمے کی مہم پر عمل درآمد کے لیے پیمرا کے متعلقہ افسر کو طلب کر لیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں وفاقی تعلیمی اداروں سے منشیات کے خاتمے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جس میں پولیس، اے این ایف اور پرائیویٹ اسکول ریگولیٹری اتھارٹی نے عمل درآمد رپورٹ جمع کرا دی۔ جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ حکومت کو منشیات کے خاتمے کے لیے جوائنٹ ٹاسک فورس خود بنانی ہے۔ اے این ایف کے پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ منشیات کے خاتمے سے متعلق ہر نجی تعلیمی ادارے میں فوکل پرسن تعینات کیا گیا ہے، پرائیویٹ اسکول ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ ہر اسکول میں فوکل پرسن پر مشتمل کمیٹی بن گئی ہے۔

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کرسمس کے حوالے سے ضلعی بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور دیگر سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد وٹو کی نماز جنازہ میں شریک ہیں۔

یو ای ٹی لاہور نے ملک کی نامور صفِ اوّل کی صنعتوں سے اشتراک کر لیا

پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ''پولیمر سسٹین ایبلٹی اینڈ سرکولیریٹی چیئر'' کا قیام

لاہور (این این آئی) یو ای ٹی لاہور نے انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے پاکستان کی پہلی ''چیئر آن پولیمر سسٹین ایبلٹی اینڈ سرکولیریٹی'' قائم کر دی۔ اس مقصد کے لیے شعبہ پولیمر اینڈ پروسیس انجینئرنگ، یو ای ٹی لاہور اور ملک کی چھ صفِ اوّل کی صنعتوں بشمول SPEL لمیٹڈ، پاک پیٹروکیمیکل لمیٹڈ، ٹی ایم ربرز پرائیویٹ لمیٹڈ، منہاس پائپس، آئی پاک (IPAK) اور جلانی پلاسٹکس کے مابین تاریخی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ یہ منفرد اور دوررس اقدام پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا ماڈل ہے، جس کے تحت متعدد نجی صنعتی اداروں نے مشترکہ طور پر ایک سرکاری جامعہ کے ساتھ مل کر سسٹین ایبلٹی، سرکولر اکانومی اور جدید پلاسٹکس انجینئرنگ کے لیے باقاعدہ تحقیقی و تدریسی چیئر قائم کی ہے۔ یو ای ٹی لاہور کی جانب سے اس تاریخی معاہدے پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے دستخط کیے، جس سے جامعہ کے اس عزم کا اعادہ ہوتا ہے کہ یو ای ٹی صنعت و جامعہ کے باہمی اشتراک، عملی تحقیق اور پائیدار صنعتی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کرتی رہے گی۔

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت، مظلوم کی دادرسی پولیس کی اولین ترجیح ہے، خرم شہزاد حیدر

آر پی او گوجرانوالہ کا دورہ نارووال، یادگار شہدا پر حاضری، پھول چڑھائے، شہدا کے درجات کی بلندی کیلئے دعا

نارووال (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر نے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اور مظلوم کی دادرسی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ نارووال کے دورہ کے دوران انہوں نے یادگار شہدا پر حاضری دی پھول چڑھائے اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی۔ آر پی او گوجرانوالہ نے ڈی پی او نارووال کے ہمراہ پولیس لائن نارووال میں شہدا کی فیملیز کے ساتھ ملاقات کی فرداً فرداً ان کے مسائل سنے اور انکے حل کے لئے متعلقہ افسران کو فوری عمل درآمد کی ہدایات جاری کیں۔ آر پی او گوجرانوالہ نے ڈی پی او نارووال کے ہمراہ دربار صاحب کرتار پور کا وزٹ کیا اور منتظمین اور سکھ یاتریوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ آر پی او گوجرانوالہ نے ڈی پی او نارووال اور ضلع بھر کے ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کیساتھ کرائم میٹنگ کی کرائم کی صورتحال اور پولیس کارکردگی کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات دیں۔

نارووال: ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر نارووال میں کھلی کچہری میں سائلین کی شکایات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا اسمبلی کے 92 میں سے 70 اراکین وفاقی پولیس کو مطلوب

سب سے زیادہ مقدمات سابق وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈا پور کے خلاف ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی کے 92 میں سے 70 اراکین وفاقی پولیس کو مطلوب ہیں، پی ٹی آئی کے 70 ایم پی ایز کے خلاف اسلام آباد کے مختلف تھانوں میں مقدمات درج ہیں، سب سے زیادہ مقدمات سابق وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈا پور کے خلاف ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد پولیس نے ماضی میں درج مقدمات کی تفصیلات جمع کر لیں جس میں دہشت گردی، پولیس و رینجرز اہلکاروں کے قتل جیسی سنگین دفعات شامل ہیں۔ پی ٹی آئی کے اکثر ایم پی ایز نے ابھی تک کسی عدالت سے ضمانت بھی نہیں لی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد پولیس کو 11 مقدمات میں مطلوب ہیں۔ سہیل آفریدی پر 7 اے ٹی اے اور پولیس اہلکاروں پر حملے کے مقدمات درج کیے گئے۔

سی ٹی ڈی کے دائرہ اختیار میں اضافہ کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے دائرہ اختیار میں اضافہ کر دیا گیا، صوبائی کابینہ کی منظوری سے سی ٹی ڈی کے دائرہ اختیار میں توسیع کی گئی۔ تحصیل کوہِ سلیمان، ڈیرہ غازی خان کو سی ٹی ڈی کے دائرہ اختیار میں شامل کر لیا گیا، تحصیل (ڈی ایکسکلوڈڈ ایریا) راجن پور کو بھی سی ٹی ڈی ڈیرہ غازی خان کے دائرہ اختیار میں شامل کیا گیا ہے۔

پاکستان کی پہلی ڈرائیورلیس گاڑی کی کامیاب ٹیسٹ ڈرائیو

چین سے درآمد شدہ ایک برقی گاڑی کو روبوٹکس، میپنگ، سینسرز، کمپیوٹر وژن اور اے آئی کی مدد سے خودکار گاڑی میں تبدیل کیا گیا

کراچی (این این آئی) این ای ڈی یونیورسٹی کے انجینئرز نے پاکستان کی پہلی ڈرائیورلیس گاڑی کی کامیاب ٹیسٹ ڈرائیو کا کارنامہ انجام دیا۔ پاکستان ٹیلنٹ کے حوالے سے ایک زرخیز ملک ہے اور آئے دن یہاں کے نوجوان سائنس کے شعبے میں ایسے کارنامے انجام دیتے ہیں، جو دنیا بھر میں سراہے جاتے ہیں۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ذریعے پاکستان کی پہلی بغیر ڈرائیور کے چلنے والی کار کی ٹیسٹ ڈرائیو کا کامیاب تجربہ کیا۔

نئے صوبے لسانی نہیں انتظامی بنیاد پر بنائے جائیں، مولانا عبدالغفور حیدری

وزیر اعلی بلوچستان کو ہٹانے یا رکھنے کا اختیار اپوزیشن کے پاس نہیں، رہنما جے یو آئی کی میڈیا سے گفتگو

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے مرکزی رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے مطالبہ کیا ہے کہ نئے صوبے لسانی نہیں انتظامی بنیاد پر بنائے جائیں۔ میڈیا سے گفتگو میں مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ وزیر اعلی بلوچستان کو ہٹانے یا رکھنے کا اختیار اپوزیشن کے پاس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ غلط آئینی ترامیم سے ملک کا مستقبل تاریک ہو سکتا ہے، بلوچستان کے مسائل طاقت سے نہیں، مذاکرات سے حل ہوں گے۔

بھٹو شہید پر الزام حافظ نعیم الرحمان کی تاریخ سے لاعلمی ہے، سینیٹر وقار مہدی

حافظ نعیم الرحمان کا بیان اخلاقی دیوالیہ پن اور فکری افلاس کی بدترین مثال ہے، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) جنرل سیکریٹری پیپلز پارٹی سندھ سینیٹر وقار مہدی نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کے بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھٹو شہید پر الزام حافظ نعیم الرحمان کی تاریخ سے لاعلمی ہے۔ اپنے بیان میں۔ وقار مہدی نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمان کا بیان اخلاقی دیوالیہ پن اور فکری افلاس کی بدترین مثال ہے، بھٹو شہید پر الزام حافظ نعیم الرحمان کی تاریخ سے لاعلمی ہے۔ سینیٹر وقار مہدی نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمان جھوٹ، دو نمبری اور بھونڈے بیانات سے اپنی ناکامی چھپا رہے ہیں، شہید ذوالفقار بھٹو پر بیہودہ الزام لگانا دراصل پاکستان کے آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعتی صرف سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے ڈرامے بازی کرتے ہیں، حافظ نعیم الرحمان سیاسی یتیمی چھپانے کے لیے شہداء کی توہین کر رہے ہیں، بھٹو شہید نے ملک اور قوم کے لیے اپنی جان دی۔

کوئٹہ میں ایک روزہ معطلی کے بعد ٹرین سروس بحال کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ایک روزہ معطلی کے بعد ٹرین سروس بحال کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس اپنے مقررہ وقت پر روانہ ہوئی جبکہ کوئٹہ سے چمن جانے والی چمن پسینجر ٹرین بھی طے شدہ شیڈول کے مطابق روانہ ہوئی۔ ریلوے حکام کے مطابق ناگزیر وجوہات کے باعث جعفر ایکسپریس اور چمن پسینجر کو گزشتہ روز معطل کیا گیا تھا تاہم حالات بہتر ہونے پر دونوں ٹرینوں کی آمد و رفت بحال کر دی گئی ہے۔

چیئرپرسن وزیر اعلی انسپکشن کا ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ کا دورہ

تمام سرکاری ریکارڈ بروقت مکمل، اپ ڈیٹ رکھا جائے، بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلی پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے صوبہ بھر میں جاری حکومتی انسپکشن و مانیٹرنگ مہم کے تحت ڈسٹرکٹ کونسل سیالکوٹ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران چیف آفیسر کو ہدایت کی گئی کہ تمام سرکاری ریکارڈ بروقت مکمل اور اپ ڈیٹ رکھا جائے جبکہ عوامی پارکس کی دیکھ بھال، صفائی اور مستقل مینٹیننس کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے واضح کیا کہ عوامی سہولیات میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ منظور شدہ اور غیر منظور شدہ ہاؤسنگ کالونیوں اور اسکیموں کی صورتحال، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی، اور متعلقہ ریکارڈ کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ریگولیشنز ونگ کی کارکردگی، بالخصوص دیہی علاقوں میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات، کا جائزہ لیا گیا۔

سندھ میں جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس استعمال کرنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کارروائی شروع

شرجیل میمن کی جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس استعمال کرنے والی تمام گاڑیوں کے روٹ پرمٹس منسوخ کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے محکمہ ٹرانسپورٹ نے جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی جانب سے پی ٹی اے سیکریٹری کو جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس استعمال کرنے والی تمام گاڑیوں کے روٹ پرمٹس منسوخ کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ شرجیل انعام میمن نے جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس استعمال کرنے والی گاڑیوں کا ریکارڈ بھی محکمہ کی لائیو پورٹل پر اپڈیٹ کرنے اور مقدمات درج کروانے کا حکم دے دیا۔ انہوں نے پی ٹی اے سیکریٹری کو تین دن کے اندر کارروائی کی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم بھی دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض ٹرانسپورٹرز اپنی گاڑیوں کے فزیکل معائنے سے بچنے کے لیے ایجنٹس کے ذریعے جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس حاصل کر رہے تھے، جعلی فٹنس سرٹیفکیٹس نہ صرف قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ عوامی تحفظ کے لیے بھی بڑا خطرہ ہے۔

کراچی میں یخ بستہ ہواؤں سے موسم سرد، بارش کا امکان نہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شمال مغربی (بلوچستان) سے چلنے والی یخ بستہ ہواں سے موسم مزید سرد ہو گیا، ہواں کی زیادہ سے زیادہ رفتار 15 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ ہو رہی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوائیں کراچی کے شمال میں مغربی سلسلے کے اثرات کے سبب چل رہی ہیں۔ کراچی کا درجہ گزشتہ روز سے 3 روز کے دوران معمولی بڑھ سکتا ہے تاہم اتوار سے دوبارہ موسم قدرے خنک اور سرد ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق 20 تا 21 دسمبر کے درمیان کراچی میں بادل چھا سکتے ہیں

لیتھیئم آئن بیٹریز کی مقامی مینوفیکچرنگ کے فروغ کے لیے جامع پالیسی تیار کی جا رہی ہے، ہارون اختر

پاکستان میں لیتھیئم آئن سیلز اور اس کے اجزا درآمد کر کے مقامی سطح پر اسیمبل کیے جاتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت کے مطابق لیتھیئم آئن بیٹریز کی مقامی مینوفیکچرنگ کے فروغ کے لیے جامع پالیسی تیار کی جا رہی ہے، پاکستان میں لیتھیئم آئن سیلز اور اس کے اجزا درآمد کر کے مقامی سطح پر اسیمبل کیے جاتے ہیں، نئی پالیسی کے ذریعے مکمل مقامی مینوفیکچرنگ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت لیتھیئم آئن بیٹری پالیسی سے متعلق بدھ کو اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر مملکت برائے فنانس و ریلوے بلال اظہر کیانی نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پاکستان میں لیتھیئم آئن بیٹریز کی مقامی پیداوار، مینوفیکچرنگ اور پالیسی فریم ورک پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

جعلی نمبر پلیٹس والے مجرم ہیں، جیل بھیجنا چاہیے، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پولیس کراچی پیر محمد شاہ نے کہا ہے کہ جب سے ای چالان شروع ہوئے عوام نے گاڑیوں کی جعلی نمبر پلیٹس لگائی ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک پولیس کراچی پیر محمد شاہ نے کہا کہ جعلی نمبر پلیٹس اور جن پلیٹس کا نمبر چھپا ہوا ہے ان پر جرمانہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی نمبر پلیٹس والے مجرم ہیں انہیں جیل بھیجنا چاہیے۔

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کو پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس کے انچارج ڈاکٹر افتخار احمد بین الاقوامی کانفرنس میں سونیئر پیش کر رہے ہیں۔

مالدووا سے ڈی پورٹ ہونے والا مسافر کراچی ایئرپورٹ پر گرفتار

ملزم محمد احمد کا تعلق گجرات سے ہے جو غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کر رہا تھا، حکام

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر کارروائی کے دوران جعلی دستاویزات پر ڈی پورٹ ہونے والے مسافر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت محمد احمد کے نام سے ہوئی ہے، جو غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ملزم کا تعلق گجرات سے ہے اور اسے مالدووا سے جعلی سفری دستاویزات کی بنیاد پر ڈی پورٹ کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزم نے یورپ جانے کے لیے عدنان شریف نامی ایجنٹ سے رابطہ کیا تھا، جس نے 30 لاکھ روپے کے عوض غیر قانونی طریقے سے یورپ بھجوانے کا وعدہ کیا۔ ملزم سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے وزٹ ویزے پر بحرین گیا، جہاں سے ایجنٹ نے اسے آذربائیجان بھجوایا اور بعد ازاں مالدووا کا ای ویزا فراہم کیا۔

نمبر پلیٹ استعمال نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، جاوید عالم اوڈھو

کراچی (این این آئی) کراچی میں ای چالان سے بچنے کیلیے جعلی نمبر پلیٹ یا اصل کے بغیر گاڑی اور موٹر سائیکل چلانے والے شہری خبردار ہو جائیں۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے سی پی ایل سی چیف اور ایکسائز افسران کے ہمراہ نیوز کانفرنس میں کہا کہ نمبر پلیٹ استعمال نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، شہریوں نے ای چالان سے بچنے کیلیے جعلی نمبر پلیٹ کا استعمال شروع کیا ہے اور غائب بھی کی ہیں۔

لاہور: انٹرنیشنل ڈے فار مائیگرنٹس کے موقع پر پنجاب یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو۔

حکمران بحرانوں پر قابو پانے کیلئے اسوہ صدیق اکبرؓ کو مشعل راہ بنائیں، سنی علماء کونسل

کوئی شک نہیں صحابہؓ کی طرز زندگی پر عمل پیرا ہو کر ہی دونوں جہانوں کی کامیابی ملتی ہے، حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکمران بحرانوں پر قابو پانے کیلئے اسوہ صدیق اکبرؓ کو مشعل راہ بنائیں، صدیق اکبرؓ انبیا کے بعد امت میں سب سے افضل اور اسلام کے عظیم محسن اور ابدی سعادتوں کے امین ہیں، کوئی شک نہیں صحابہؓ کی طرز زندگی پر عمل پیرا ہو کر ہی دونوں جہانوں کی کامیابی ملتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیدنا صدیق اکبرؓ نے کفر کی دو بڑی طاقتوں روم اور فارس کو شکست فاش دے کر اسلامی فتوحات کا آغاز فرمایا اور ہر طرف امن و سکون اور خلافت راشدہ کے مقدس نظام کے ثمرات و برکات نظر آنے لگے آپ نے جنگ یمامہ میں کثیر تعداد میں حفاظ قرآن کی شہادت کے بعد سیدنا حضرت فاروق اعظم کے مشورے سے قرآن کی جمع و تدوین کا عظیم کارنامہ سرانجام دیا آپ کا دور خلافت مسلمان حکمرانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ سیدنا صدیق اکبرؓ نے ساری زندگی فروغ اسلام کی جدو جہد میں گزاری۔ اشاعت اسلام کے لیے ان کی بے مثال جدوجہد اور لازوال قربانیاں فقید المثال ہیں۔

مالدووا سے ڈی پورٹ ہونے والا مسافر کراچی ایئرپورٹ پر گرفتار

ملزم محمد احمد کا تعلق گجرات سے ہے جو غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کر رہا تھا، حکام

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر کارروائی کے دوران جعلی دستاویزات پر ڈی پورٹ ہونے والے مسافر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت محمد احمد کے نام سے ہوئی ہے، جو غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ملزم کا تعلق گجرات سے ہے اور اسے مالدووا سے جعلی سفری دستاویزات کی بنیاد پر ڈی پورٹ کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزم نے یورپ جانے کے لیے عدنان شریف نامی ایجنٹ سے رابطہ کیا تھا، جس نے 30 لاکھ روپے کے عوض غیر قانونی طریقے سے یورپ بھجوانے کا وعدہ کیا۔ ملزم سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے وزٹ ویزے پر بحرین گیا، جہاں سے ایجنٹ نے اسے آذربائیجان بھجوایا اور بعد ازاں مالدووا کا ای ویزا فراہم کیا۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مالدووا امیگریشن اتھارٹی نے جعلی دستاویزات پر ملزم کو ڈی پورٹ کر دیا۔

وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو لمز کے سی ای او کی جانب سے صوبے میں ارضیات کی سیٹلمنٹ اور ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

کراچی میں ایک اور چوری شدہ موٹر سائیکل کا ای چالان مالک کے گھر پہنچ گیا

متاثرہ شہری کی موٹر سائیکل کیم اپریل 2023 کو فیڈرل بی ایریا بلاک 14 سے چوری ہوئی تھی جس کی باقاعدہ درخواست سال 2023 میں ہی متعلقہ پولیس اسٹیشن میں جمع کرا دی گئی تھی

کراچی (بیورو رپورٹ) شہرِ قائد میں پولیس کی کارکردگی پر ایک بار پھر سوالات اٹھنے لگے ہیں، ڈھائی سال قبل چوری ہونے والی موٹر سائیکل تاحال برآمد نہ ہو سکی، تاہم اسی موٹر سائیکل پر ٹریفک قانون کی خلاف ورزی کا ای چالان مالک کے گھر پہنچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ شہری کی موٹر سائیکل کیم اپریل 2023 کو فیڈرل بی ایریا بلاک 14 سے چوری ہوئی تھی جس کی باقاعدہ درخواست سال 2023 میں ہی متعلقہ پولیس اسٹیشن میں جمع کرا دی گئی تھی۔

مختلف شہروں میں دھند کے ڈیرے، ٹریفک حادثات میں 3 افراد جاں بحق، 20 زخمی

شہری غیر ضروری سفر سے گریز اور فوگ لائٹس کا استعمال یقینی بنائیں، ٹریفک پولیس کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں دھند کے باعث ٹریفک حادثات میں 3 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بس الٹنے سے تین افراد جاں بحق اور 15 زخمی ہو گئے، زخمیوں کو رحیم یار خان کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، متعدد کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، ظاہر پیر انٹر چینج کے قریب بھی بس الٹ گئی جس کے باعث 5 مسافر زخمی ہو گئے۔ واضح رہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں دھند کے ڈیرے برقرار ہے۔

این ڈی ایم اے نے فلسطین کے لیے مزید امدادی سامان بھیج دیا

100 ٹن سامان پر مشتمل مجموعی طور پر 27 ویں امدادی کھیپ الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے بھیجی گئی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے فلسطین کے لیے مزید امدادی سامان بھیج دیا۔ 100 ٹن سامان پر مشتمل مجموعی طور پر 27 ویں امدادی کھیپ الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے بھیجی گئی۔ امدادی سامان بذریعہ خصوصی پرواز علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سے روانہ کیا گیا۔ روانہ کئے گئے امدادی سامان میں کمبل، ترپال، کپڑے اور خواتین کے لئے ضروری سامان کی کٹس شامل ہیں، اب تک 27 امدادی کھیپوں کے ذریعے بھیجی گئی امداد کا مجموعی وزن 2627 ٹن ہے۔ سامان روانگی تقریب کے مہمان خصوصی وزیر خزانہ پنجاب ایم پی اے میاں مجتبیٰ شجاع الرحمن اور وزیر ہاؤسنگ پنجاب ایم پی اے میاں بلال یاسین تھے۔

شہر قائد میں غفلت کی انتہا، کھلا نالہ ایک اور بزرگ کی جان لے گیا، ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے کورنگی نمبر 03، کبڈی گراؤنڈ کے قریب نالے میں گر کر ایک بزرگ شہری جاں بحق ہو گیا۔ افسوسناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب بزرگ شہری اپنی سائیکل پر کچھ سامان لاد کر سڑک کنارے پیدل چل رہا تھا کہ اچانک توازن بگڑنے پر نالے میں جا گرا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی ہے جس میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ بزرگ شہری سڑک پر چلتے ہوئے اچانک نالے میں گر جاتا ہے۔

گیس بحران کی آڑ میں قومی خزانے کو بھاری نقصان، حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، جاوید قصوری

لائن لاسز، اوور بلنگ، ناقص انتظامی ڈھانچہ اور کرپشن نے بجلی کا شعبہ تباہی کے دھانے پر پہنچا دیا ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ گیس بحران کی آڑ میں ملکی خزانے کو کم و بیش 10 کھرب روپے کا ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا گیا، جبکہ اربوں روپے مخصوص بااثر گروہوں اور جیبوں میں منتقل ہو گئے، یہ سب کچھ حکومتی نااہلی، ناقص منصوبہ بندی اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے جس کی قیمت آج عام آدمی مہنگائی، بے روزگاری اور بدحالی کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد جاوید قصوری نے کہا کہ گیس کے نام نہاد بحران کو جواز بنا کر درآمدات، معاہدوں اور سبسڈی پالیسیوں میں جو کھیل کھیلا گیا، اس نے قومی معیشت کی بنیادیں ہلا کر رکھ دی ہیں۔ حکمران طبقہ بروقت فیصلے کرنے میں ناکام رہا اور عوام کو گمراہ کرنے کے لیے بحران کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا۔

جب سے ای چالان شروع ہوئے عوام نے گاڑیوں کی جعلی نمبر پلیٹس لگائی ہیں، پیر محمد شاہ

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پولیس کراچی پیر محمد شاہ نے کہا ہے کہ جب سے ای چالان شروع ہوئے عوام نے گاڑیوں کی جعلی نمبر پلیٹس لگائی ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک پولیس کراچی پیر محمد شاہ نے کہا کہ جعلی نمبر پلیٹس اور جن پلیٹس کا نمبر چھپا ہوا ہے ان پر جرمانہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی نمبر پلیٹس والے مجرم ہیں انہیں جیل بھیجنا چاہیے۔

نارووال: شہری صبح کے وقت چھائی دھند اور اسموگ کے دوران اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں۔

سیف سٹی سسٹم نے 3 ماہ میں اسلحہ کی نمائش پر 7 الرٹس جاری کیے

کراچی (این این آئی) سندھ سیف سٹی اتھارٹی سسٹم نے اکتوبر سے دسمبر تک 3 ماہ کی رپورٹ جاری کی ہے، جس کے مطابق ایف آر (فیس ریکگنیشن)، اے این پی آر (آٹومیٹک نمبر پلیٹ سسٹم) اور ڈیلے آف وہیکل الرٹ پر متعدد کارروائیاں کی گئیں۔ چہرہ شناخت کرنے والے کیمرے کی مدد سے 3 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، آٹومیٹک نمبر پلیٹ سسٹم سے 26 گاڑیاں ضبط ایک مقدمہ درج ہوا اور اسلحہ کی نمائش پر 2 مقدمات درج کیے گئے۔

کراچی: چیئرمین ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز (آباد) محمد حسن بخشی اپنے دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاڑکانہ: سلنڈر کا خوفناک دھماکا، 3 گھر تباہ، خاتون جاں بحق

دھماکا مختار جتوئی کے گھر میں ہوا جس سے قریبی گھروں کو بھی شدید نقصان پہنچا، علاقہ مکین

لاڑکانہ (این این آئی) لاڑکانہ: سندھ کے شہر لاڑکانہ کے ایک گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون خانہ جاں بحق ہو گئیں، جبکہ تین گھروں کی چھتیں گرنے سے 7 افراد زخمی ہو گئے۔ لاڑکانہ کی لوہر کالونی میں گیس سلنڈر پھٹنے کا خوفناک واقعہ پیش آیا ہے، دھماکے کے نتیجے میں تین گھروں کی چھتیں گر گئیں، ملبے تلے دب کر خاتون جاں بحق اور بچوں سمیت سات افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق چار شدید زخمی بچے علاج کے لیے کراچی بھجوا دیے گئے۔ افسوسناک واقعہ لوہر کالونی میں پیش آیا، پچاس سالہ خاتون یاسمین موقع پر دم توڑ گئیں۔ سات افراد کو ملبے سے نکال اسپتال پہنچایا گیا، 12 سالہ علیشا، 10 سالہ زویا اور دیگر دو بچوں کو تشویشناک حالت میں لاڑکانہ کے ٹراما سینٹر سے کراچی منتقل کیا جا رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے دھماکا مختار جتوئی کے گھر میں ہوا جس سے قریبی گھروں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔

کراچی میں ڈکیتوں نے ایک اور گھر اجاڑ دیا، 18 سالہ نوجوان مزاحمت پر قتل

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈکیتوں نے ایک اور نوجوان کو مزاحمت پر قتل کر کے خاندان اجاڑ دیا، رواں برس جاں بحق افراد کی تعداد 86 ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق اورنگی ٹاؤن فقیر کالونی پریشان چوک کے قریب فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ مقتول کی لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں مقتول کی شناخت 18 سالہ نصیر احمد ولد پیر خان کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او مومن آباد معراج انور نے بتایا کہ واقعہ ڈکیتی مزاحمت کے دوران پیش آیا۔

کراچی: ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے 15 ویں کانووکیشن، سے وائس چانسلر پروفیسر نازلی حسین خطاب کر رہی ہیں۔

برطانوی حکومت نے افغانستان کیلئے ٹریول الرٹ جاری کر دیا

برطانوی شہریوں کو افغانستان میں گرفتاری اور طویل قید کا سامنا ہو سکتا ہے، دفتر خارجہ کا انتباہ

لندن (این این آئی) افغان طالبان کی سرپرستی میں دہشتگردی کے بعد برطانوی حکومت نے افغانستان کے لیے ٹریول الرٹ جاری کر دیا۔ برطانوی دفتر خارجہ نے افغانستان کی بدترین سیکیورٹی صورتحال پر برطانوی شہریوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ برطانوی شہریوں کو افغانستان میں گرفتاری اور طویل قید کا سامنا ہو سکتا ہے، افغانستان جانے والے برطانوی شہری ممکنہ خطرات کا لازمی جائزہ لیں۔

گندم اور شوگر سیکٹر میں قیمتوں کا تعین مارکیٹ بیسڈ بنانے کا فیصلہ

سرکاری دستاویز کے مطابق گندم اور چینی کے سیکٹرز میں مسابقت بڑھانے کے لیے قیمتوں کا تعین مارکیٹ بیسڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) وفاقی حکومت نے زرعی شعبے کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ زرعی اجناس کی منڈیوں میں حکومتی مداخلت ختم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے کا حکومتی پلان سامنے آ گیا، سرکاری دستاویز کے مطابق گندم اور چینی کے سیکٹرز میں مسابقت بڑھانے کے لیے قیمتوں کا تعین مارکیٹ بیسڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، گندم سیکٹر کے لیے وفاقی و صوبائی قیمت مقرر کرنے کا نظام مجوزہ اقدامات کا حصہ ہوگا۔

سیاہ وسفید ملبوسات خواتین میں بے حد مقبول

لباس شخصیت کی عکاسی کے ساتھ ساتھ شخصیت ساز بھی ہے۔

آپ جیسا لباس زیب تن کرینگی لوگوں پر اس کی شخصیت کا تاثر بھی ایسا پڑے گا۔ شیفون، کاٹن یا کوئی بھی کپڑا، خوبصورتی کڑھائی اور جدید انداز شخصیت کو نمایاں کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

میگزین رپورٹ

لباس شخصیت کا آئینہ ہے اور یہ بات تو سبھی جانتے ہیں کہ لڑکوں کی نسبت لڑکیاں اپنے لباس پر زیادہ توجہ دیتی ہیں۔ آج کل مارکیٹ میں سفید اور کالے رنگ کے ملبوسات کی طلب میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ فیشن میں کیا ان کیا آؤٹ ہے کا زیادہ تر انحصار نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی پسند پر ہوتا ہے۔ موقع کوئی بھی ہو خواتین خود کو سجانے سنوارنے کا اہتمام ضرور کرتی ہیں دلکش پیکر کو مزین کرنے میں بہت بڑا ہاتھ لباس کا بھی ہے۔ خواتین اور نوجوان لڑکیوں میں آج کل سفید اور کالے رنگ کے ملبوسات بہت مقبول و عام ہیں، لباس شخصیت کی عکاسی کے ساتھ ساتھ شخصیت ساز بھی ہے۔ آپ جیسا لباس زیب تن کرینگی لوگوں پر اس کی شخصیت کا تاثر بھی ایسا پڑے گا۔ شیفون، کاٹن یا کوئی بھی کپڑا، خوبصورتی کڑھائی اور جدید انداز شخصیت کو نمایاں کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آج کل پارٹیز اور شادی بیاہ کے فنکشنز میں خواتین جن ملبوسات کو زیادہ اہمیت دے رہی ہیں وہ کالے اور سفید رنگ کا خوبصورت سنگم ہے جسے پہن کر شخصیت پوری طرح نکھر کر سامنے آتی ہے، کالے رنگ پر سفید کڑھائی شخصیت میں چار چاند لگا دیتی ہے خواتین شلوار قمیض کو بہت اہمیت دیتی ہیں کیونکہ شلوار قمیض قومی لباس بھی ہے، خوشی کی تقریب ہو یا روزمرہ کے معمولات ہوں شلوار قمیض ہی وہ لباس ہے جو ہر موقع پر زیب تن کیا جاتا ہے اور اسے ہر دور میں فیشن کا حصہ قرار دیا جاتا رہا ہے۔ شلوار قمیض کا فیشن کسی بھی دور میں متروک نہیں ہوا حتیٰ کہ وہ طبقہ جو سوچ کے معاملے میں مغرب کی تقلید کو درست سمجھتا ہے وہ بھی شلوار قمیض سے مکمل اجتناب برتنے میں ناکام رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے معاشرے میں لباس اور فیشن کے معاملے میں طبقاتی فرق واضح طور پر محسوس کیا جاسکتا ہے۔ اپر کلاس کے ملبوسات کے رنگ ڈھنگ ایک ہیں تو مڈل کلاس اور لوئر مڈل کلاس کے ڈھنگ ان سے بالکل جدا۔ زمانہ خواہ کتنا ہی ترقی یافتہ کیوں نہ کر جائے لیکن ہم روایات اور اقدار سے روگردانی نہیں کر سکتے۔ اس سلسلے میں ایک دکاندار منہاس نے کہا کہ فیشن اور لباس کو فروغ ہمیشہ نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی پسند اور ناپسند کی بدولت حاصل ہوتا ہے اور لڑکیاں جس فیشن کو رد کر دیں وہ فیشن مارکیٹ میں خاطر خواہ مقبولیت حاصل کرنے میں ناکام رہتا ہے یہی وجہ ہے کہ آج کل کالے اور سفید رنگ کے ملبوسات خواتین اور نوجوان لڑکیوں میں بے حد مقبولیت حاصل کر رہے ہیں۔

نتھلی۔۔۔خوب صورت زیور

عام طور پر خواتین سونے اور چاندی کی نتھلی ہی پہنتی ہیں کیونکہ مصنوعی زیور چہرے کی جلد کو زیادہ متاثر کرتا ہے

خواتین کانوں کی طرح ناک کی زیبائش کو بھی بہت اہمیت دیتی ہیں، تاہم یہ رجحان اب بہت کم خواتین میں ہے لیکن پھر بھی ختم نہیں ہوا۔ ایک زمانہ تھا کہ لڑکیاں ناک ضرور چھدواتی تھیں لیکن اب بہت کم خواتین ہی ناک چھدواتی ہیں۔ ایک سروے کے مطابق طالبات میں ناک چھدوانے کا رجحان بہت ہی کم ہوتا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ فیشن کے باوجود چہرے کی سادگی کو زیادہ اہمیت دی جارہی ہے۔ نتھلی ہے ہی ایک ایسا زیور جو چہرے پر پہنایا جاتا ہے۔ دوسری طرف فیشن کے مارے وہ لڑکے لڑکیاں ہیں جو نہ صرف ناک بلکہ بھنوؤں، ہونٹوں، تھوڑی، اور ماتھے کو بھی چھدوا لیتے ہیں۔ عام طور پر خواتین سونے اور چاندی کی نتھلی ہی پہنتی ہیں کیونکہ مصنوعی زیور چہرے کی جلد کو زیادہ متاثر کرتا ہے۔ دلہن کو تو ہر حال میں ناک کی زیبائش کرنا پڑتی ہے کیونکہ نتھلی کے بغیر روایتی دلہن کی جھلک نظر آتی، جن خواتین کی ناک چھدی ہوئی نہیں ہوتی وہ کلپ والی نتھلی پہن سکتی ہیں۔ یہ بھی سچ ہے کہ کچھ چہروں پر نتھلی بہت اچھی لگتی ہے۔ خاص طور پر تیکھی ناک والی خواتین پر یہ زیور خوب سجتا ہے۔

پالک کا مزیدار پلاؤ

اشیاء:

چاول پرانے باسمتی	ڈیڑھ کپ
پالک	ایک گٹھی
مکھن یا گھی	تین اونس
پیاز چھوٹی	ایک عدد
پلاؤ کیوبز	دو عدد
نمک	ایک چائے کا چمچ

ترکیب:

چاولوں کو کافی سارے پانی میں ابال کر ایک کنی رہ جائے تو نچوڑ لیں۔ پالک کو صاف کر کے یعنی ڈنڈیاں الگ کر کے پتے اچھی طرح دھو کر موٹا موٹا کاٹ لیں گھی یا مکھن گرم کر کے پیاز چھیل اور کاٹ کر تلیں گولڈن ہو جائے پھر اسے قدرے بھون کر چاول ملا دیں۔ دونوں پلاؤ کیوبز کو کھانے کے چمچ گرم پانی میں کھول کر چاولوں کے ساتھ ملا دیں۔ ساتھ ہی نمک ملا دیں چند منٹ پر رکھیں اور پھر ڈش میں نکال کر پیش کریں۔

سندھی پلاؤ

اشیاء:

چاول	ایک کلو
پیاز	ایک کلو
مٹر	ایک کلو
گوشت	ایک کلو
گاجر	آدھا کلو
ٹماٹر	ایک کلو
دارچینی	ایک ٹکڑا
لونگ	چھ عدد
لال مرچ	نمک حسب ذائقہ
گھی	ڈیڑھ پاؤ
سیاہ زیرہ	ایک چائے کا چمچ
ہری مرچ	دس عدد
بڑی الائچی	دو عدد

ترکیب: سب سے پہلے پیاز، گاجر کو کاٹ لیں اور ٹماٹر کے چار چار ٹکڑے کاٹ لیں، پھر کڑکڑاتے ہوئے گھی میں پیاز کو بادامی رنگ تک تل لیں۔ پھر گوشت میں نمک، مرچ ڈال کر ہلکا سا بھون لیں۔ پھر اس میں مصالحہ ڈال دیں۔ اور اتنا پانی ڈالیں جس میں گوشت اچھی طرح گل جائے۔ جب پانی خشک ہو جائے اور گوشت گل جائے تو گاجر، ٹماٹر، مٹر اور ہری مرچ ڈال دیں اور چمچ ہلاتی رہیں۔ اس کے بعد بھگوئے ہوئے چاول ڈال دیں۔ اور انکو چند منٹ تک بھونتے رہیں۔ کوشش کریں کہ چاول ٹوٹیں نہ۔ پھر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ جس میں چاول گل جائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو دس، پندرہ منٹ تک دم پر رکھ دیں۔ دم کے بعد گرم گرم نوش فرمائیں:۔ یہ پلاؤ آٹھ افراد کے لئے کافی ہے۔

انڈوں کی بریانی

اشیاء

چاول	ایک کلو
پودینہ	ایک گٹھی
ٹماٹر	آدھ پاؤ
گرم مصالحہ	حسب ضرورت
مرچ	حسب منشاء
گھی	حسب ضرورت
انڈے	چھ عدد
پیاز	آدھ کلو
ہری مرچ	چار عدد
نمک	حسب ذائقہ
لیموں	ایک عدد

ترکیب: چاول ابال کر چھلنی میں نکال لیں۔ اب دیگچی میں گھی کڑکڑا کر ایک گٹھی پیاز سرخ کر لیں۔ اس پر چاول ڈال کر ذرا پانی ڈال کر دم لگا دیں۔ البتہ پسا ہوا گرم مصالحہ ضرور چھڑکیں۔ لیموں کا رس نچوڑ لیں۔ اب انڈے توڑ کر اس میں نمک، مرچ، پیاز، ٹماٹر" ہری مرچیں باریک کتر کر ملا لیں اور خوب پھینٹ لیں۔ اب فرائی پین میں گھی گرم کر کے دو الگ الگ آملیٹ تل کر رول کر لیں اور چھری سے انگلی کے برابر کاٹ لیں اور پلیٹ میں نکال لیں۔ اب دم شدہ چاولوں میں یہ ٹکڑے ملا کر اوپر پودینہ کی صاف شدہ اور دھلی ہوئی پتیاں بکھیر کر ڈش میں نکال لیں۔ بے حد لذیذ بریانی ہوگی۔

کابلی چنوں کی بریانی

اشیاء

کابلی چنے	ڈیڑھ پاؤ
چاول	ایک کلو
پیاز	ایک پاؤ
گوشت	آدھا کلو
کالا زیرہ	دو ماشے
کالی مرچ	دو ماشے
گھی	تین چھٹانک
لونگ	دو ماشے
سرخ سبز پیلا رنگ	حسب پسند
نمک	حسب ذائقہ

ترکیب: کابلی چنے ایک رات پہلے بھگو کر رکھ دیں۔ صبح ایک چٹکی سوڈا، ایک سیر پانی میں اور نمک ڈال کر پکنے کے لئے چڑھا دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ چنے گل جائیں تو اتار لیں۔ نصف پیاز لچھے دار باریک کاٹ لیں کپڑے کا ایک ٹکڑا لے کر اس میں پیاز کے ٹکڑے لہسن، نصف گرم مصالحہ، ثابت اور دو سبز مرچیں باندھ کر گوشت میں ڈال دیں۔ اب اس گوشت کو اس وقت تک ہلکی آنچ پر پکنے دیں جب تک کہ یہ خوب گل نہ جائے۔ جب یخنی تیار ہو جائے تو یخنی علیحدہ کر لیں گوشت علیحدہ رکھ لیں اور مصالحے کی پوٹلی پھینک دیں اب دوسری دیگچی لے کر اس میں باقی گھی ڈالیں۔ اس میں بنی ہوئی پیاز گوشت اور دہی ڈال دیں اور ان سب کو بھونیں۔ جب دہی کا پانی خشک ہو جائے تو گرم مصالحہ ڈال کر بھونیں۔ اب چاول جو کم از کم ایک گھنٹہ پہلے سے تیار شدہ ہیں، میں یخنی ڈال دیں جو کہ تین پیالی کے قریب ہوگی۔ جب چاول گھٹنے کے لائق ہو جائیں تو تین پیالیوں میں تین رنگ ملا کر چاول پر چمچ سے تین طرف سے تینوں رنگ چھڑک دیں۔ پانچ منٹ دم دیں اور اتار لیں بریانی تیار ہے۔

فیشل کا طریقہ درست نہ ہو تو

چہرہ خوبصورت ہونے کی بجائے بدصورت بھی ہوسکتا ہے

نعیم ڈار

میک اپ کرنے سے پہلے جلد کی صفائی ضروری ہے اور وہ صفائی آپ کو فیشل سے حاصل ہو سکتی ہے۔ چہرے کیلئے فیشل ضروری ہے اس لئے کہ فیشل چہرے کی خوبصورتی اور اس کی زندگی بڑھاتا ہے بلکہ اگر چہرہ فیشل کے بغیر چالیس سال تک خوبصورت رہ سکتا ہے تو فیشل سے چہرے کی خوبصورتی مزید دس پندرہ سال تک بڑھ جائیگی اور اگر مسلسل دیکھ بھال کی

جائے تو بڑھاپے تک چہرے کو خوبصورت اور جھریوں سے پاک رکھا جاسکتا ہے۔ ہم آپ کو یہ بتاتے چلیں کہ فیشل جتنا آسان سمجھا جاتا ہے اس سے کہیں زیادہ مشکل ہے کیونکہ فیشل کا تعلق عمر سے بھی ہے اور فیشل کرانے کی عمر کم از کم 30 سال ہونی چاہیے۔ پھر فیشل کیلئے چہرے کی جلد کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ مثلاً جلد کیسی ہے؟ اس کے علاوہ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ فیشل کرانے والے کے چہرے پر دانے یا کیل مہاسے تو نہیں؟ یا چہرے پر بلیک ہیڈز تو نہیں؟ جلد موٹی ہے یا باریک اور یہ کہ چہرے پر جھریاں تو نہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب جاننا اس لئے ضروری ہے کہ چہرے کی کیفیت کے حساب سے فیشل کیا جائے کیونکہ ہر چہرے کیلئے ایک ہی طرح کا فیشل نہیں ہوتا اور مختلف چہروں کیلئے مختلف کلینزنگ ملک، سکن ٹانک، سوتھنگ لوشن اور فیس ماسک ہوتے ہیں۔ اس کے بعد فیشل کرانے والے کا ٹمپریچر اور بلڈ پریشر چیک کیا جاتا ہے۔ اگر ٹمپریچر اور بلڈ پریشر دونوں نارمل ہوں تبھی فیشل کی شروعات کرتے ہیں ورنہ فیشل میں مساج کرنے اور سٹیم دینے سے بلڈ پریشر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ جو نقصان دہ ہے۔ جلد کی نوعیت اور ٹمپریچر و بلڈ پریشر چیک کرنے کے بعد جب

اطمینان ہو جائے تو اس چہرے پر فیشل ہوسکتا ہے تو سب سے پہلے کلینزنگ ملک سے چہرے کو صاف کر لیں اور اس کے بعد چہرے کو ٹشو پیپر سے صاف کر کے اس پر سکن ٹانک لگائیں۔ پھر چہرے پر مناسب موئسچرائزر سے مساج کریں۔ تقریباً آدھا گھنٹہ مساج کرنے کے بعد چہرے کو ٹشو سے صاف کریں تب سٹیمر سے چہرے کو بھاپ دیں اگر سٹیمر نہ ہو تو ایک کھلے منہ کی دیگچی میں پانی ابال لیں پھر بھاپ کے اوپر منہ رکھ کر اور ایک بڑے تولیے سے چاروں طرف سے ڈھانپ لیں تاکہ بھاپ باہر نکلنے نہ پائے۔ تقریباً دس سے پندرہ منٹ بھاپ لیں اس کے بعد تولیے سے منہ رگڑ رگڑ کر صاف کریں۔ بھاپ لینے کے فوراً بعد کھلی ہوا میں نہ جائیں۔ اس طرح فائدے کی جگہ نقصان ہوسکتا ہے۔ چہرے کی حفاظت اور خوبصورتی کو برقرار رکھنے کیلئے کئی جتن کئے جاتے ہیں۔ خواتین اس معاملے میں بہت حساس ہوتی ہیں۔ چہرے کا معاملہ ہی کچھ ایسا ہے کہ اس کی حفاظت و صفائی ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں بازار میں

کریمیں، لوشن اور مختلف آرائشی اشیاء دستیاب ہیں جو افزائش حسن میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ فیشل آج کل کی خواتین کی ضرورت بن گیا ہے۔ فیشل کا ایک اہم حصہ ماسک لگانا ہے اس کا استعمال جلد کو تر و تازہ رکھتا ہے۔ چہرہ میں چمک، ملائمت اور رنگت پیدا کرنے کیلئے ہفتے پندرہ دن بعد ماسک لگانا مفید ہے۔ اردو زبان میں ہم اسے چہرے کا لیپ بھی کہہ سکتے ہیں۔

ماسک کے چند نسخے درج ذیل ہیں۔ ان نسخوں کو آزمائیں، یقیناً آپ اپنے چہرے میں پہلے سے زیادہ دلکشی محسوس کریں گے۔ باداموں کا سفوف ایک چھوٹا پیالہ لے کر اس میں آکسائیڈ آف ہائیڈروجن اس مقدار میں ملائیں کہ وہ محلول کی مانند گاڑھی ہو جائے۔ اسے تیار کرنے کے بعد باریک کپڑا لیں جو چہرے کے برابر ہو۔ اس میں ناک اور آنکھوں کی جگہ سوراخ کر لیں لیکن یہ سوراخ زیادہ بڑے نہیں ہونے چاہئیں۔ اس کپڑے پر محلول کو اچھی طرح پھیلا لیں اب آرام سے لیٹ کر اس کپڑے کو چہرے پر چپکا لیں۔ اپنے قریب کسی برتن میں گرم پانی کا انتظام پہلے سے کر کے رکھیں جس میں فلالین یا اسفنج کا ٹکڑا ہونا چاہیے۔ اسے پانی میں بھگو کر نچوڑ لیں اور چہرے پر رکھ لیں۔ باری باری تمام چہرے پر اس سے سینکائی کریں۔ جب ٹھنڈا ہونے لگے تو پھر اسے پانی میں ڈبو لیں۔ یہ عمل چالیس منٹ تک جاری رکھیں۔ اس کے بعد نیم گرم پانی سے لیپ اتار کر چہرہ دھو لیں۔ چہرہ تولیے سے خوب خشک کریں اور ہلکی سی کریم لگا کر اس کا مساج کر کے ٹھنڈا پانی چہرے پر ڈال لیں۔ اب آئینے میں اپنی شکل دیکھیں۔ آپ واضح فرق محسوس کریں گے۔ خشک جلد کیلئے روغن بادام کا ماسک بہترین ہے۔ پرانے قالین کا چہرے کے برابر ایک ٹکڑا لیں اور اسے ناک اور آنکھوں سے کاٹ کر سوراخ بنا لیں۔ بادام روغن گرم کریں اور اسے کپڑے پر اچھی طرح لگا کر چہرے کو پہلے ماسک کی مانند ڈھانپ لیں لیکن تیل اس قدر گرم ہو جس سے آپ کی جلد کو کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہ ہو۔ اس ماسک کو آدھا گھنٹہ چہرے کی جلد پر پیوست رہنے دیں۔ یہ ماسک رات کو لگایا جائے تو بہتر ہے اس کو اتار کر کسی ملائم کپڑے سے تیل صاف کر لیں۔ چہرے کو صبح نیم گرم پانی سے دھو کر صابن سے صاف کریں۔ اگر آپ اپنی جلد کی رنگت کو نکھارنا چاہتی ہیں تو آلو کا ماسک لگائیں۔ کچا آلو چھیل کر اسے دو حصوں میں تقسیم کر لیں اور ایک ٹکڑا لے کر اچھی طرح کچل کر یا پیس کر کپڑے پر پھیلا کر چہرے پر لگائیں۔ اسے بھی رات کو ہی استعمال کریں۔ تمام رات میں اس کا عرق جلد میں جذب ہو جائیگا۔ صبح روئی کے پھاہے کو پانی میں ڈبو کر اس کی مدد سے چہرہ صاف کر لیں۔ اس کے بعد منہ دھو لیں۔ شلجم اور گاجریں پانی میں ابال کر انہیں کچل لیجئے اور اس آمیزے کو تمام چہرے پر لگا کر آدھ گھنٹہ تک جذب ہونے دیں۔ وقت پورا ہونے پر دودھ میں بھیگی ہوئی روئی سے چہرے کو صاف کر ڈالئے۔ یہ آپ کے چہرے کو میل سے صاف کر کے رنگ کو نکھار دے گا

اگر آپ کی جلد بدرنگ ہوگئی ہے تو لیموں اور زیتون کا روغن مفید ہے۔ ایک لیموں کے عرق میں زیتون کا روغن ایک چمچ ملائیں اور چہرے کو بھاپ دے کر ایک روئی کی گدی بنا کر گرم پانی میں نچوڑ لیں اور اس لیپ کو چہرے پر لگائیں۔ چہرے اور گردن کو آہستہ آہستہ تھپکی دیں۔ تقریباً بیس منٹ تک لگا رہنے دیں اور پھر خشک روئی سے پونچھ لیں۔ اب ململ میں برف کی ڈلی رکھ کر جلد کی آہستہ آہستہ مالش کریں۔ اگر برف دستیاب نہ ہو تو کوئی جلد کسنے والا لوشن استعمال کر سکتی ہیں۔

سقوطِ ڈھاکہ اور سانحہ اے پی ایس

ڈھاکہ میں نوجوان سیاسی رہنما کارکن عثمان ہادی پر عوامی لیگ کے شدت پسند کارکن نے فائرنگ کی جس میں وہ شدید زخمی ہوئے۔ اُنہیں بھارت کے فون نمبروں سے دھمکیاں دی جا رہی تھیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قاتلانہ حملے کے بعد ڈھاکہ نے بھارتی سفیر کو طلب کر کے بھارت سے عثمان ہادی پر قاتلانہ حملے میں ملوث ملزمان کی حوالگی کا مطالبہ کیا۔ بنگلہ دیشی حکام کا کہنا تھا کہ شیخ حسینہ واجد انتخابات کو متاثر کرنے کے لئے دہشت گردانہ کارروائیاں کرا رہی ہیں اور بھارت اِس کام میں ان کا ساتھ دے رہا ہے۔ واضح رہے کہ اقتدار سے مستعفی ہونے کے بعد بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ بھارت فرار ہوگئی تھیں، اُنہیں انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں سزائے موت سنائی جا چکی ہے۔ شیخ حسینہ واجد شیخ مجیب الرحمان کی بیٹی ہیں اور آج کل بھارت میں پناہ گزین ہیں۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش میں 1971ء میں پاکستان کے خلاف لڑنے والے مکتی باہنی کے جنگجوؤں کے بچوں کو سرکاری نوکریوں میں 30 فیصد کوٹہ سسٹم کے نفاذ کے خلاف ابتدائی طور پر طلبہ نے رواں برس میں پُرامن احتجاج شروع کیا تھا لیکن دیکھتے ہی دیکھتے حالات کشیدہ ہو گئے۔ طلبہ کی تحریک کو سیکیورٹی فورسز کے پُرتشدد کریک ڈاؤن کا سامنا کرنا پڑا، شیخ حسینہ کی حکومت نے طاقت کا اندھا استعمال کیا، سیدھی گولیاں چلائی گئیں، اقوامِ متحدہ کی رپورٹ کے مطابق اِس دوران سینکڑوں افراد ہلاک ہوئے جس کے بعد یہ تحریک ملک گیر بغاوت کی شکل اختیار کرگئی، اگست کے شروع میں حالات حد سے زیادہ بگڑ گئے تو شیخ حسینہ واجد مستعفی ہوکر پڑوسی ملک بھارت جانے پر مجبور ہوگئیں۔ اب ان کی طرف سے سیاسی رہنماؤں کو نشانہ بنانے کی خبر عین سقوطِ ڈھاکہ کے دن منظرِ عام پر آئی ہے، 53 سال قبل 16 دسمبر 1971ء کو پاکستان دولخت ہوگیا تھا۔

عوامی بغاوت کے ذریعے بنگلہ دیش پر حسینہ واجد کے کم و بیش پندرہ سالہ دورِ حکومت کا خاتمہ ہوا تو نوبل انعام یافتہ ماہرِ اقتصادیات محمد یونس کی سربراہی میں 8 اگست کو بنگلہ دیش کی عبوری حکومت قائم کی گئی، چیف ایڈوائزر نے عام انتخابات کا اعلان کر رکھا ہے جو انتخابی حکام کے مطابق 12 فروری کو ہونے جا رہے ہیں، شیخ حسینہ واجد کی عوامی لیگ نے اِن انتخابات کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ گزشتہ عام انتخابات پچھلے سال جنوری میں ہوئے تھے جن میں شیخ حسینہ نے مسلسل چوتھی مدت کے لئے کامیابی حاصل کرنے کا دعویٰ کیا تھا تاہم اِسی سال اگست میں اُن کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔ بنگلہ دیشی عوام اپنے ملک کو بھارت کی محکوم ریاست کے طور پر نہیں دیکھنا چاہتے جبکہ حسینہ واجد اِسے کٹھ پتلی ریاست بنائے ہوئے تھیں۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ چونکہ عوامی لیگ اِن انتخابات میں حصہ نہیں لے رہی اِس لیے وہ اِن انتخابات کو متنازعہ بنانا چاہتی ہے۔ شیخ حسینہ واجد کا ڈیڑھ دہائی پر مشتمل اقتدار بھارتی پٹھو کے طور پر جانا جاتا ہے، عوام اُن کی آمریت نما حکومت سے نالاں تھے، اُن کے اقتدار کے خاتمے کے بعد شیخ مجیب الرحمان کے مجسمے توڑ دیے گئے، اُن کی ذاتی رہائشگاہ کو آگ لگا دی گئی۔ شیخ مجیب الرحمان سے بنگلہ دیش کے بانی ہونے کا دعویٰ بھی چھین لیا گیا۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی تاریخ کا ایک تاریک باب ہے، جو آج بھی زخم کی طرح چبھتا ہے۔ دسمبر کی 16 تاریخ ہی کو 2014ء میں سانحہ آرمی پبلک سکول (اے پی ایس) بھی پیش آیا، سکول میں موجود معصوم بچے اور اساتذہ دہشت گردی کا نشانہ بن گئے، دونوں سانحات اپنی نوعیت میں مختلف ہونے کے باوجود قومی صدمے، اجتماعی دکھ اور مستقبل پر پڑنے والے اثرات کے اعتبار سے ایک دوسرے سے جُڑے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔

پاکستان کی تقسیم اُس وقت کی حکومت اور سیاسی قیادت کی عاقبت نااندیشی، اقتدار سے جڑے رہنے کی ہوس اور قومی مفاد پر ذاتی و جماعتی مفادات کو ترجیح دینے کا نتیجہ تھا۔ 1970ء کے عام انتخابات کے بعد اکثریتی جماعت کو اقتدار منتقل نہ کرسکنا، قومی اسمبلی کا اجلاس مسلسل مؤخر کرنا اور آئینی عمل کو سبوتاژ کرنا ایسے عوامل تھے جنہوں نے ملک کو گہرے بحران میں دھکیل دیا۔ سیاسی مفاہمت کے بجائے ٹکراؤ کی پالیسی اپنائی گئی، جس کے نتیجے میں قومی وحدت کمزور ہوتی چلی گئی۔ بھارت نے ہمارے داخلی خلفشار سے بھرپور فائدہ اٹھایا جس کا اعتراف بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کھلے عام کر چکے ہیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ہماری قیادت نے بروقت فیصلے نہ کیے، عوامی جذبات کو سمجھنے میں ناکامی دکھائی اور قومی اتفاقِ رائے قائم کرنے کے بجائے طاقت اور انا کو ترجیح دی۔ اسی طرح سانحہ اے پی ایس کے وقت بھی ملک میں سیاسی تقسیم تھی، دھرنے جاری تھے، حکومت کو گرانے کی باتیں کی جا رہی تھیں اور فائدہ ملک دشمن عناصر نے اٹھایا۔ اس شر میں سے خیر یہ نکلی کہ تمام سیاسی جماعتیں ایک میز پر آ گئیں، احتجاج پیچھے رہ گیا اور نیشنل ایکشن پلان پر اتفاق ہوگیا، دہشت گردی پر بہت حد تک قابو پا لیا گیا۔

اب پھر سیاسی جماعتیں ایک دوسرے سے نبرد آزما ہیں، ایک دوسرے کو برداشت کرنے کو تیار نہیں ہیں، روز نئے نئے بیانیے بن رہے ہیں، اداروں پر انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں۔ عظیم قومیں وہ ہوتی ہیں جو ماضی سے سبق سیکھتی ہیں اور اسے دوہرانے سے گریز کرتی ہیں۔ آج ملک کو بیک وقت کئی سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، سیاسی عدم استحکام قومی یکجہتی کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ بھارت اور افغانستان کی جانب سے مسلسل دباؤ اور چیلنجز درپیش ہیں۔ یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ جو ہو چکا ہے اسے بدلا نہیں جاسکتا مگر مستقبل کو بہتر بنانا آج بھی ہمارے اختیار میں ہے۔ آج بنگلہ دیش کا منظر بدل چکا ہے، پاکستان سے ٹوٹے رشتے بحال ہو رہے ہیں، نئے اعتماد کے ساتھ دوستی کا نیا سفر شروع ہو رہا ہے۔ اِسی طرح کے مفاہمتی رویے کی ضرورت آج ملک کے اندر بھی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام تر سیاسی گروہی اور ذاتی اختلافات ایک طرف رکھ کر صرف اور صرف قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے،

امید اور حوصلے کا پیغام



ذوالفقار احمد چیمہ

دنیا بھر کے مسلم دانشوروں کا اب اس پر اتفاق ہے کہ پوری مسلم دنیا میں قدیم اور جدید علوم اور فلسفوں کے سب سے بڑے شاعر ڈاکٹر اقبالؒ تھے، اس پر بھی سب کا اتفاق ہے کہ مغرب کے اصل نظریات اور اہداف کو اگر کسی نے مکمل طور پر سمجھا تو وہ ڈاکٹر علامہ اقبالؒ تھے اور اب اس پر بھی اتفاق رائے ہو چکا ہے کہ چھ سو سالہ اسلامی تاریخ کے سب سے بڑے شاعر اور فلسفی ڈاکٹر علامہ اقبال ہیں۔

عالمی سطح کے صاحبانِ علم و دانش کا یہ بھی کہنا ہے کہ "کسی بھی انسانی معاشرے یا قوم کی بقاء اور نشوونما کے لیے دو چیزیں بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں اور آکسیجن کی طرح ضروری ہیں۔ امید اور حوصلہ، یہ دونوں چیزیں کلام الٰہی کے بعد اگر کہیں سب سے زیادہ ملتی ہیں تو وہ کلام اقبالؒ ہے" بلاشبہ فکرِ اقبالؒ امید اور حوصلے کا دوسرا نام ہے۔ یہ وہ حیات آفریں پیغام ہے جس نے دنیا کے ہر بڑِاعظم میں انسانوں کو بالعموم اور مسلمانوں کو بالخصوص بہت inspire کیا ہے۔ سینٹرل ایشیا کے کئی ممالک اپنی آزادی کو علامہ اقبالؒ کی انقلابی شاعری کا ثمر قرار دیتے ہیں، بہت سے ممالک نے اقبالؒ کی فارسی کی نظموں کو اپنا قومی ترانہ بنالیا ہے، علامہ کی مشہور نظم

معمارِ حرم باز بہ تعمیر جہاں خیز
از خوابِ گراں خیز گراں خیز گراں خیز

تاجکستان کا قومی ترانہ ہے۔ چند سال پہلے جب یورپ کے قلب میں واقع بوسنیا کے مسلمانوں کی اسی طرح نسل کشی کی جارہی تھی جس طرح اسرائیل فلسطینی مسلمانوں کی کر رہا ہے۔ اُس وقت ملک میں موبائل فون کم تھے ہر قوم میں جان تھی اور ملک توانا تھا اور اپنے پاؤں پر کھڑا تھا۔ اُس وقت کے وزیراعظم اظہارِ یکجہتی کے لیے بوسنیا پہنچے اور مسلمانوں کے عظیم لیڈر عزت بیگووچ سے جا کر ملے۔ وفد کے ارکان نے خود بتایا کہ اُدھر کسمپرسی اور بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ پاکستانی وزیراعظم اور وزراء کو چائے تک نہ پلائی جاسکی۔ ان کے انقلابی لیڈر اور بوسنیا کے پہلے صدر عزت بیگووچ نے صرف ایک چیز پاکستانی راہنما کو پیش کی اور وہ تھی ان کی کتاب جس پر انھوں نے لکھا تھا Dedicated to the greatest poet and philosopher of modern muslim world Dr. Muhammad Iqbal. پاکستانی وفد کے ارکان نے انتساب کی وضاحت چاہی تو میزبان نے کہا "دشمن نے ہماری ہر چیز تباہ کردی ہے۔ مگر وہ ہم سے دو چیزیں نہیں چھین سکا۔ اور وہ ہیں Hope and Renilience ہماری امید اور حوصلہ یہ دونوں چیزیں ہم نے ڈاکٹر اقبال کی فکر اور فلسفے سے حاصل کی ہیں۔

بلاشبہ امید دم توڑ دے اور حوصلہ ختم ہوجائے تو قومیں فنا کے گھاٹ اتر جاتی ہیں۔ امید قائم رہے اور حوصلہ تر و تازہ رہے تو جرمنی اور جاپان کی طرح قومیں نہ صرف دوبارہ اٹھ کھڑی ہوتی ہیں بلکہ ترقی کی دوڑ میں سب سے آگے نکل جاتی ہیں۔ ہماری نئی نسل کو امید اور حوصلے کی ضرورت ہے۔ جس سے بھی بات کریں وہ مایوسی کا شکار نظر آتا ہے اور ملک سے باہر بھاگنا چاہتا ہے، جس سے اس کی مایوسی اور بے حوصلگی کا پتہ چلتا ہے۔ انھیں مایوسی اور ناامیدی کے اندھیروں سے نکالنے کی ضرورت ہے، مگر اربابِ بست و کشاد نے انھیں دو کاموں پر لگا دیا ہے، وہ کرکٹ دیکھیں یا ناچ گانوں سے لطف اندوز ہوں۔ کچھ سیاسی لیڈروں نے انھیں سیاست بازی پر لگا دیا تھا۔ نہیں۔ ہرگز نہیں۔ نئی نسل جس مرض کا شکار ہوچکی ہے اس کا علاج نہ سیاست بازی ہے نہ کھیل کھلواڑ اور نہ موج مستی۔ ان کے مایوس اور تاریک ذہنوں کو فکرِ اقبالؒ کی روشنی سے منور کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یہ ذمے داری ہم اپنا فرض اور مشن سمجھ کر نبھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اسلام آباد اور لاہور کے اہلِ علم و دانش جانتے ہیں کہ پیغامِ اقبالؒ کے فروغ کے لیے لاہور میں پچھلے دو سالوں میں سب سے بڑی تقریبات کا اہتمام علامہ اقبال کونسل نے کیا تھا۔ اِس سال نومبر میں وفاقی دارالحکومت میں بھی سب سے بڑی تقریب منعقد کرنے کا اعزاز علامہ اقبال کونسل کو ہی حاصل ہوا ہے۔ نومبر کے مہینے کو ماہ اقبالؒ سمجھا جاتا ہے، چھوٹی چھوٹی تقریبات تو کئی اداروں نے منعقد کیں، مگر سب سے شاندار، باوقار اور یادگار تقریب پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ جس کا انتظام و انصرام علامہ اقبال کونسل نے کیا۔ پی این سی اے کا آڈیٹوریم کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ سامعین کی پہلی قطار میں ماہرینِ تعلیم، دانشور سابق نیول چیف، جج صاحبان، سابق فیڈرل سیکریٹری، سابق آئی جی، تعلیمی اداروں کے سربراہان، صنعت و تجارت لیڈران، سیاستدان، علماء اور خواتین بڑی تعداد میں موجود تھیں، ان کے علاوہ کالجوں کے طلباء اور طالبات کی بہت بڑی تعداد شریک ہوئی۔

تقریب کے مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال تھے جب کہ مقررین میں ترکی، ایران اور بنگلہ دیش کے سفیر صاحبان، ماہر اقبالیات ڈاکٹر حمیرہ شہباز اور راقم شامل تھے۔ ترکی کے مردِ آہن طیب اردوان کو علامہ اقبال کی (ترکی میں ترجمہ شدہ) درجنوں نظمیں یاد ہیں جنھیں وہ اپنی تقریروں میں بار بار استعمال کرتے ہیں، ترک قوم بھی علامہ سے بے حد عقیدت رکھتی ہے۔ لہٰذا ترکیہ کے سفیر نے بھی اپنی تقریر میں شاعرِ مشرق کے لیے بڑی محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ ایران میں علامہ اقبال کا اپنے قومی شاعر کی طرح احترام کیا جاتا ہے، ان کے سپریم لیڈر سیّد علی خامنائی بڑے فخر کے ساتھ اپنے آپ کو مرید اقبالؒ کہتے ہیں۔ انقلاب ایران کے نظریاتی گائیڈ ڈاکٹر علی شریعتی بھی علامہ اقبال کو اپنا مرشد مانتے ہیں لہٰذا ایرانی سفیر کی تقریر بھی توقع کے مطابق تھی۔ بنگلہ دیش میں جب سے نوجوانوں نے بھارتی سامراج کے بت پاش پاش کیے ہیں اور مودی کی غلامی سے آزادی حاصل کی ہے، اس وقت سے پاکستان اور بنگلہ دیش کے مراسم میں بہت گرمجوشی پیدا ہوئی ہے۔

اس پس منظر میں لوگ منتظر تھے کہ بنگلہ دیش کے

ہجرت کا مثبت اور منفی پہلو: اوورسیز پاکستانی کا جائزہ

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسف زئی

تحریر: انجینئر بخت سید یوسف زئی-قلم حق

اوورسیز پاکستانی آج دنیا کے تقریباً ہر خطے میں موجود ہیں اور مختلف معاشروں میں اپنی محنت، قابلیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے نمایاں مقام حاصل کر چکے ہیں۔ چاہے وہ خلیجی ممالک ہوں، یورپ، شمالی امریکہ یا آسٹریلیا، پاکستانی کمیونٹیز ہر جگہ سرگرم نظر آتی ہیں۔ بیرونِ ملک مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کے لیے سہارا ہیں بلکہ وہ مجموعی طور پر پاکستان کی معیشت کے لیے بھی ایک مضبوط ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پاکستان سے بیرونِ ملک ہجرت کا رجحان کوئی اچانک یا وقتی عمل نہیں بلکہ یہ ایک طویل تاریخی پس منظر رکھتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد ہی معاشی عدم استحکام، محدود وسائل اور روزگار کے کم مواقع نے لوگوں کو بیرونِ ملک بہتر مستقبل کی تلاش پر مجبور کیا۔ ابتدا میں یہ ہجرت محدود تعداد تک رہی، مگر وقت گزرنے کے ساتھ یہ ایک مستقل رجحان میں تبدیل ہو گئی۔ ساٹھ اور ستر کی دہائی میں مشرقِ وسطیٰ میں تیل کی دریافت اور بڑے پیمانے پر تعمیراتی منصوبوں نے پاکستانی افرادی قوت کے لیے نئے دروازے کھول دیے۔ ان ممالک کو محنتی، سستے اور قابلِ اعتماد مزدوروں کی ضرورت تھی، جسے پاکستانیوں نے بخوبی پورا کیا۔ لاکھوں پاکستانی اس دور میں خلیجی ممالک گئے اور اپنی محنت سے نہ صرف اپنے خاندانوں بلکہ ملک کا نام بھی روشن کیا۔ اس کے بعد یورپ، امریکہ، کینیڈا اور آسٹریلیا جیسے ترقی یافتہ ممالک میں پاکستانیوں کی آمد میں اضافہ ہوا۔ یہاں پاکستانی طلبہ، ڈاکٹر، انجینئر، تاجر اور آئی ٹی ماہرین نے تعلیم اور مہارت کی بنیاد پر اپنی جگہ بنائی۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ کمیونٹیز مضبوط ہوئیں اور مقامی معیشتوں میں فعال کردار ادا کرنے لگیں۔ ہجرت کے اس بڑھتے ہوئے رجحان کے پیچھے کئی بنیادی وجوہات کارفرما ہیں، جن میں معاشی دباؤ سب سے نمایاں ہے۔ بے روزگاری، کم آمدنی، مہنگائی اور روزمرہ اخراجات نے عام شہری کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ ایسے حالات میں بیرونِ ملک بہتر تنخواہ اور سہولیات ایک پرکشش متبادل بن جاتی ہیں۔ سیاسی عدم استحکام، پالیسیوں میں تسلسل کا فقدان اور کمزور گورننس بھی ہجرت کو بڑھاوا دینے والے عوامل میں شامل ہیں۔ جب ملک میں غیر یقینی صورتحال جنم لیتی ہے تو عوام کا اعتماد متزلزل ہوتا ہے۔ ایسے ماحول میں لوگ اپنے اور اپنے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے ملک سے باہر جانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کی قربانیاں اکثر پسِ پشت ڈال دی جاتی ہیں، حالانکہ وہ اجنبی ممالک میں انتہائی مشکل حالات میں زندگی گزارتے ہیں۔ زبان کی رکاوٹ، ثقافتی فرق، امیگریشن قوانین کی سختی اور بعض اوقات امتیازی سلوک کے باوجود وہ اپنی محنت سے آگے بڑھتے ہیں۔ طویل اوقاتِ کار، محدود سماجی زندگی اور خاندان سے دوری ان کی روزمرہ حقیقت بن جاتی ہے، مگر اس سب کے باوجود وہ ہمت نہیں ہارتے اور مسلسل اپنے گھر والوں کے بہتر مستقبل کے لیے جدوجہد کرتے رہتے ہیں۔ بیرونِ ملک سے پاکستان آنے والی ترسیلاتِ زر ملکی معیشت کے لیے ایک مضبوط سہارا ہیں۔ یہ رقوم صرف گھریلو اخراجات یا ذاتی استعمال تک محدود نہیں رہتیں بلکہ ان سے تعلیم، علاج، رہائش اور چھوٹے کاروبار بھی ممکن ہوتے ہیں۔ قومی سطح پر یہ ترسیلات زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم کرنے، درآمدات کا دباؤ کم کرنے اور مالیاتی بحران سے نکلنے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔ اس کے باوجود ہجرت کا ایک تلخ پہلو برین ڈرین کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان، ڈاکٹر، انجینئر اور سائنس دان جب ملک چھوڑ دیتے ہیں تو اس کا اثر براہِ راست قومی اداروں پر پڑتا ہے۔ تعلیمی معیار، تحقیقی صلاحیت اور پیشہ ورانہ مہارت میں کمی آنا ایک ایسا نقصان ہے جس کا ازالہ فوری طور پر ممکن نہیں ہوتا۔ بہت سے اوورسیز پاکستانی وطن سے گہری جذباتی وابستگی رکھتے ہیں، مگر عملی حقائق انہیں مستقل واپسی سے روکے رکھتے ہیں۔ بیرونِ ملک شفاف نظام، وقت کی پابندی، پیشہ ورانہ احترام اور بہتر سہولیات وہ عوامل ہیں جو انہیں وہیں رہنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ یہ ایک ایسا فیصلہ ہوتا ہے جس میں جذبات اور حقیقت کے درمیان مسلسل کشمکش جاری رہتی ہے۔ بیرونِ ملک پیدا ہونے والی نئی نسل کے لیے پاکستان اکثر ایک یاد، کہانی یا سال میں چند ہفتوں کی ملاقات تک محدود ہوکر رہ جاتا ہے۔ وقت کے ساتھ زبان سے دوری، ثقافتی فرق اور مقامی معاشرے میں مکمل انضمام ان کے رشتے کو کمزور کر دیتا ہے۔ یہ صورتحال مستقبل میں قومی شناخت اور ثقافتی تسلسل کے لیے ایک سنجیدہ چیلنج بن سکتی ہے۔ ریاست اگر واقعی اوورسیز پاکستانیوں کو قومی اثاثہ سمجھتی ہے تو اسے اس سوچ کو عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا۔ پاسپورٹ، نادرا، جائیداد، قانونی اور عدالتی معاملات میں آسانیاں پیدا کر کے ان کا اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے۔ صرف بیانات نہیں بلکہ مؤثر نظام اور تیز انصاف ان کے لیے حقیقی سہولت ثابت ہو سکتے ہیں۔ سرمایہ کاری کے شعبے میں اوورسیز پاکستانیوں کے لیے شفاف، محفوظ اور منافع بخش مواقع پیدا کرنا نہایت ضروری ہے۔ اگر انہیں یہ یقین ہو کہ ان کی محنت کی کمائی محفوظ ہاتھوں میں ہے تو وہ خوش دلی سے صنعت، زراعت، آئی ٹی اور رئیل اسٹیٹ جیسے شعبوں میں سرمایہ لگانے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں، جو ملکی معیشت کے لیے طویل المدتی فوائد کا باعث بنے گا۔ ہجرت دراصل ایک علامت ہے، مسئلہ نہیں۔ اصل مسئلہ وہ حالات ہیں جو لوگوں کو وطن چھوڑنے پر مجبور کرتے ہیں۔ جب تک ملک کے اندر روزگار، انصاف، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بنیادی اصلاحات نہیں ہوں گی، اس وقت تک ہجرت کا رجحان کم نہیں ہو سکے گا۔ یہ حقیقت بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ صرف بیرونِ ملک جانے کو کامیابی کا معیار سمجھ لینا ایک غلط سماجی سوچ ہے۔ کامیابی وہ ہے جو عزت، تحفظ اور خوداعتمادی کے ساتھ اپنے ملک میں حاصل کی جائے۔ اس سوچ کی تبدیلی کے لیے تعلیمی اداروں، میڈیا اور سماجی قیادت کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان نوجوان آبادی پر مشتمل ایک ایسا ملک ہے جس میں بے شمار صلاحیتیں موجود ہیں۔ اگر ان نوجوانوں کو ہنر، مواقع اور اعتماد فراہم کیا جائے تو وہ ملک کے اندر ہی معاشی ترقی کی نئی راہیں کھول سکتے ہیں۔ یہ وہ سرمایہ ہے جسے ضائع ہونے سے بچانا قومی ذمہ داری ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کو صرف ترسیلاتِ زر بھیجنے والی مشین سمجھنا ایک محدود اور غیر منصفانہ رویہ ہے۔ وہ علم، تجربہ، نظم وضبط اور عالمی سوچ کے حامل افراد ہیں، جنہیں قومی ترقی کے عمل میں فعال شراکت دار بنایا جانا چاہیے۔ اگر ریاست، ادارے اور معاشرہ مل کر سنجیدگی، دیانت اور طویل المدتی وژن کے ساتھ کام کریں تو ہجرت ایک مجبوری کے بجائے ایک انتخاب بن سکتی ہے۔ تب پاکستانی دنیا میں جہاں بھی ہوں، وہاں وقار کے ساتھ رہتے ہوئے بھی اپنے وطن سے مضبوط اور مثبت تعلق قائم رکھ سکیں گے، اور پاکستان حقیقی معنوں میں ایک پرکشش اور باوقار وطن بن سکے گا۔

یونس نے مجھے ابن شہاب سے خبر دی، کہا: پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک لڑنے گئے

)بیان۔ مفتی سراج الحق سراج))

مومن ٹاؤن پشاور) اور آپ کا ارادہ روم اور شام کے عرب نصرانیوں کا مقابلہ کرنے کا تھا۔ ابن شہاب نے کہا: مجھے عبدالرحمن بن عبداللہ بن کعب نے خبر دی کہ عبداللہ بن کعب حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے نابینا ہونے کے بعد حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے بیٹوں میں سے وہی حضرت کعب رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑنے اور انہیں (ہر ضرورت کے لیے) لانے لے جانے والے تھے۔ کہا: میں نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے ان کی وہ حدیث سنی تھی جب وہ غزوہ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گئے۔ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا: میں غزوہ تبوک کے سوا کسی جنگ میں، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی، کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے نہیں رہا۔ (ہاں) مگر میں غزوہ بدر میں بھی پیچھے رہا تھا (کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب کو ساتھ لے کر تشریف نہیں لے گئے تھے اس لیے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص پر، جو اس جنگ میں شریک نہیں ہوا، عتاب نہیں فرمایا تھا۔ (بدر کے موقع پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان قریش کے تجارتی قافلے (کا سامنا کرنے) کے ارادے سے نکلے تھے، یہاں تک کہ اللہ نے طے شدہ وقت کے بغیر ان کی اور ان کے دشمنوں کی مڈبھیڑ کروا دی۔ میں بیعت عقبہ کی رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل تھا جب ہم سب نے اسلام قبول کرنے پر (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ) معاہدہ کیا تھا۔ مجھے اس (اعزاز) کے عوض بدر میں شمولیت (کا اعزاز بھی) زیادہ محبوب نہیں، اگرچہ لوگوں میں بدر کا تذکرہ اس (بیعت) کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ میں جب غزوہ تبوک کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہا تھا تو میرے احوال یہ تھے کہ میں اس وقت کی نسبت، جب میں اس جنگ سے پیچھے رہا تھا، کبھی (جسمانی طور پر) زیادہ قوی اور (مالی اعتبار سے) زیادہ خوشحال نہیں رہا تھا۔ اللہ کی قسم! میرے پاس اس سے پہلے کبھی دو سواریاں اکٹھی نہیں ہوئی تھیں، یہاں تک کہ اس غزوے کے موقع پر ہی میں نے دو سواریاں اکٹھی رکھی ہوئی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ غزوہ سخت گرمی میں کیا تھا، آپ کو بہت دور دراز کے چٹیل صحرا کا سفر درپیش تھا اور آپ کو بہت زیادہ دشمنوں کا سامنا کرنا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کے سامنے اس معاملے کو (جو انہیں درپیش تھا) اچھی طرح واضح فرما دیا تھا تا کہ وہ اپنی جنگ کی (پوری) تیاری کر لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کی سمت سے بھی آگاہ فرما دیا تھا جدھر سے آپ جانا چاہتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کثیر تعداد میں مسلمان تھے۔ کسی رجسٹر میں ان کے نام جمع (اکٹھے لکھے ہوئے) نہیں تھے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: ایسے لوگ کم تھے جو غائب رہنا چاہتے تھے، جو سمجھتے تھے کہ ان کی یہ بات اس وقت تک مخفی رہے گی جب تک ان کے بارے میں اللہ عزوجل کی وحی نازل نہیں ہوتی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ غزوہ اس وقت کیا جب پھل اور (درختوں پر پتے زیادہ ہوجانے کی بنا پر) سائے اچھے ہو گئے تھے۔ (ہر آدمی کا دل چاہتا تھا کہ آرام سے گھر میں رہے، دن کو سائے کے نیچے آرام کرے اور تازہ پھل کھائے۔) میرا بھی دل اسی طرف زیادہ مائل تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ مسلمان (جہاد کی) تیاری میں لگ گئے۔ میں صبح کو نکلتا کہ میں بھی ان کے ساتھ تیاری کروں اور واپس آتا تو میں نے کچھ بھی نہ کیا ہوتا۔ میں دل میں کہتا: میں چاہوں تو اس کی بھرپور تیاری کر سکتا ہوں، یہی کیفیت مجھے مسلسل آگے سے آگے گرتی گئی اور لوگ مسلسل سنجیدہ سے سنجیدہ ہوتے گئے، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح سویرے روانہ ہو گئے، مسلمان آپ کے ہمراہ تھے اور میں اپنی کوئی بھی تیاری مکمل نہ کر پایا تھا۔ میں پھر صبح کے وقت نکلا اور واپس آیا تو بھی کچھ نہ کر پایا تھا اور میری یہی کیفیت تسلسل سے آگے چلتی رہی، یہاں تک کہ (تیاری میں پیچھے رہ جانے والے) مسلمان جلد از جلد جانے لگے اور جنہوں نے جنگ میں حصہ لینا تھا وہ بہت آگے نکل گئے، اس پر میں نے ارادہ کیا کہ نکل پڑوں اور لوگوں سے جا ملوں۔ اے کاش! میں ایسا کر لیتا لیکن یہ (بھی) میرے مقدر میں نہ ہوا اور میری یہ حالت ہوگئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روانگی کے بعد جب میں لوگوں میں نکلتا تو میں اس بات پر سخت غمگین ہوتا کہ مجھے (اپنے لیے اپنے جیسے کسی شخص کی) کوئی مثال نہیں ملتی (جس کے نمونے پر میں نے عمل کیا ہو)، سوائے کسی ایسے انسان کے جس پر نفاق کی تہمت تھی یا ضعفاء، یا کوئی شخص جسے اللہ کی طرف سے معذور قرار دیا گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت تک میرا ذکر نہیں کیا، یہاں تک کہ آپ تبوک پہنچے تو آپ نے جب آپ لوگوں کے ساتھ تبوک میں بیٹھے ہوئے تھے تو فرمایا: "کعب بن مالک نے کیا کیا؟" تو بنو سلمہ کے ایک شخص نے کہا: اسے اس کی دو (خوبصورت) چادروں اور اپنے دونوں پہلوؤں کو دیکھنے (کے کام) نے روک لیا ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: تم نے بری بات کہی، اللہ کے رسول! اللہ کی قسم! ہم ان کے بارے میں اچھائی کے سوا اور کچھ نہیں جانتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت اختیار فرما لیا۔ آپ اسی کیفیت میں تھے کہ آپ نے سفید لباس میں ملبوس ایک شخص کو دیکھا جس کے (چلنے کے) سبب سے (صحرا میں نظر آنے والا) سراب ٹوٹتا جا رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تجھے ابوخیثمہ (انصاری) ہونا چاہئے۔" تو وہ ابوخیثمہ انصاری رضی اللہ عنہ ہی تھے اور یہ وہی ہیں جنہوں نے ایک صاع کھجور کا صدقہ دیا تھا جب منافقوں نے انہیں طعنہ دیا تھا (اور کہا تھا: اللہ اس کے ایک صاع کا محتاج نہیں۔) کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا: جب مجھے یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک سے واپسی کا رخ فرما لیا ہے تو مجھے میرے غم اور افسوس نے (شدت سے) آلیا، میں جھوٹے عذر سوچنے اور (دل میں) کہنے لگا: میں کل کو آپ کی ناراضی سے کیسے نکلوں گا؟ میں اپنے گھر والوں میں سے ہر رائے رکھنے والے سے مدد لینے لگا۔ جب مجھ سے کہا گیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہنچنے والے ہیں تو باطل (بہانے تراشنے) کا خیال میرے دل سے زائل ہوگیا، یہاں تک کہ میں نے جان لیا کہ میں کسی چیز کے ذریعے سے آپ (کی ناراضی) سے نہیں بچ سکتا تو میں نے آپ کے سامنے سچ کہنے کا تہیہ کر لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری صبح کے وقت ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آتے تو مسجد سے آغاز فرماتے، اس میں دو رکعتیں پڑھتے، پھر لوگوں (سے ملاقات) کے لیے بیٹھ جاتے۔ جب آپ نے ایسا کر لیا تو پیچھے رہ جانے والے آپ کے پاس آنے لگے۔ انہوں نے (آ کر) عذر پیش کرنا اور آپ کے سامنے قسمیں کھانا شروع کر دیں، وہ اسی سے کچھ زائد آدمی تھے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ظاہراً (کیے گئے عذروں) کو قبول فرمایا، ان سے آئندہ (اطاعت) کی بیعت لی، اللہ سے ان کی مغفرت کی دعا کی اور ان کے باطن کو اللہ کے حوالے کر دیا، یہاں تک کہ میں حاضر ہوا۔ جب میں نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح مسکرائے جیسے آپ کو غصہ دلایا گیا ہو، پھر آپ نے فرمایا: "آؤ" میں چلتا ہوا آیا، یہاں تک کہ آپ کے سامنے (آ کر) بیٹھ گیا تو آپ نے مجھ سے فرمایا: "تمہیں کس بات نے پیچھے رکھا؟ کیا تم نے اپنی سواری حاصل نہیں کی تھی؟" کہا: میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! بے شک، اللہ کی قسم! اگر میں آپ کے سوا پوری دنیا میں سے کسی بھی اور کے سامنے بیٹھا ہوتا تو میں دیکھ لیتا (ایسا عذر تراش لیتا) کہ میں جلد ہی اس کی ناراضی سے نکل جاتا، مجھے (اپنے حق میں) دلیلیں دینے کا ملکہ ملا ہے، لیکن اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ آج اگر میں آپ سے کوئی جھوٹی بات کہہ دوں جس سے آپ مجھ پر راضی ہو جائیں تو جلد ہی اللہ تعالیٰ آپ کو مجھ پر ناراض کر دے گا اور اگر میں آپ سے سچی بات کہہ دوں جس سے آپ مجھ پر ناراض ہو جائیں تو کل مجھے اس میں اللہ کی طرف سے اچھے انجام کی پوری امید ہے۔ اللہ کی قسم! میرے پاس (پیچھے رہ جانے کا) کوئی عذر نہیں تھا۔ اللہ کی قسم! میں جب آپ کا ساتھ دینے سے پیچھے رہا ہوں تو اس سے پہلے کبھی (جسمانی طور پر) اس سے بڑھ کر قوی اور (مالی طور پر) اس سے زیادہ خوشحال نہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ شخص جس نے سچ کہا ہے، (اب) تم اٹھ جاؤ (اور انتظار کرو) یہاں تک کہ اللہ تمہارے بارے میں فیصلہ فرما دے۔" میں اٹھ گیا، بنوسلمہ کے کچھ لوگ بھی جوش میں کھڑے ہو کر میرے پیچھے آئے اور مجھ سے کہنے لگے: تمہارے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ اس سے پہلے تم نے کوئی گناہ کیا ہے، کیا تم اس سے بھی عاجز رہ گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کوئی عذر پیش کر دیتے جس طرح دوسرے پیچھے رہنے والے لوگوں نے عذر پیش کیے ہیں۔ تمہارے گناہ کے معاملے میں تمہارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا استغفار فرمانا کافی ہو جاتا۔ (حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے) کہا: اللہ کی قسم! وہ مسلسل مجھ سے سخت ناراضی کا اظہار اور ملامت کرتے رہے، یہاں تک کہ میں نے یہ ارادہ کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس ہو جاؤں اور خود کو جھٹلا دوں۔ کہا: پھر میں نے ان سے کہا: کیا میرے ساتھ کسی اور نے بھی اس صورتحال کا سامنا کیا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں، تمہارے ساتھ دو اور آدمیوں نے بھی اسی صورتحال کا سامنا کیا ہے، ان سے بھی وہی کہا گیا ہے جو تم سے کہا گیا ہے۔ کہا: میں نے پوچھا: وہ دونوں کون ہیں؟ انہوں نے کہا: وہ مرارہ بن ربیعہ عامری اور ہلال بن امیہ واقفی ہیں۔ انہوں نے میرے سامنے دو نیک انسانوں کا نام لیا جو بدر میں شریک ہوئے تھے۔ ان (دونوں کی صورت) میں ایک قابل عمل نمونہ موجود تھا۔ کہا: جب انہوں نے میرے سامنے ان دونوں کا ذکر کیا تو میں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس جانے کے بجائے اسی پر ڈٹا رہا۔) کہا: اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے رہ جانے والوں میں سے صرف ہم تینوں کو مخاطب کرتے ہوئے سب مسلمانوں کو ہم سے بات کرنے سے منع فرما دیا۔ کہا: لوگ ہم سے اجتناب برتنے لگے، یا کہا: وہ ہمارے لیے (بالکل ہی) بدل گئے، یہاں تک کہ میرے دل (کے خیال) میں یہ زمین میرے لیے اجنبی بن گئی، یہ اب وہ زمین نہ رہی تھی جسے میں پہچانتا تھا۔ ہم پچاس راتیں اسی حالت میں رہے۔ جہاں تک میرے دونوں ساتھیوں کا تعلق ہے تو وہ دونوں بیک سی ہو کر روتے ہوئے گھروں میں بیٹھ گئے۔ میں ان دونوں کی نسبت زیادہ جوان اور دلیر تھا، اس لیے میں (گھر سے) نکلتا، نماز میں شامل ہوتا اور بازاروں میں گھومتا اور مجھ سے بات کوئی نہ کرتا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھی، جب آپ نماز کے بعد مجلس میں ہوتے، آتا اور سلام کرتا۔ میں اپنے دل میں سوچتا: کیا آپ نے سلام کے جواب میں لب مبارک ہلائے تھے یا نہیں؟ پھر میں آپ کے قریب (کھڑے ہوکر) نماز پڑھتا اور چور نظروں سے آپ کی طرف دیکھتا، جب میں اپنی نماز کی طرف متوجہ ہوتا تو آپ میری طرف دیکھتے اور جب آپ کی طرف متوجہ ہوتا تو آپ مجھ سے رخ مبارک پھیر لیتے، یہاں تک کہ جب میرے ساتھ مسلمانوں کی بے اعتنائی (کی مدت) طویل ہوگئی تو (ایک دن) میں چل پڑا اور (جا کر) ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے باغ کی دیوار پھلانگی (اور باغ میں چلا گیا۔) اور وہ میرے چچا کا بیٹا اور لوگوں میں سے مجھے سب سے زیادہ پیارا تھا۔ میں نے اسے سلام کیا تو اللہ کی قسم! اس نے مجھے سلام کا جواب تک نہ دیا۔ میں نے اس سے کہا: ابوقتادہ! میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا (ہوں اور پوچھتا) ہوں: تم جانتے ہو نہ کہ میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں؟ کہا: وہ خاموش رہے۔ میں نے دوبارہ پوچھا اور اسے اللہ کا واسطہ دیا تو (پھر بھی) وہ خاموش رہے۔ میں نے (تیسری بار) پھر سے پوچھا اور اللہ کا واسطہ دیا تو انہوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جاننے والے ہیں۔ اس پر میری آنکھوں میں آنسو آ گئے، میں واپس مڑا، یہاں تک کہ (پھر سے) دیوار پھلانگی (اور باغ سے نکل گیا۔) ایک روز میں مدینہ کے بازار میں چلا جا رہا تھا تو میں نے اہل شام کے نبطیوں میں سے ایک نبطی (سامی، زمیندار) کو جو کھانے کی اجناس لے کر بیچنے کے لیے مدینہ آیا ہوا تھا، دیکھا، وہ کہتا پھر رہا تھا: کوئی ہے جو مجھے کعب بن مالک کا پتہ بتا دے۔ لوگوں نے اس کے سامنے میری طرف اشارے کرنے شروع کر دیے۔ یہاں تک کہ وہ میرے پاس آیا اور شاہ غسان کا ایک خط میرے حوالے کر دیا۔ میں لکھنا (پڑھنا) جانتا تھا۔ میں نے وہ خط پڑھا تو اس میں لکھا تھا: سلام کے بعد، ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ تمہارے صاحب (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) نے تمہارے ساتھ بہت برا سلوک کیا ہے اور اللہ نے تمہیں ذلت اٹھانے اور ضائع ہو جانے والی جگہ میں (محبوس کر کے) نہیں رکھ دیا، لہٰذا تم ہمارے ساتھ آ ملو، ہم تمہارے ساتھ بہت اچھا سلوک کریں گے، کہا: جب میں نے وہ خط پڑھا تو (دل میں) کہا: یہ ایک اور آزمائش ہے۔ میں نے اسے لے کر ایک تندور کا رخ کیا اور اس خط کو اس میں جلا دیا، یہاں تک کہ پچاس میں سے چالیس راتیں گزر گئیں اور وحی موخر ہوگئی تو اچانک میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد آیا اور کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم اپنی بیوی سے بھی الگ ہو جاؤ۔ کہا: میں نے پوچھا: کیا اسے طلاق دے دوں یا کیا کروں؟ اس نے کہا: نہیں، بس الگ رہو۔ اس کے قریب نہ جاؤ، کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے دونوں ساتھیوں کی طرف بھی یہی پیغام بھیجا۔ کہا: میں نے اپنی بیوی سے کہا: تم اپنے گھر والوں کے پاس چلی جاؤ اور اس وقت تک انہی کے ساتھ رہو جب تک اللہ تعالیٰ اس معاملے کا فیصلہ نہ فرما دے۔ کہا: ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی: اللہ کے رسول! ہلال بن امیہ اپنا خیال نہ رکھ سکنے والا بوڑھا انسان ہے، اس کے پاس کوئی خادم بھی نہیں، کیا آپ اس بات کو بھی ناپسند کرتے ہیں کہ میں ان کی خدمت کروں؟ فرمایا: "نہیں، لیکن وہ تمہارے ساتھ قربت ہرگز اختیار نہ کرے۔" انہوں نے کہا: اللہ جانتا ہے وہ تو کسی چیز کی طرف حرکت بھی نہیں کر سکتے۔ جب سے ان کا یہ معاملہ ہوا ہے اس روز سے آج تک مسلسل روتے ہی رہتے ہیں۔

پاکستان بھکاریوں میں نمبرون

ڈاکٹر توصیف احمد خان

پاکستان میں دنیا بھر میں سب سے زیادہ بھکاری پائے جاتے ہیں۔ ایک بین الاقوامی تحقیق کے مطابق پاکستان میں 80 لاکھ افراد روزانہ بھیک مانگ کر زندہ رہتے ہیں۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جس کے شہری سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر وغیرہ میں جا کر بھیک مانگتے ہیں۔ یہ صورتحال معیشت کی بدحالی کا بناء پر ہے۔ معیشت کی بدحالی کے ساتھ ملک گزشتہ 78 برسوں میں مسلسل سیاسی بحران کا شکار ہے۔ ہر دور میں سیاسی بحران ایک نئی شکل میں سامنے آتا ہے۔ دسمبر کے مہینے ہی میں ملک کا اکثریتی صوبہ علیحدہ ہوا تھا۔ 16 دسمبر 1971 کو دنیا کے نقشہ پر ایک نیا ملک بنگلہ دیش نمودار ہوگیا تھا۔

پاکستان کی 78 سالہ تاریخ کا غیر جانبداری سے جائزہ لیا جائے تو یہ حقائق روز روشن کی طرح اجاگر ہوتے ہی اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے سیاسی عمل کو روکنے اور عوام کو اپنے نمائندہ منتخب نہ کرنے کے حق کو تسلیم نہ کرنے کی بناء پر سیاسی بحران پیدا ہوا اور بحران بڑھتا چلا گیا۔ جب پاکستان قائم ہوا تو مسلم لیگ کی تین صوبوں میں حکومت تھی۔

صوبہ سرحد میں کانگریس کے ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت تھی۔ ڈاکٹر خان صاحب اور ان کے چھوٹے بھائی خان عبدالغفار خان نے خدائی خدمت گار تحریک کے ذریعے انگریز راج کے خلاف تاریخی جدوجہد کی تھی۔ اگرچہ غفار خان ہندوستان کی تقسیم کے مخالف تھے مگر نئے ملک کے قیام کے بعد انھوں نے پاکستان کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا تھا مگر کراچی کی حکومت نے ڈاکٹر خان کی حکومت کو توڑا اور خدائی خدمت گار تحریک پر پابندی لگادی۔ اگر ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت کو اپنی آئینی مدت پوری کرنے کا موقع ملتا تو اس بات کے بہت زیادہ امکانات تھے کہ نئے انتخابات میں ان کی جماعت اکثریت حاصل نہ کرسکتی تھی، یوں بغیر کسی سیاسی بحران کے مسئلہ حل ہوجاتا۔ متحدہ ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی نے 1946ء میں پاکستان کی حمایت کا فیصلہ کیا تھا۔ کمیونسٹ پارٹی کی ہدایت پر ان کے کئی رہنما اور بہت سے کارکن مسلم لیگ میں شامل ہوگئے تھے۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی قیادت نے تحریک پاکستان کے دوران اس بات کا عندیہ دیا تھا کہ نئے ملک میں جاگیرداری کو ختم کردیا جائے گا۔ کمیونسٹ پارٹی نے مظلوم طبقات کے حقوق اور استعماریت کے اثرات کے خلاف ایک تحریک شروع کی تھی۔ یہ تحریک حکومت کے خلاف نہ تھی مگر نئی حکومت نے 1947 سے ہی کمیونسٹ پارٹی اور اس کی ذیلی تنظیموں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا تھا۔

جب پاکستان امریکا کا اتحادی بنا تو کمیونسٹ پارٹی اور اس کی ذیلی تنظیموں پر پابندی عائد کردی گئی۔ ان کے رہنماؤں اور کارکنوں کو پابند سلاسل کیا گیا مگر کمیونسٹ پارٹی نے جاگیرداری کے خاتمے، ریاست کی شہریوں کو تعلیم اور صحت کی ذمے داری قرار دینے، مزدوروں، کسانوں اور خواتین کے حقوق اور امریکی سامراج کے اثرات کے خلاف جو پالیسی بنائی تھی وہ بعد میں تمام سیاسی جماعتوں نے اپنائی، اگر قیام پاکستان کے بعد جاگیرداری ختم کردی جاتی، ملک میں اسٹیل ملز جیسی بنیادی صنعتیں قائم کی جاتیں اور مشرقی پاکستان کی اکثریت کو تسلیم کیا جاتا تو آج ملک معاشی اور سیاسی طور پر مستحکم ہوتا۔ پھر کراچی کی وفاقی حکومت نے پہلے بنگالی زبان کو قومی زبان تسلیم نہیں کیا گیا۔

مسلم لیگ کے رہنما سہروردی کو غدار اور ملک دشمن قرار دیا گیا۔ پنجاب اور ہندوستان سے آنے والے افسروں کو مشرقی پاکستان میں اہم عہدے دیے گئے۔ مشرقی پاکستان کے عوام نے صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں جگتو فرنٹ کو کامیاب بنایا۔ جگتو فرنٹ نے 26 نکات پر مشتمل منشور تیار کیا تھا۔ اس منشور کا بنیادی مقصد مشرقی پاکستان معاشی طور پر خود مختار کرنا تھا مگر یہ حکومت آٹھ مہینے تک قائم رہی۔ پریمیئر مولوی فضل الحق کی تقریر کی بنیاد پر اس حکومت کو برطرف کردیا گیا۔ 1956 میں آئین بن گیا۔ ون یونٹ بنا کر مشرقی پاکستان کی اکثریت کو ختم کی گیا۔

اس آئین کے تحت 1958 میں عام انتخابات منعقد ہوئے تھے۔ یہ امکان تھا کہ عوامی لیگ اور نیشنل عوامی پارٹی نئے انتخابات میں اکثریت حاصل کرسکتی ہیں۔ اس وقت جنرل ایوب خان اور ان کے ٹولے کو یہ بات قبول نہ تھی، یوں 1958 میں ملک میں پہلا مارشل لاء لگا۔ ایوب خان کی حکومت نے تمام سیاسی جماعتوں کو غیر قانونی قرار دیا اور تمام قسم کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ آزاد اخبارات کو سرکاری تحویل میں لے لیا گیا، یوں آزادیٔ صحافت کو نئے سرے سے جکڑ لیا گیا۔ جنرل ایوب خان کی ہدایت پر 1962 کا آئین نافذ ہوا، اس آئین کے تحت انتخابات ہوئے۔

پاکستان کے بانی بیرسٹر محمد علی جناح کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح نے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا اعلان کیا تو فاطمہ جناح کو ملک دشمن قرار دیا گیا، پہلی دفعہ 1970 میں عام انتخابات ہوئے۔ عوامی لیگ اکثریت سے کامیاب ہوئی تو عوامی لیگ کو ملک دشمن قرار دیا گیا۔ پیپلز پارٹی کی حکومت آئی تو بلوچستان میں اور صوبہ سرحد میں ایک معاہدے کے تحت نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام کی مخلوط حکومتیں قائم ہوئیں۔ یہ ملک میں جمہوریت کو مستحکم کرنے کا اچھا موقع تھا۔ دو صوبوں میں پیپلز پارٹی اور دو صوبوں میں نیپ اور جے یو آئی کی حکومت قائم ہوئیں۔

اگر وفاق میں پیپلز پارٹی اور چاروں صوبوں میں یہ حکومت اپنی آئینی معیاد پوری کرتی تو ملک میں جمہوریت اپنی جڑیں مستحکم کرلیتی مگر وزیراعظم بھٹو نے آمرانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بلوچستان کی حکومت کو برطرف کردیا۔ نیشنل عوامی پارٹی کو ملک دشمن قرار دے کر پابندی عائد کردی گئی۔ بلوچستان میں دوسرا فوجی آپریشن ہوا۔ پیپلز پارٹی اور نیشنل عوامی پارٹی کے جھگڑوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسٹیبلشمنٹ کو کارروائی کا موقع ملا۔ 5 جولائی 1977 کو جنرل ضیاء الحق نے قانونی حکومت کو برطرف کیا۔ بھٹو صاحب کو پھانسی دی گئی اور پیپلز پارٹی ملک دشمن قرار پائی۔ طیارہ حادثہ کی بناء پر ملک کو ایک آمر سے نجات مل گئی۔ 1988 سے 1999 تک پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کی قیادت ایک دوسرے کو سیکیورٹی رسک قرار دیتی رہی۔

اسی صورتحال میں 1999 میں جنرل پرویز مشرف نے مسلم لیگ کی حکومت کو برطرف کر کے اقتدار پر قبضہ کرلیا۔ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف ایک دوسرے کو ملک دشمن قرار دیتے رہے۔ صدر پرویز مشرف نے بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ اکبر بگٹی کو ملک دشمن قرار دے کر ان کے خلاف آپریشن کیا جس میں اکبر بگٹی جاں بحق ہوگئے۔ 25 سال گزر گئے مگر بلوچستان کے حالات معمول پر نہیں آسکے۔ اس ساری تاریخ سے یہ سبق ملتا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے قائدین ایک دوسرے کو ملک دشمن قرار دیتے ہیں تو اس سے اسٹیبلشمنٹ مضبوط ہوتی ہے اور سیاست میں نئے نئے تضادات پیدا ہوتے ہیں اور ملک میں بھکاریوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔

غلط وقت کے فیصلے

اطہر قادر حسن

دسمبر کا مہینہ آتا ہے تو پاکستان کی تاریخ میں صرف ایک اور سال کا اضافہ نہیں ہوتا، ایک پرانا زخم ہرا ہو جاتا ہے۔ سولہ دسمبر محض ایک تاریخ نہیں، ایک یاد دہانی ہے، اس لمحے کی ہے جب پاکستان دولخت ہوا، مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد بنگلہ دیش کا قیام کوئی اچانک حادثہ نہیں تھا، یہ ایک طویل سیاسی، انتظامی اور اخلاقی انحراف کا منطقی انجام تھا۔ ہم نے ہمیشہ اس سانحے کا الزام بیرونی دشمنوں پر رکھا اور یقیناً دشمن اپنے مقاصد میں کامیاب بھی ہوا مگر یہ سچ بھی اتنا ہی تلخ ہے کہ اس جدائی میں اپنوں کا کردار کم نہ تھا۔

حکمرانی کی ہوس، اقتدار کی کشمکش اور ذاتی مفادات نے پاکستان کی بنیادوں کو اس حد تک کمزور کر دیا کہ دسمبر 1971 میں یہ کمزوری ایک مستقل حقیقت بن کر ہمارے سامنے آ گئی۔ اس سانحے پر بہت کچھ لکھا گیا، بہت سے چہرے بے نقاب ہوئے اور حمود الرحمن کمیشن نے ذمے داریوں کا تعین بھی کر دیا مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے اس تاریخ سے کوئی سبق سیکھا؟

سقوطِ ڈھاکا کے دن کا ذکر آتا ہے تو آنکھوں دیکھا حال سننے والوں کی آواز آج بھی کانوں میں گونجتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مغربی پاکستان میں اس روز ہر محبِ وطن کی آنکھ اشکبار تھی، گھروں میں چولہے ٹھنڈے تھے اور لوگ اپنے جسم سے جدا ہوئے بازو کا نوحہ کر رہے تھے۔ یہ وہ لمحے تھے جن کی شدت آج کی نسل پوری طرح محسوس نہیں کر سکتی۔

ہم نے یہ سب اپنے بزرگوں سے سنا، کتابوں میں پڑھا اور مضامین میں دیکھا، مگر محسوس کرنا اور بات ہے اور سہنا اور بات ہے۔ ایسی جدائیاں قومیں صدیوں تک نہیں بھولتیں مگر ہم شاید وہ بدقسمت قوم ہیں جنھوں نے بہت جلد اس زخم کو قسمت کہہ کر قبول کرلیا۔ جماعت اسلامی کے وہ رہنما جنھوں نے پاکستان سے وفاداری کی قیمت جان دے کر ادا کی تاریخ کے حاشیے میں دھکیل دیے گئے۔ یہ قربانیاں صرف ماضی کا قصہ نہیں، یہ ہمارے قومی ضمیر کا امتحان ہیں۔ یہ تمام پس منظر ذہن میں رکھا جائے تو آج ایک نئی بحث کا آغاز ہونا محض اتفاق نہیں لگتا۔ ایک بار پھر یہ آوازیں سنائی دینے لگی ہیں کہ باقی ماندہ پاکستان کو مزید ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ یہ خیال پہلے کتابوں اور تجزیوں کی صورت میں سامنے آیا، اب آہستہ آہستہ نوجوان نسل کی فکری آبیاری کا ذریعہ بن رہا ہے۔

ایسی نسل جو پہلے ہی ریاست کے موجودہ حالات سے شاکی ہے جب اس کے سامنے تقسیم کو حل کے طور پر پیش کیا جائے گا تو اس کے نتائج کیا ہوں گے اس کا اندازہ شاید وہی 'صاحب علم' لوگ لگا سکتے ہیں جو اس بیانیے کو تشکیل دے رہے ہیں۔ یہاں سوال صرف نئے صوبوں کا نہیں سوال وقت کا ہے، نیت کا ہے اور حالات کا ہے۔ کیا واقعی پاکستان اس وقت اس پوزیشن میں ہے کہ وہ ایسے حساس اور دوررس نتائج رکھنے والے تجربات کا متحمل ہو سکے؟ صوبوں کی تقسیم بظاہر انتظامی سہولت کا تاثر دیتی ہے مگر تاریخ گواہ ہے کہ اس کے اثرات ہمیشہ فوری نہیں ہوتے۔ مسائل آہستہ آہستہ سر اٹھاتے ہیں اور جب تک ان کی سنگینی کا احساس ہوتا ہے، تب تک بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔

1973 کے آئین کے ساتھ ہونے والا مسلسل کھلواڑ، ترامیم در ترامیم اور ہر ترمیم پر اجتماعی آمین، اس بات کی علامت ہے کہ ہم نے ریاستی ڈھانچے کو وقتی ضرورتوں کے تابع کر دیا ہے۔

دہشت گردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے، فتنہ الخوارج کی کارروائیاں روز کا معمول بن چکی ہیں۔ بھارت کے ساتھ مشرقی سرحد غیر محفوظ ہے، افغانستان کے ساتھ طویل مغربی سرحد بھی مسلسل عدم استحکام کا شکار ہے۔ ایسے میں یہ تاثر کہ پاکستان ہر طرف سے گھیرے میں ہے کوئی جذباتی بات نہیں بلکہ ایک زمینی حقیقت ہے۔ ان حالات میں ملک کے اندر نئے تجربات شروع کرنا وقت کا تقاضا نہیں ہے۔ تاریخ ہمیں یہ سبق بار بار دیتی ہے کہ جب قومیں صحیح وقت کا تعین کرنے میں غلطی کر بیٹھیں تو فیصلے ان کے ہاتھ سے نکل جاتے ہیں۔

بات بہت سادہ ہے مگر بہت بھاری بھی ہے کہ پاکستان کو اس وقت مزید تقسیم کی نہیں، مزید مضبوطی کی ضرورت ہے۔ سرحدوں کے تحفظ کی، معیشت کے استحکام کی اور سب سے بڑھ کر قومی یکجہتی کی ہے۔ دسمبر ہمیں یہ سبق دینے آتا ہے کہ غلطیوں کی قیمت نسلیں چکاتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم ایک بار پھر وہی غلطی دہرانے کے لیے تیار ہیں یا اس بار تاریخ کو دہرانے کے بجائے اس سے سیکھنے کا حوصلہ پیدا کر سکیں گے؟

کسان ہماری ریڑھ کی ہڈی ہیں، رانا تنویر حسین

ملکی سطح پر زیتون کی پیداوار کے حصول سے اربوں روپے کے درآمدی اخراجات بچائے جاسکتے ہیں، وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ملکی سطح پر زیتون کی پیداوار کے حصول سے اربوں روپے کے درآمدی اخراجات بچائے جاسکتے ہیں۔ جمعہ کو ساتویں نیشنل اولیو گالا میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ملک بھر سے کسان، ماہرین زراعت، تحقیقی اداروں کے نمائندگان اور نجی شعبے کے شراکت داروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا موسم اعلیٰ معیار کی زیتون کاشت کے لیے نہایت موزوں ہے، اور خوش آئند بات یہ ہے کہ زیتون اب ایک تجرباتی سرگرمی نہیں رہا بلکہ ایک تیزی سے ابھرتی ہوئی صنعت کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ زیتون کے شعبے سے ملک بھر میں ہزاروں کسانوں کو نہ صرف منافع بخش روزگار میسر آرہا ہے بلکہ یہ ذریعہ معاش موسمیاتی تبدیلی کے مقابلے میں بھی زیادہ محفوظ ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان خطے میں زیتون کی کاشت، پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کا اہم مرکز بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں زیتون کے فروغ سے خوردنی تیل کی درآمد میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے، جبکہ دیہی معیشت میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسان ہماری ریڑھ کی ہڈی ہیں، انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے، حکومت معیاری پودوں کی فراہمی، جدید تحقیق اور آئل ایکسٹریکشن سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ زیتون پاکستان کی ایک سٹریٹجک فصل بن چکا ہے، جو پانی کی کمی والے علاقوں کے لیے انتہائی موزوں ہے اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز کا بہترین حل پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیتون کی کاشت نہ صرف دیہی معیشت کو تقویت دے رہی ہے بلکہ نوجوانوں اور خواتین کے لیے بھی ویلیو چین میں بے شمار کاروباری مواقع پیدا کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ ملک میں تیار ہونے والا زیتون کا تیل ایک صحت مند، معیاری اور مقامی طور پر دستیاب بہترین متبادل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے کے فروغ کے نتیجے میں ملکی سطح پر زیتون سے اربوں روپے کے درآمدی خراجات بچائے جاسکتے ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کا اولیو ہب بننے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور حکومت اس سفر کو مزید تقویت دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔

☆☆☆☆☆☆

راولپنڈی، وزیراعلیٰ پنجاب کا اقدام، اڈیالہ روڈ پر بارش اور دھوپ سے محفوظ رکھنے کیلئے الیکٹرک بس سٹاپ تعمیر کیا جارہا ہے

معیاری تعلیم کو فروغ کیلئے جدید طرز پر اساتذہ کی تربیتی پروگرام ناگریز ہے، محمد ندیم

اساتذہ قوم کے معمار اور ملک و قوم کیلئے باعث فخر ہیں، سینئر نائب صدر سرحد چیمبر آف کامرس

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر محمد ندیم نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے اسکول کے اساتذہ کی جدید خطوط پر تربیت و استعداد کار بڑھانے ٹھوس اقدامات اٹھانا ناگریز ہیں۔ انھوں نے ملک بھر میں یکساں نظام تعلیم متعارف کرانے کے لیے اصلاحات پر بھی زور دیا۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز ایسوسی ایشن برائے اکیڈیمک کوالٹی AFAQ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے زیراہتمام ٹریننگ مکمل کرانے والے اساتذہ کرام میں اسناد کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کے دوران مختلف نجی اسکولوں کے ٹریننگ مکمل کرانے والے اساتذہ کرام، پرنسل صاحبان، تدریسی عملہ اور اور شعبہ تعلیم سے وابستہ افراد سمیت AFAQ کے ریجنل منیجر احمد یار اور زونل منیجر مبارک بادشاہ، افسران اور سرحد چیمبر کے سیکرٹری جنرل مقصد احسن نے بھی موجود تھے۔ سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم کا کہنا تھا تعلیم کسی بھی قوم کی کامیابی اور اسے درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں مدد کرنے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انھوں نے کہا اساتذہ کرام ملک وقوم معمار ہیں اور انکی تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم نے اساتذہ کی تربیت کے حوالے سے AFAQ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ تربیت اساتذہ کو صرف معلومات فراہم کرنے تک محدود نہیں رہی بلکہ اس نے انہیں ایسے موثر تدریسی نت نئے طریقے سکھائے ہیں جو کہ معیاری تعلیم کے فروغ میں کافی معاون ثابت ہونگے۔ ان کا مزید کہنا تھا سرحد چیمبر اس امر پر یقین رکھتا ہے کہ تعلیم، صنعت اور کاروبار کے درمیان مضبوط روابط ہی پائیدار سماجی اور معاشی ترقی کی بنیاد ہے اور AFAQ جیسے ادارے اس حوالے سے پل کا کردار ادا کر رہا ہے جو تعلیمی اداروں کو عملی دینا اور مارکیٹ کی ضرورت سے ہم آہنگ کرتا ہے۔ سینئر نائب صدر محمد ندیم نے سرحد چیمبر نصاب میں AI، Stem Eucation Fintech، انفارمیشن ٹیکنالوجی، جدید کاروباری ماڈلز، ٹیکس سے متعلق بنیادی آگاہی، شہری ذمہ داریاں، ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی تبدیلی، ثقافت اور قومی ورثے کے تحفظ جیسے اہم موضوعات کو شامل کرنے تجاویز پیش کیں جو کہ وقت کی اہم ضرورت اور حقیقی تبدیلی کا تقاضا ہے اور مذکورہ تجاویز سرحد چیمبر کی کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی کے عزم کی عملی عکاس و نمونہ ہے۔ سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم نے کہا اساتذہ کرام کی گرانقدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کی بنیاد محنتی اور لگن والے اساتذہ میں ہے جنہوں نے مشکل وقت میں بھی ہمیشہ اپنی ذمہ داریاں پوری کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کے معمار ہیں ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ پروگرام کے آخر میں سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم نے مختلف ٹریڈنگ کورسز مکمل کرنے والے نجی اسکولوں کے اساتذہ میں اسناد تقسیم کیئے

پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ملی بھگت سے اضافہ

مسابقتی اپیلیٹ ٹریبونل نے پولٹری ایسوسی ایشن پر جرمانہ کم کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی کارٹلائزیشن کے متعلق طویل عرصے سے زیر التوا کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے، کمپٹیشن اپیلیٹ ٹریبونل نے کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے، پولٹری ایسوسی ایشن کی اپیل نمٹا دی ہے۔ تاہم اپیلیٹ ٹریبونل نے ایک ایسے ہی مقدمے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے، اور پولٹری ایسوسی ایشن کی درخواست پر جرمانے کی پانچ کروڑ روپے سے کم کر کے ڈھائی کروڑ روپے کر دی ہے اور ایسوسی ایشن کو جرمانے کی رقم حکم نامہ جاری ہونے کے 15 دن کے اندر جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ کمپٹیشن کمیشن نے سال 2010 میں پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن اور اس کے ممبرز پر پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ملی بھگت اور کارٹیل بنا کر اضافہ کرنے پر پانچ کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا تھا۔ پولٹری ایسوسی ایشن اور کئی پولٹری کمپنیوں اس کارروائی کے نتیجے میں عدالتوں میں درخواستیں دائر کر دیں تھی۔ یہ طویل قانونی و عدالتی جنگ کئی سالوں تک چلتی رہی۔ اپیل کی سماعت کے دوران ایسوسی ایشن کے وکیل نے ٹریبونل کو بتایا کہ ایسے ہی ایک مقدمے میں سپریم کورٹ نے 2022 نرم مؤقف اختیار کرتے ہوئے کمپٹیشن کمیشن کے عائد جرمانہ کو کم کر دیا تھا۔ اسی منطق پر انحصار کرتے ہوئے، اور اپیل کنندہ کی درخواست پر، اپیلیٹ ٹریبونل نے مجموعی جرمانہ پانچ کروڑ روپے سے کم کرتے ہوئے ڈھائی کروڑ روپے کر دیا اور جرمانہ 15 دن کے اندر جمع کروانے کی ہدایت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کیلئے حکومت پنجاب متحرک

سرگودھا (صباح نیوز) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کیلئے حکومت پنجاب متحرک ہوگئی، ہر شہر میں فوکل پرسنز کو ٹاسک سونپ دیئے گئے، ہر ضلع سے کلین سویپ کرنے کیلئے اراکین اسمبلی اور سابق اراکین، ضلعی عہدیداروں پر مشتمل فوکل پرسن بن گئے، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو جلد از جلد حلقہ بندیاں اور حدود بندیاں کرکے بھجوانے کا حکم، سیکرٹری بلدیات بھی تیز ہوگئے، ذرائع کے حکومت پنجاب نے سرگودھا سمیت صوبے بھر میں بلدیاتی الیکشن کروانے کیلئے متحرک ہوگئی ہے، الیکشن کمیشن کی جانب سے پنجاب میں بلدیاتی انتخاب کروانے کے حکم کے بعد بلدیاتی ایکٹ میں اسمبلی سے منظوری کے حلقہ بندیوں کا دیئے گیا شیڈول ختم ہوگیا تھا، اب پنجاب حکومت دوبارہ بلدیاتی اداروں کو فعال کرنے کیلئے متحرک ہوگئی، سرگودھا سمیت پنجاب بھر میں فوکل پرسن بنا دیئے گئے ہیں جن کی ضلعی افسران کے ہمراہ آن لائن میٹنگ کروانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، جن میں انکو اپنے اپنے ضلع سے کلین سویپ کروانے کا ٹاسک دیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے نئے بلدیاتی نظام کو فعال کرنے کیلئے اقدامات تیز کرتے ہوئے سرگودھا سمیت صوبہ بھر کے کمشنرز ڈپٹی کمشنرز کو ممبران کی مشاورت سے نئی حلقہ اور حد بندیوں بارے تیاری جلد کر کے ارسال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ الیکشن کمیشن کو بلدیاتی اداروں کی حد بندیاں شروع کرا سکے،

لاہور چیمبر آف کامرس میں مفت طبی کیمپ کل لگے گا

لاہور (صباح نیوز) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں المکی المدنی ڈائیلیسز سینٹر کے چیئرمین ڈاکٹر محمد جمیل کی زیر قیادت صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک فری میڈیکل و آئی کیمپ اور آگاہی سیمینار کا انعقاد منگل کو کیا جائے گا۔ جس میں ملک کے معروف اینڈو کرائنولوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سید عباس رضا، سابق HOD شیخ زید ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر وقار احمد، ماہر ذیابیطس ڈاکٹر محمد جمیل، گردہ ٹرانسپلانٹ سرجن پروفیسر ڈاکٹر ثنا اللہ، ماہر ذیابیطس پروفیسر ڈاکٹر ظہیر اختر، ماہر امراض چشم پروفیسر ڈاکٹر ارشد محمود، ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، ڈاکٹر شہباز پرویز، ماہر نفسیات ڈاکٹر عمران مرتضیٰ، ڈاکٹر ارشد عباسی اور ڈاکٹر توصیف اقبال، شوگر کی وجہ سے دل، گردوں اور آنکھوں پر پڑنے والے اثرات سے بچاؤ کے لئے آگاہی دیں گے

الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کی متاثرین غزہ کے لیے 7 کروڑ روپے امداد

آزاد کشمیر کے عوام نے دل کھول کر غزہ کے بھائیوں کے لیے مدد کی کرنل ریٹائرڈ ظفر رشید عباسی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر کرنل ریٹائرڈ ظفر رشید عباسی نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر نے متاثرین غزہ کے لیے 7 کروڑ روپے کا ریلیف فراہم کیا، آزاد کشمیر کے عوام نے دل کھول کر اپنے غزہ کے بھائیوں کے لیے امداد دے کر اپنا فرض ادا کیا، الخدمت فاؤنڈیشن بلا تخصیص عوام کی خدمت کر رہی ہے، دکھی انسانیت کی خدمت کرنا بڑے اجر والا کام ہے، اسلام ہمیں دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے جائزہ اجلاس میں شریک ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن عوام کی امید بن چکی ہے الخدمت فاؤنڈیشن نے دنیا کے کئی ممالک میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ریلیف فراہم کیا ہے اور کر رہی ہے، انھوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی کوشش ہے کہ آزاد کشمیر میں کوئی ایک بچہ بھی ایسا نہ رہے جو محض والد نہ ہونے اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم سے محروم رہ جائے، ہم آزاد کشمیر کو ایک ماڈل ریاست بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، الخدمت فاؤنڈیشن 8 شعبہ جات کے اندر کام کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

رستم، پولیس کی جانب سے انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں سرچ آپریشن کیا جارہا ہے

سوات، نشئی شوہر نے بیوی کو ذبح کر دیا،

ملزم نشے کا عادی ہے، واردات کے بعد فرار ہوگیا ہے، پولیس گرفتاری کیلئے مصروف

سوات (بیورو رپورٹ) سوات کی تحصیل بریکوٹ کے علاقے مانیار میں گھریلو تکرار کے دوران شوہر نے طیش میں آکر اپنی بیوی کو چھری کے وار سے ذبح کر دیا جس کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا، پولیس کے مطابق ملزم رحمت علی آئس نشہ کا عادی بتایا جاتا ہے جس نے معمولی تکرار کے بعد انتہائی قدم اٹھایا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچی، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے گئے اور لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے ہیں جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆

کوئٹہ کے شہری کے شناختی کارڈ بلاک کرنے کا معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گیا

جسٹس ارباب محمد طاہر نے نادرا کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کوئٹہ کے رہائشی شہری کے شناختی کارڈ بلاک کرنے کے نادرا کے فیصلے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے نادرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے شہری اصغر علی کی درخواست پر کی۔ دوران سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے وکیل درخواست گزار سے استفسار کیا کہ آپ کہاں سے آئے ہیں، جس پر وکیل نے بتایا کہ وہ کوئٹہ سے آئے ہیں اور ان کے موکل کا شناختی کارڈ نادرا نے بلاک کر دیا ہے۔ عدالت نے سوال کیا کہ آپ یہاں کیوں آئے ہیں، وہاں ہائیکورٹ نہیں ہے کیا، جس پر وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ نادرا کا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ نادرا کے دائرہ اختیار سے متعلق کیس بلوچستان ہائیکورٹ بھی سن سکتی ہے، تاہم عدالت نے کہا کہ نوٹس جاری کر کے جواب منگوا لیتے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے شناختی کارڈ بحالی کی درخواست پر نادرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کر دی۔

S/#

پاکستان کی سوڈان میں عالمی امن اہلکاروں پر حملے کی شدید مذمت

پاکستان کی جانب سے اس بزدلانہ حملے کی فوری تحقیقات کا مطالبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے سوڈان کے شہر کدوگلی میں اقوام متحدہ کے امن اہلکاروں پر ہونے والے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان سوڈان کے شہر کدوگلی میں ہونے والے حملے میں اقوام متحدہ کی عبوری سیکیورٹی فورس برائے ابئی (UNISFA) کے تحت خدمات انجام دینے والے بنگلا دیش کے 6 امن اہلکاروں کے جاں بحق اور متعدد دیگر کے زخمی ہونے شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان نے بنگلا دیش کی حکومت اور عوام سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اس المناک گھڑی میں جاں بحق اہل کاروں کے لواحقین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے امن اہل کار دنیا بھر میں تنازعات کی روک تھام، شہریوں کے تحفظ اور امن کے فروغ کے لیے صفِ اول میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان نے امن و استحکام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ان بلیو ہیلمٹس کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پاکستان کی جانب سے اس بزدلانہ حملے کی فوری تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حملے میں ملوث عناصر کی نشاندہی کی جائے اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اراکین اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر امن اہلکاروں کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کام جاری رکھے گا۔

نئے سال کی آمد! تنخواہ دار طبقے کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آگئی

ٹیکس دینے والوں کی تعداد میں 30 لاکھ افراد کا اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت رانا احسان افضل نے تنخواہ دار طبقے کو خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال ریلیف دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر مملکت رانا احسان افضل نے اپنے بیان میں کہا کہ سرمایہ کاری کے لیے سیکیورٹی سب سے اہم عنصر ہے، جن علاقوں میں سیکیورٹی بہتر ہوگی وہاں سرمایہ کاری خود بخود آئے گی۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ پاکستان مشکل معاشی صورتحال سے نکل آیا ہے، ایک وقت تھا جب دیوالیہ ہونے کی باتیں ہو رہی تھیں، اگرچہ ملک کو اب بھی مختلف چیلنجز درپیش ہیں لیکن سرمایہ کاری کے لیے راہ ہموار ہو چکی ہے۔ رانا احسان نے بتایا کہ حکومت نے مختلف شعبوں میں اصلاحات کی ہیں اور ٹیکس بیس کو بہتر بنایا ہے، ٹیکس دینے والوں کی تعداد میں 30 لاکھ افراد کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ملازمت پیشہ افراد پر ٹیکس کم کرنے کی ضرورت ہے اور آئندہ سال تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دیا جائے گا، جبکہ بجلی کی قیمتوں میں بھی کمی کی گئی ہے۔ وزیر مملکت نے مزید کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کا عمل جلد شروع ہوگا اور اس کے لیے بڈنگ کی جائے گی، کوئی جادوگر بھی ہو تو چٹکی میں چیزیں درست نہیں ہوسکتیں، معیشت کی بہتری کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سالوں کی نسبت ایم این ایز کو دیے جانے والے فنڈز میں کمی کی گئی ہے، حکومت درست معاشی سمت میں چل رہی ہے اور موجودہ مدت کے دوران اصلاحات کے نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ: چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار

واقعے کے بعد ماڈل ٹاؤن تھانے میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

گوجرانوالہ (صباح نیوز) نامعلوم چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار ہو گئے تاہم پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ میں دن دیہاڑے بڑی چوری کی واردات سامنے آگئی، جہاں نامعلوم چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار ہو گئے۔ واردات چند روز قبل پیش آئی تاہم اس کی سی سی ٹی وی فوٹیج اب سامنے آگئی ہے، جس میں تین ملزمان دن دہاڑے کھلے عام چلغوزے کے چھ بورے اٹھا کر لے جاتے ہیں اور موقع سے فرار ہو جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد ماڈل ٹاؤن تھانے میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تاہم متاثرہ تاجر نے درج کی گئی ایف آئی آر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ متاثرہ تاجر کا کہنا ہے کہ پولیس نے مقدمے میں نقصان کی رقم 3 لاکھ 50 ہزار روپے درج کی ہے، جبکہ اصل نقصان 38 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ تاجر نے مطالبہ کیا ہے کہ مقدمہ درست رقم کے ساتھ درج کیا جائے، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے اور قیمتی چلغوزے برآمد کرائے جائیں۔

کولمبیا: اسکول بس پہاڑ سے نیچے جاگری

16 سے زائد افراد ہلاک، 20 زخمی

کولمبیا (صباح نیوز) شمالی کولمبیا کے ایک دیہی علاقے میں پیش آنے والے ہولناک حادثے میں اسکول کے بچوں کو لے جانے والی بس پہاڑ سے نیچے گر گئی، جس کے نتیجے میں کم از کم 16 طلبا جان کی بازی ہار گئے جبکہ بیس افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کے بعد مقامی اسپتالوں میں ہنگامی صورتحال نافذ کر دی گئی ہے۔ برطانوی اخبار کے مطابق کولمبیا کے شمالی علاقے میں ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں اسکول کے بچوں کو لے جانے والی بس پہاڑ سے نیچے جا گری۔ حادثے میں سولہ سے زائد افراد ہلاک جبکہ بیس زخمی ہو گئے ہیں، جن میں زیادہ تر ہائی اسکول کے طلبا شامل ہیں۔ کولمبیا کے گورنر اینڈرس جولین نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ بس ہائی اسکول کے طلبا کو لے کر کیریبین شہر ٹولو سے میڈیلن جا رہی تھی کہ راستے میں حادثے کا شکار ہو گئی۔ تاہم گورنر کی جانب سے پوسٹ میں حادثے کی وجوہات کا ذکر نہیں کیا گیا۔ گورنر اینڈرس جولین کے مطابق اب تک سولہ سے زیادہ افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہو چکی ہے جبکہ بیس زخمیوں کو مختلف اسپتالوں میں منتقل کیا گیا ہے۔ حادثے کے بعد مقامی اسپتال میں ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی ہے جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں مکمل کیں جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

پشاور، ناظم اسلامی جمعیت طلبہ خیبر پختونخوا عزت اسلامیہ کالج میں سالانہ سپورٹس گالا کے اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کیرئیر کوچنگ سنٹر جی۔ سیون مرکز ستارہ مارکیٹ کا اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس

اجلاس میں طلبا کی کردار، ذہن سازی اور متحرک کرنے کا لائحہ عمل تیار کرلیا ہے

اسلام آباد (پ ر) کیرئیر کوچنگ سنٹر جی۔ سیون مرکز ستارہ مارکیٹ کا اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس پرنسپل ذوالفقار علی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں چیئرمین کیرئیر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈپٹی ڈائریکٹر کیرئیر اکیڈمیز بورڈ آف ایجوکیشن) کیب (امتیاز احمد شاہ شریک تھے۔ اجلاس میں اکیڈمی کے انتظامی اور نصابی امور زیر بحث ائے۔ جس پر ادارتی بہتری کے لئے متحرک اور فعال حکمت عملی اور ٹھوس منصوبہ بندی کے فیصلے کیئے گئے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ ادارے کی ساکھ اور عزت اسکے کام میں ہوتی ہے۔ ادارتی قواعد وضوابط کے سامنے جوابدہی کے نظام پر عملداری یقینی بنائیں گے۔ امتیاز احمد شاہ نے کہا کہ کیب کے مرکزی تعلیمی نظام میں سالانہ شماریاتی جائزہ لے رہے ہیں۔ ماہانہ اور کریش ٹیسٹ سیریز کا تقابلی جائزہ لے کر فیڈرل بورڈ کے نتائج بہتر بنائیں گے۔ ذوالفقار علی نے کہا کہ کریش ٹیسٹ سیریز کے بروقت سوالیہ اور جوابی پرچہ جات اور مارکنگ کی جانچ پڑتال فیڈرل بورڈ پیٹرن کے مطابق کریں گے۔

تھانہ روڈ سے مین اڈہ چوک تک شام کے اوقات میں ریڑھی بانوں کا مکمل قبضہ

تحصیلدار فتح جنگ چوہدری شفقت محمود سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ محمد وحید، ملک وجاہت حسین

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) کے مطابق پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود نے اپنی انتھک محنت اور ذاتی کاوشوں سے فتح جنگ شہر کو ریڑھی تجاوزات سے پاک کروایا تھا اور ہر قسم کی تجاوزت ختم کی تھی لیکن اب میونسپل کمیٹی کے متعلقہ کی عدم دلچسپی اور نااہلی کی وجہ سے تھانہ روڈ سے مین چوک رات کے اوقات میں غیر ملکی اور غیر علاقی روڈ کی دونوں جانب سبزی اور فروٹ کی ریڑھیاں کھڑی کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے عام آدمی، گاڑیوں اور رکشوں کا وہاں سے گزرنا محال ہوتا ہے رات تقریباً دس بجے تک ریڑھی والے تھانہ روڈ پر کھڑے رہتے ہیں اکثر اوقات راستہ بند ہونے کی وجہ سے اگر کسی ریڑھی والے کو اپنی ریڑھی سائیڈ پر کرنے کا کہا جاتا ہے تو وہ لڑائی جھگڑا پر اتر آتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ بدتمیزی اور گالم گلوچ کرنا ان کا مشغلہ بن چکا ہے جب اس وقت بلدیہ کا یا دیگر کوئی متعلقہ اہلکار ادھر موجود نہیں ہوتا ہے معززین علاقہ نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود سے اپیل کی ہے کہ آپ شام کے وقت مغرب کی نماز کے بعد تھانہ روڈ پر چکر لگائیں اور ان کی تجاوزات کو آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں لہٰذا تھانہ روڈ سے مین چوک تک ریڑھی تجاوزات کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے

یاسین ملک پر مقدمات بے بنیاد، عالمی برادری نوٹس لے، انور سماوی

جموں کشمیر لبریشن فرنٹ نے جدوجہد آزادی کی بنیادوں میں تاریخی کردار ادا کیا، بات چیت

راولپنڈی (بیوورو رپورٹ) جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین یاسین ملک پر بے بنیاد مقدمات اور ان کی تہاڑ جیل میں قید اور جموں کشمیر کے عوام پر بھارتی دبا دنیا کے لیے دہشت اور خطے میں بدامنی کی بدترین علامت ہے جس پر عالمی برادری کو اپنی توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ جموں کشمیر لبریشن فرنٹ نے جدوجہد آزادی کی بنیادوں میں تاریخی کردار ادا کیا۔ بھارتی مظالم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ جموں کشمیر کے عوام نے کرنا ہے کشمیریوں کے خلاف بھارتی مظالم میں اضافہ ہو رہا ہے، کشمیری حریت پسند جاوید میر کی گرفتاری قابل مزمت ہے عالمی برادری کشمیریوں پر بھارتی ظلم وستم کا نوٹس لے۔ ان خیالات کا اظہار جموں کشمیر کے سنئر رہنماں حافظ انور سماوی، خواجہ سیف دین، سردار جاوید حنیف، سلیم بٹ، شفقت مغل اور معروف حریت پسند ناظم الدین بابر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لبریشن فرنٹ کے رہنماوں نے تحریک ازاد کشمیر کے خلاف بھارتی سازشوں کو بے نقاب کرتے ہوئے کہا تنظیم کے چیئرمین یاسین ملک پر بے بنیاد مقدمات اور ان کی تہاڑ جیل میں قید اور جموں کشمیر کے عوام پر بھارتی دبا دنیا کے لیے دہشت اور خطے میں بدامنی کی بدترین علامت ہے جس پر عالمی برادری کو اپنی توجہ مرکوز کرنا ہوگی اس اہم نوعیت کے اجلاس میں تحریک ازادی کو فعال اور نت جہ خیز بنانے کے لیے ٹھوس اور جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا اجلاس سے عابد کلثی نصرت قریشی سردار اصف خالد شید ابلال کشمیری کے علاوہ تنظیم کے سنیر کارکنوں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اجلاس میں شہدا کشمیر کے درجات کی بلندی اور ان کے مشن کی تکمیل کے لیے دعا کی گی۔

ہم نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا ہے، چوھدری عابد محمود

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے چیرمین چوھدری عابد محمود صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی صدر ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹ چوھدری مہربان حسین نے ڈیجیٹل میڈیا کے سرپرست انیس الرحمن سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا ہے میدان صحافت میں اہل علم کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے، مولانا ظفر علی خان، مولانا ابوالکلام آزاد، آغا شورش کاشمیری ایسے جبال علم وتقوی جن پر اردو بھی ناز کرتی ہے، جنہوں نے ہمیشہ عالمی سامراج کیخلاف قلمی جہاد کیا اور قوم میں شعور وآگہی کو زندہ کیا، انہوں نے کہا کہ تاریخ ہمیشہ حق وسچ لکھنے والوں اور ڈٹ جانے والوں کو یاد، رکھتی ہے، زرد صحافت کرنے والوں کو کوئی بھی یاد نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ کیمرے کا استعمال، الفاظ کا چناؤ قلم کی روانی تحریر میں حسن اور نکھار پیدا کر دیتی ہے، جہلم پریس کلب جہلم ضلع بھر کے صحافیوں کی آواز کے لیے ایک مضبوط قوت کے طور پر سامنے لانے کی کوشش یں وکاشیں جاری رکھے ہوئے ہیں،

پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے، راجہ محمد الیاس کیانی

اسلام آباد (بی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنماء راجہ محمد الیاس کیانی نے کہا کہ پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز اپنے وژن "ستھرا پنجاب" کے تحت جو اقدامات اٹھارہی ہیں، ان سے پنجاب کا چہرہ نکھر کر سامنے آرہا ہے۔ ہر شہر کے پوش علاقوں اور بڑی سڑکوں اور شاہراہوں پر انتظامی مشینری دن رات مصروف عمل ہے۔ پنجاب کے 39 اضلاع میں 132 بیوٹیفکیشن سکیمیں 16 ارب 90 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوں گی۔ 97 بیوٹیفکیشن سکیموں کے ورک آرڈر جاری، 88 بیوٹیفکیشن پراجیکٹ شروع ہونگے۔ مریم نواز نے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان میں واٹر فیچر/فوارے، مصنوعی آبشاریں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ مرکزی بازاروں میں سڑک کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ بنانے کا حکم دیا اور تیزی سے افزائش پانے والے پودے اور سبزہ شامل کرنے کی ہدایت کی۔ فٹ پاتھ پر روایتی گرے ٹائلز کی بجائے خوبصورت کلر ٹائل لگانے کا حکم بھی دیا۔ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کیلئے ڈیش بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا جسے روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

پاکستان معاشی اہداف کے حصول کی طرف بڑھ رہا ہے

سیاسی اختلافات کے خاتمہ کیلئے مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (بی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر و رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ وقومی ورثہ فرح ناز اکبر نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے اپنے ہر دور اقتدار میں ملکی تعمیر وترقی وخوشحالی کو ترجیح دی اور اب بھی اسی کاز کی تکمیل کی خاطر تمام تر صلاحیتیں اور توانائیاں بروئے کار لائی جارہی ہیں، مسلم لیگ (ن) کو جب بھی اقتدار ملا اس نے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی سیاست کی ،موجودہ حکومتوں کی کارکردگی عوام کے سامنے کھلی کتاب کی طرح ہے۔ جس میں معاشی و دفاعی محاذ پر حاصل ہونے والی کامیابیاں وکامرانیاں واضح ہیں۔ پاکستان تیزی سے معاشی اہداف کے اہداف کی طرف بڑھ رہا ہے، جوں جوں پاکستان درپیش بحرانوں اور مشکلات سے چھٹکارا پا رہا ہے ساتھ ساتھ انتشاری اور ملک دشمن ٹولے کی بوکھلاہٹ بھی بڑھ رہی ہے، حکومت ملکی سیاست میں مثبت وتعمیری رجحانات کے فروغ کی خاطر بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے اور سیاسی اختلافات کے خاتمہ کیلئے مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں مگر سیاست کے نام پر جو پاکستان کو جمہوریت کے ٹریک کے اتارنے اور انا وانتشار کو بڑھاوا دینے کی سازش کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی ہے۔ مسلم لیگی رہنما فرح ناز نے مزید کہا کہ وفاقی و پنجاب حکومت کے منصوبے فائلوں کا پیٹ بھرنے یا زبانی جمع خرچ تک محدود نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ذریعہ ثابت ہورہے ہیں، غریب عوام کو ہر سطح پر ریلیف دینے کی کوشش کی جارہی ہے

صاف ستھرا پنجاب کا صفائی کا ماڈل برطانیہ کے شہر برمنگھم تک پہنچ گیا، زیب النساء اعوان

پہلی بار کسی برطانوی شہر کے والنٹیئر زگروپ نے صفائی کیلئے پنجاب سے رہنمائی حاصل کی، سنئیر مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (بی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سنئیر رہنما و رکن صوبائی اسمبلی زیب النساء اعوان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صاف ستھرا پنجاب پروگرام کو عالمی سطح پر ایک اور بڑی پذیرائی مل گئی ہے، کاپ 30 کے بعد فوربز، بلوم برگ اور اب بی بی سی نے بھی صاف ستھرا پنجاب کے جدید ویسٹ مینجمنٹ ماڈل کو سراہا ہے، صاف ستھرا پنجاب کا صفائی کا ماڈل برطانیہ کے شہر برمنگھم تک پہنچ گیا ہے، جہاں تاریخ میں پہلی بار کسی برطانوی شہر کے والنٹیئر زگروپ نے صفائی کیلئے پنجاب سے رہنمائی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کا صاف ستھرا پنجاب ماڈل برطانیہ میں بھی ایک ماڈل بن چکا ہے، بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق برمنگھم میں ابلتے کوڑے دانوں اور بار بار ہونے والی ہڑتالوں کے مسائل کے حل میں ستھرا پنجاب ماڈل موثر ثابت ہوا، پنجاب کے ماہرین اور برمنگھم کے رضا کاروں کے درمیان ڈیجیٹل پارٹنرشپ نے کئی مفروضے بدل دیئے

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈکواٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی	0937-9230125
تھانہ ہوتی	0937-9230244
تھانہ پار ہوتی	0937-561245
تھانہ صدر	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی	0937-580172
تھانہ رستم	0937-800124
تھانہ طورو	0937-860320
تھانہ چورہ	0937-775981
تھانہ جبر	0937-542112
تھانہ تخت بھائی	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ	0937-575302
ساڑو شاہ	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن	1199
ریسکیو مردان	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ	0937-920151
ڈی ای او زنانہ	0937-9230150
مردان کالج	0937-9230033
کامرس کالج مردان	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

Sports
کھیل کھلاڑی

پاکستان ہاکی فیڈریشن کو انتخابی عمل روکنے کا حکم، جواب طلب کرلیا گیا

پاکستان اسپورٹس بورڈ نے ہاکی فیڈریشن کو غیر قانونی عمل کی 7 روز میں تحریری وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کردی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اسپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے ہاکی فیڈریشن کے انتخابی عمل کو روکنے کا حکم دیتے ہوئے فیڈریشن سے 7 روز میں تحریری وضاحت کی ہدایت بھی کردی ہے۔ پی ایس بی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو خط میں لکھا ہے کہ ہاکی فیڈریشن کو انتخابات کے انعقاد کا اختیار نہیں ہے، پورٹل کے ذریعے کلبز کی رجسٹریشن اور اسکروٹنی کا عمل غیر قانونی ہے اور ہاکی فیڈریشن کے دو رکنی الیکشن کمیشن کی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ ہاکی فیڈریشن کو کہا گیا ہے کہ پی ایس بی نے 26 نومبر کو لکھے گئے خط میں قانونی پوزیشن واضح کردی تھی لہٰذا ہاکی فیڈریشن کا ازخود انتخاب کرانا آرٹیکل 17 کی خلاف ورزی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ہاکی فیڈریشن کے انتخابات، کلبز کی رجسٹریشن اور اسکروٹنی پی ایس بی کا کام ہے۔ پاکستان اسپورٹس بورڈ نے ہاکی فیڈریشن سے 7 یوم کے اندر تحریری طور پر اپنے غیر قانونی عمل کی وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پی ایچ ایف نے ازخود اپنے الیکشن شیڈول کا اعلان کیا تھا، جس پر پی ایس بی نے پی ایچ ایف کو ازخود الیکشن شیڈول جاری کرنے پر سات روز میں جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ پی بی ایس نے واضح کیا ہے کہ حکومتی اداروں سے اجازت لیے بغیر پی ایچ ایف کا الیکشن نہیں ہوگا، رپورٹس کے مطابق پی ایچ ایف نے دو رکنی الیکشن کمیشن بنانے کا اعلان کیا تھا۔

متنازع ریفری اینڈی پائیکرافٹ کی پاکستان مخالف پوسٹ؛ حقیقت سامنے آگئی

پوسٹ میں لکھا گیا تھا کہ پاکستانی کھلاڑی ہمیشہ کھیل کو بدنام کرتے ہیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایشیا کپ 2025 کے دوران پاکستان اور بھارت کے میچ میں متنازع فیصلے کے بعد ایکس (سابق ٹوئٹر) پر میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے نام سے ایک اکاؤنٹ سامنے آیا، جس سے پاکستان مخالف پوسٹس کی گئیں۔ ان پوسٹس میں پائیکرافٹ کو اپنے فیصلے پر ڈٹے رہنے اور پاکستانی کھلاڑیوں پر تنقید کرتے دکھایا گیا۔ تاہم تحقیقات سے یہ بات واضح ہوئی ہے کہ یہ اکاؤنٹ جعلی ہے اور دراصل کسی بھارتی صارف نے بنایا ہے۔ میچ کے بعد پاکستانی ٹیم نے احتجاجاً بھارتی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہیں ملایا، کیونکہ ٹاس کے وقت ریفری نے بھی کپتانوں کو مصافحہ نہ کرنے کی ہدایت دی تھی۔ بعد ازاں قومی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے اختتامی تقریب میں بھی شرکت نہیں کی۔ اسی دوران ایکس پر اینڈی پائیکرافٹ کے نام سے ایک پوسٹ وائرل ہوئی جس میں دعویٰ کیا گیا کہ پی سی بی نے آئی سی سی کو خبردار کیا ہے کہ اگر ریفری کو نہ ہٹایا گیا تو پاکستان ایشیا کپ میں شرکت نہیں کرے گا۔ اس پوسٹ میں مزید کہا گیا کہ پاکستانی کھلاڑی ہمیشہ کھیل کو بدنام کرتے ہیں اور ان میں سابق کھلاڑیوں محمد حفیظ اور سعید اجمل کا بھی نام لیا گیا۔ یہ پوسٹ تیزی سے وائرل ہوئی اور لاکھوں صارفین نے اسے دیکھا، ہزاروں نے لائیک اور شیئر بھی کیا۔ بھارتی میڈیا آؤٹ لیٹ اوڈیشا ٹائمز نے بھی اس پوسٹ کو خبر کی صورت میں شائع کیا، جس کے بعد معاملہ مزید توجہ کا مرکز بن گیا۔ لیکن جب اس اکاؤنٹ کی حقیقت جانچی گئی تو پتا چلا کہ اصل میں اس کا پرانا نام ''گنگادھر ※90'' تھا۔

ایشیا کپ: اوپننگ بیٹر صائم ایوب کا انوکھا کارنامہ

صائم ایوب کو شائقین کی جانب سے سوشل میڈیا پر کافی تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں پی سی بی 3 جبکہ موجودہ فرنچائزز 5 پلیئرز ریٹینشنز کی خواہاں ہیں، اس حوالے سے جلد فیصلہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل کا 11 واں ایڈیشن 26 مارچ سے 3 مئی 2026 تک ہوگا جس میں 2 نئی ٹیمیں بھی شامل ہوں گی۔ نئی ٹیموں کو مضبوط بنانے کیلیے اس بار پی سی بی موجودہ 6 فرنچائزز کو 8 پلیئرز برقرار رکھنے کی اجازت نہیں دے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ دنوں اجلاس میں حکام نے فی فرنچائز 3 ریٹینشنز کی تجویز دی ہے۔ دوسری جانب فرنچائزز بھی اس حقیقت کو سمجھتی ہیں کہ نئی ٹیموں کے لیے پلیئرز ریلیز کرنا ضروری ہوں گے، البتہ وہ اپنے ایسے کھلاڑیوں سے بھی محروم نہیں ہونا چاہتیں جنھیں مداح ان کے ساتھ لازم وملزوم سمجھتے ہیں، اسی لیے 5 پلیئرز کو برقرار رکھنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ تاہم پی سی بی کی جانب سے ابھی اس پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ چھٹی ٹیم ملتان سلطانز کی شمولیت کے وقت فرنچائزز کو 10 ریٹینشنز کی اجازت تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ حکام کو یقین ہے کہ 8 ٹیمیں ہونے سے بھی لیگ کی کوالٹی پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ حکام کا ماننا ہے کہ ملک میں بڑا پلیئرز پول موجود ہے، رواں برس کئی نوجوان کرکٹرز نے بھی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، اسی طرح غیرملکی بڑے نام بھی پی ایس ایل میں شرکت کے لیے بے چین ہیں۔ انگلش آل راؤنڈر کرس ووکس نے ایشیز سیریز کے لیے منتخب نہ ہونے پر ستمبر میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا، وہ بھی پاکستانی لیگ کے دوران ایکشن میں نظر آسکتے ہیں۔

آئی پی ایل: آسٹریلوی آل راؤنڈر تاریخ کے تیسرے مہنگے کھلاڑی بن گئے

آسٹریلوی آل راؤنڈر کو کولکتہ نائٹ رائڈرز نے ریکارڈ قیمت میں خریدا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلوی آل راؤنڈر کیمرون گرین انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں فروخت ہونے والے سب سے مہنگے اوورسیز کھلاڑی بن گئے۔ 26 سالہ آسٹریلوی آل راؤنڈر کو کولکتہ نائٹ رائڈرز نے منگل کے روز 2026 کے سیزن کے لیے ہونے والی نیلامی میں 25 کروڑ 20 لاکھ بھارتی روپے (77 کروڑ 68 لاکھ پاکستانی روپے) میں خریدا۔ اس ریکارڈ فروخت کے بعد کیمرون گرین آئی پی ایل کی تاریخ میں خریدے جانے والے تیسرے مہنگے ترین کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اس فہرست میں پہلے نمبر پر رشبھ پنت (27 کروڑ بھارتی روپے) اور دوسرے پر شریاس ایر (26 کروڑ 75 لاکھ) موجود ہیں۔ واضح رہے کیمرون گرین اس سے قبل ممبئی انڈینز اور رائل چیلنجرز بینگلورو کی جانب سے کھیل چکے ہیں۔ جبکہ 2025 میں کمر کی تکلیف کی وجہ سے انہوں نے سیزن میں حصہ نہیں لیا تھا۔

ایشیا کپ: پاک یو اے ای میچ کے دوران امپائر زخمی ہوکر میدان سے باہر چلے گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور یو اے ای کے درمیان ایشیا کپ میچ میں امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔ یو اے ای کی اننگز کے چھٹے اوور میں پاکستانی وکٹ کیپر محمد حارث نے گیند بولر صائم ایوب کی جانب اچھالی جو سری لنکن امپائر روچیرا پالیاگروگے کے جا لگی۔ فزیو نے میدان میں آکر ان کا معائنہ کیا اس دوران میچ کچھ دیر تک رکا رہا۔ امپائر میچ چھوڑ کر میدان سے باہر چلے گئے، ان کی جگہ ریزرو امپائر غازی سہیل نے میچ میں فرائض نبھائے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے یو اے ای کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کرلی ہے۔

میچ ریفری کو ہٹایا جائے، پی سی بی نے آئی سی سی کو ایک اور خط لکھ دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو میچ ریفری کی تبدیلی سے متعلق ایک اور خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو میچ ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر جوابی خط میں بھی سخت مؤقف اختیار کیا اور میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف ایکشن نہ لینے کے فیصلے کو مسترد کردیا۔ پی سی بی نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کو ہٹانے کا اپنا اصولی مطالبہ پھر دہرا دیا ہے جس کے بعد پاکستان اور یو اے ای کے درمیان آج طے شدہ میچ کے انعقاد پر شکوک وشبہات برقرار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی اینڈی پائیکرافٹ کو نہ ہٹائے جانے پر ایشیا کپ کے باقی میچز کا بائیکاٹ کرنے کے موقف پر قائم ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے متنازع ریفری کیخلاف آئی سی سی انکوائری کو بھی رسمی کارروائی قرار دیا گیا ہے، انکوائری کے لیے تمام پہلوؤں کا نہ جائزہ لیا گیا اور نہ متعلقہ لوگوں سے رابطہ کیا گیا۔

ایشیا کپ تنازع: محسن نقوی کی سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایشیا کپ میں پاک-بھارت میچ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر سابق پی سی بی چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت کرلی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا کو مشاورت کے لیے ہیڈ آفس آنے کی دعوت دی جہاں ایشیا کپ میں پیدا ہونے والے تنازع پر مشاورت کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے مشاورت کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ اس دوران دبئی میں قومی ٹیم کو ہوٹل سے گراؤنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیم اسٹیڈیم کے لیے روانہ ہوگئی۔

ایشیز: ایلکس کیری اور عثمان خواجہ کی شاندار بیٹنگ، پہلا روز آسٹریلیا کے نام

مچل اسٹارک 33 اور نیتھن لائن بغیر کوئی رن بنائے کریز پر موجود ہیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایشیز سیریز کے تیسرے میچ کے پہلے روز اختتام تک آسٹریلیا نے 8 وکٹوں کے نقصان پر 326 رنز بنا لیے۔ ایڈیلیڈ میں کھیلے جارہے میچ میں آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا تو اوپنرز جلد ہی پویلین لوٹ گئے۔ جیک ویدرالڈ 18 اور ٹریوس ہیڈ 10 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ٹاس سے صرف 20 منٹ قبل اسٹیو اسمتھ کی جگہ ٹیم میں شامل کیے جانے والے عثمان خواجہ نے مارنس لبوشین کے ہمراہ 61 رنز کی شراکت قائم کی مارنس لبوشین 19 رنز بنا کر چلتے بنے۔ گزشتہ روز آئی پی ایل میں سب سے مہنگے فروخت ہونے والے کیمرون گرین بغیر کوئی رن بنائے ہی پویلین لوٹ گئے عثمان خواجہ اور ایلکس کیری کے درمیان 91 رنز کی شراکت نے آسٹریلوی ٹیم کو سہارا دیا۔ عثمان خواجہ 82 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ جوش انگلیس 32، کپتان پیٹ کمنز 13 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ایلکس کیری آج آسٹریلیا کے آؤٹ ہونے والے آخری بلے باز تھے جنہوں نے 106 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ مچل اسٹارک 33 اور نیتھن لائن بغیر کوئی رن بنائے کریز پر موجود ہیں۔

پاکستان کا دورہ سری لنکا، بی بی ایل کھیلنے والے کھلاڑیوں کی شرکت مشکوک

پاکستانی کھلاڑیوں کے بگ بیش لیگ کا مکمل سیزن کھیلنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے، سی اے اوکرکٹ آسٹریلیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کو جنوری 2026 میں تین ٹی ٹوئنٹی میچز کے لیے سری لنکا کا دورہ کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کی تیاری کے لیے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچز 7، 9 اور 11 جنوری کو کھیلے جائیں گے۔ تاہم پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں شامل بابر اعظم، شاہین آفریدی، حسن علی اور حارث رؤف سمیت بعض کھلاڑی ان دنوں بی بی ایل میں کھیل رہے ہیں۔ ایسے میں کرکٹ آسٹریلیا کے چیف ایگزیکٹو ٹوڈ گرین برگ کا کہنا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں کے بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کا مکمل سیزن کھیلنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ ٹوڈ گرین برگ نے بی بی ایل میں شامل پاکستانی کھلاڑیوں اور دورہ پاکستان پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ بی بی ایل میں جن کھلاڑیوں کے معاہدے ہوئے ہیں وہ پورا سیزن کھیلیں گے۔

Showbiz
رونق میلہ

روب رائنر کے بیٹے پر والدین کے قتل کی فرد جرم عائد

نک رائنر ماضی میں منشیات کے استعمال اور ذہنی دباؤ کے مسائل کا شکار رہا ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے معروف اداکار فلم ساز روب رائنر کے کم عمر بیٹے پر والدین کے قتل کی فرد جرم عائد کردی گئی۔ امریکی میڈیا کے مطابق 32 سالہ نک رائنر پر منگل کے روز دوہرے قتل کی فرد جرم عائد کی گئی۔ نک رائنر کو اتوار کی سہ پہر لاس اینجلس کے پوش علاقے برینٹ ووڈ میں واقع گھر سے والدین کی لاشیں ملنے کے چند گھنٹے بعد گرفتار کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق 78 سالہ اداکار و ہدایتکار روب رائنر اور ان کی 70 سالہ اہلیہ مشیل رائنر کو چاقو کے وار کر کے قتل کیا گیا۔

استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لاہور (شوبز رپورٹر) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہوگئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔

تیس کروڑ فراڈ کیس میں بھارتی فلمساز اور اہلیہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل روانہ

عدالت نے دونوں کی طبی ضمانت کی درخواست مسترد کردی

لاہور (شوبز رپورٹر) بھارتی فلم ساز وکرم بھٹ اور ان کی اہلیہ شویتمبری کو 30 کروڑ روپے کے مبینہ فراڈ کیس میں عدالتی تحویل میں جیل بھیج دیا گیا، عدالت نے دونوں کی طبی ضمانت کی درخواست مسترد کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وکرم بھٹ اور ان کی اہلیہ کو گزشتہ ہفتے ایک فراڈ کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔ منگل کو دونوں نے طبی بنیادوں پر عبوری ضمانت کی درخواست دائر کی تاہم عدالت نے درخواست منظور کرنے سے انکار کرتے ہوئے انہیں دوبارہ عدالتی تحویل میں جیل بھیج دیا۔ پولیس کے مطابق یہ کیس فلم پروڈیوسر ڈاکٹر اجے مرڈیا کی شکایت پر درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ وکرم بھٹ اور ان کی اہلیہ نے فلمی منصوبوں میں سرمایہ کاری کے بدلے بھاری منافع کا جھانسہ دیا۔ شکایت کے مطابق ابتدائی طور پر 7 کروڑ روپے جبکہ مجموعی طور پر 47 کروڑ روپے میں چار فلمیں بنانے اور 100 سے 200 کروڑ روپے منافع دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ مدعی کا کہنا ہے کہ ملزمان نے فلم بنانے کے نام پر 30 کروڑ روپے سے زائد رقم خورد برد کرلی۔ پولیس کے مطابق رقم منتقل کرنے کے لیے جعلی رسیدیں اور دستاویزات استعمال کی گئیں۔ وکرم بھٹ اور شویتمبری کو 7 دسمبر کو گرفتار کر کے ادے پور کی عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔

1300 آڈیشنز کے بعد 'دھرندھر' کی ہیروئن سارہ ارجن کا انتخاب کیسے ہوا

فلم کا سیکوئل 19 مارچ 2026 کو ریلیز ہوگا

لاہور (شوبز رپورٹر) حال ہی میں ریلیز ہونے والی پاکستان مخالف بھارتی پروپیگنڈا فلم 'دھرندھر' نے محض 10 دن میں بھارتی باکس آفس پر 350 کروڑ روپے سے زائد کمائی کر کے دھوم مچا دی ہے۔ عالمی سطح پر فلم کی مجموعی آمدنی 500 کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی ہے۔ فلم کی اسٹار کاسٹ بھی ناظرین کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر صارفین رنویر سنگھ اور 20 سالہ سارہ ارجن کی جوڑی اور ان کی کیمسٹری کو بے حد پسند کر رہے ہیں۔ عمر کے فرق پر سوالات کے حوالے سے کاسٹنگ ڈائریکٹر مکیش چھابڑا نے بتایا کہ پلاٹ کی ضرورت کے مطابق رنویر سنگھ کا کردار حمزہ ایک کم عمر خاتون کو اپنے قابو میں لینے کی کوشش کرتا ہے، اس لیے مرکزی کردار کے لیے 20 سے 21 سال کی اداکارہ کا ہونا ضروری تھا۔ مکیش نے کہا کہ عمر کے فرق سے متعلق مزید وضاحت 'دھریندر پارٹ 2' میں سامنے آئے گی۔ فلم کے لیے تقریباً 1,300 لڑکیوں کے آڈیشن لیے گئے، لیکن سارہ ارجن شروع سے نمایاں نظر آئیں۔ ٹیم ایک نیا اور غیر مانوس چہرہ لے کر ناظرین کو چونکانا چاہتی تھی اور ہدایتکار ادیتیا دھر نئے ٹیلنٹ کو موقع دینے کے حق میں تھے، اسی وجہ سے سارہ کو مرکزی کردار کے لیے منتخب کیا گیا۔ مکیش چھابڑا نے سارہ ارجن کی محنت اور لگن کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ معصوم چہرے کے پیچھے وہ ایک طاقتور اداکارہ ہیں، پارٹ 2 میں ان کی اداکاری کی اصل صلاحیت سامنے آئے گی، جہاں وہ زیادہ مضبوط کردار میں نظر آئیں گی۔ فلم کا سیکوئل 19 مارچ 2026 کو ریلیز ہوگا

ہانیہ عامر نے کاسمیٹک سرجری اور بوٹوکس کروا رکھا ہے؟ اداکارہ کھل کر بول پڑیں

اداکارہ کے بے باک جواب کو مداحوں نے خوب سراہا

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کی مقبول اداکارہ ہانیہ عامر ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ انسٹاگرام پر 2.19 ملین سے زائد فالوورز رکھنے والی ہانیہ عامر نے حال ہی میں لکس اسٹائل ایوارڈز میں ہانیہ عامر کی شرکت اور ان کا نیا لک سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کر رہا ہے۔ ایوارڈ شو کے بعد ہانیہ نے اپنے LSA لک کی ایک خوبصورت ریل انسٹاگرام پر شیئر کی جس میں وہ پراعتماد انداز میں پوز دیتی اور گانے کے ساتھ ہم آواز ہوتی دکھائی دیں۔ ہانیہ کی ویڈیو پر مداحوں نے خوب محبت لٹائی۔ ایک صارف نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ وہ فوٹوشاپ کی ہوئی لگ رہی ہیں۔

60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے ملوث ہونے کا انکشاف

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی سامنے آگیا ہے۔ ان دنوں راج کندرا اور اداکارہ شلپا شیٹی 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی کا ہے جس میں ان کی اہلیہ اداکارہ شلپا شیٹی کے ملوث ہونے کا بھی اشارہ دیا گیا ہے۔ اس ہائی پروفائل کیس کی تفتیش ممبئی پولیس کی اکنامک آفینسز ونگ (EOW) کر رہی ہے جس میں اب نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے نئے بیان میں بتایا ہے کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ بنائی جانے والی فلموں اور دیگر پراجیکٹس کی تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ بھارتی روپے پروموشن اور دیگر اخراجات پر خرچ کیے گئے۔

ہالی ووڈ کے ہزار سے زائد فنکاروں کا اسرائیلی فلمی اداروں کا بائیکاٹ

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے ایک ہزار سے زائد فنکاروں، فلم سازوں اور دیگر تخلیقی شخصیات نے اسرائیلی فلمی اداروں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد ان اداروں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون روکنا ہے جو مبینہ طور پر فلسطینیوں کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں شریک ہیں۔ اس بائیکاٹ کا اعلان ایک اجتماعی حلف نامے کے ذریعے کیا گیا ہے جس پر ہالی ووڈ کی معروف شخصیات جیسے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اولیویا کولمین، ہدایتکارہ آوا ڈو ورنے، اداکارہ ٹلڈا اسوئنٹن، مارول فلموں کے اداکار مارک روفیلو، اور ہدایتکار ایڈم مکائے نے دستخط کیے ہیں۔

جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری کے تعلقات سے متعلق نیا دعویٰ سامنے آگیا

لاہور (شوبز رپورٹر) غیر ملکی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ سامنے آیا ہے کہ مشہور پاپ گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے درمیان تعلقات اب بھی قائم ہیں۔ امریکی جریدے Us Weekly کے مطابق کئی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جولائی کے آخر میں ایک ساتھ ڈنر کرنے کے بعد بھی کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو رابطے میں ہیں اور ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم انہوں نے اس رشتے کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان تعلقات ضرور ہیں مگر یہ رشتہ اس وقت 'سنجیدہ' نہیں ہے کیونکہ کیٹی پیری اپنی 'لائف ٹائمز' ٹور میں مصروف ہیں اور جسٹن ٹروڈو کی بھی مصروفیات ہیں۔ تاہم ٹروڈو اور گلوکارہ اگلے چند ہفتوں میں ملاقات کرسکتے ہیں جس کی منصوبہ بندی سابق وزیراعظم نے کی ہے کیونکہ تب تک کیٹی کو ٹور سے بریک مل جائے گا۔

مشہور 23 سالہ انفلوئنسر کی لاپتہ ہونے کے بعد پُراسرار موت

23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) میکسیکو کی معروف فیشن انفلوئنسر اور ٹک ٹاک اسٹار ماریان اِزاگیرے پراسرار طور پر لاپتہ ہونے کے بعد انتقال کر گئیں۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریان اِزاگیرے چند روز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی تھیں۔ پانچ دن بعد ریاست مشیواکان کے شہر مورلیا کے ایک ہوٹل سے خراب حالت بازیاب ہوئی تھیں انہیں بازیابی کے بعد طبی امداد کیلیے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہوسکیں۔ پولیس کے مطابق 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں بازیابی کے وقت ٹک ٹاکر انتہائی نازک حالت میں تھیں اور انہیں دماغی مفلوجی (برین فیلیئر) کا سامنا تھا، جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ یاد رہے کہ حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کردیا ہے اور ٹک ٹاکر کی موت کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

سیف علی خان کا کرینہ کپور کے ساتھ تعلقات میں عدم تحفظ کا انکشاف

سیف علی خان نے حالیہ انٹرویو میں کرینہ کپور کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے انکشافات کیے

لاہور (شوبز رپورٹر) سیف علی خان اور کرینہ کپور خان کو بالی ووڈ کے مقبول ترین جوڑوں میں سے ایک قرار دیا جاتا ہے اور دونوں اسٹارز اپنی بے باک گفتگو کے لیے بھی جانے جاتے ہیں کیونکہ وہ جب بھی میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہیں تو ان کے بیانات شہ سرخی بن جاتے ہیں، ایسے ہی انڈسٹری کے چھوٹے نواب نے حالیہ انٹرویو میں کرینہ کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے انکشافات کیے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق دی ہالی ووڈ رپورٹر انڈیا کو انٹرویو میں سیف علی خان نے کرینہ کپور کے ساتھ اپنے رشتے کے ابتدائی دنوں کی ایک نایاب جھلک پیش کی اور کھل کر اعتراف کیا کہ جب انہوں نے ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنا شروع کیا تو سب کچھ متوازن نہیں تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اپنے وقت کی سب سے بڑی اسٹار کرینہ کپور کے ساتھ ڈیٹ ان کے لیے ایک بالکل نیا تجربہ تھا، ماضی کے تعلقات کے برعکس کرینہ ایک مصروف اداکارہ تھیں جو مسلسل فلموں میں کام کرنے والے اپنے ساتھی اداکاروں، کامیابی اور عوامی توجہ کا مرکز تھیں۔

وہ مشہور اداکارہ کون ہے جسے پہلی ہی فلم سے نکال کر رانی مکھرجی کو کاسٹ کرلیا گیا

پہلی فلم سے نکالا گیا، کرایہ دینے کے پیسے بھی نہیں تھے، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نواب خاندان کی بیٹی اداکارہ سوہا علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ان کی پہلی ہی فلم سے نکال دیا گیا تھا۔ سیف علی خان کی بہن سوہا علی خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ کس طرح انہیں اپنی پہلی فلم پہلی سے نکال دیا گیا تھا، جس کے بعد وہ مالی مشکلات کا شکار ہوگئیں۔ ایک انٹرویو میں سوہا نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بینک کی کارپوریٹ ملازمت چھوڑ کر فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کیا تھا، حالانکہ اس وقت ان کی تنخواہ اچھی تھی اور وہ لندن میں بسنے کی منصوبہ بندی کر رہی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہدایتکار امول پالیکر نے انہیں فلم 'پہیلی' کے لیے کاسٹ کیا تھا، لیکن جب شاہ رخ خان نے فلم میں مرکزی کردار کے طور پر شمولیت اختیار کی تو سوہا کو نکال دیا گیا اور ان کی جگہ رانی مکھرجی کو لے لیا گیا۔ سوہا علی خان کے مطابق انہیں جب اچانک بتایا گیا کہ اب وہ فلم کا حصہ نہیں رہیں گی، تو وہ حیران اور پریشان ہوگئیں کیونکہ ان کے پاس کرایہ ادا کرنے کے بھی پیسے نہیں تھے اور وہ اپنی جاب چھوڑ چکی تھیں۔

بقیہ 1

ماڈرن سبزی منڈیوں خریداروں اور آڑھتیوں کے صاف پانی کے لئے تمام واٹر فلٹریشن پلانٹ بحال کر دیئے گئے، ماڈرن سبزی منڈیوں میں نیا سٹاف اور ویسٹ کولیکشن سسٹم متعارف کرایا گیا ہے، پنجاب کے خریداروں اور آڑھتیوں کو 188 ماڈرن سبزی منڈیوں میں اب صاف ستھرے ٹائلٹ مکمل فعال ملیں گے۔خریداروں کیلئے ہیلپ ڈیسک قائم اور ریٹ بورڈ آویزاں کر دیئے گئے، ماڈرن سبزی منڈیوں میں 2 لاکھ 66 ہزار سے زائد سٹریٹ لائٹس فعال ہوچکی، ماڈرن سبزی منڈیوں کا گرین ویسٹ بائیو گیس اور پولٹری فیڈ بنانے کیلئے استعمال ہوگا، ہر ماڈرن سبزی منڈی میں ڈرینج سسٹم بحال کر دیا گیا، ہر مین ہول پر ڈھکن لگ گئے ہیں۔پنجاب میں پہلی دفعہ سبزی اور پھلوں کی طلب ورسد کا ریکارڈ رکھنے کے لئے ٹریکنگ آن ویل سسٹم نافذ کر دیا گیا، پنجاب میں آنے والے سبزی اور پھل کے ہر ٹرک کی ٹریکنگ سیف سٹی اتھارٹی سے منسلک کر دی گئی، پاکپتن، قصور، ساہیوال، میاں چنوں، شیخوپورہ اور منڈی بہاؤالدین میں ماڈرن سبزی منڈیاں قائم ہوں گی۔مری کے عوام کو سستے پھل اور سبزی فراہم کرنے کیلئے سپلائی چین سسٹم قائم کر دیا گیا، ہول سیل نرخ پر پھل اور سبزیاں میسر ہوں گی۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آف سیزن سبزیوں کے حصول کیلئے جدید طریقہ کاشت اختیار کرنے کی ہدایت کر دی اور عوام کو دھوکہ دینے والے پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں کو نوکری سے فارغ کر کے جیل میں ڈالنے کا حکم دے دیا، مارکیٹ کمیٹیوں میں پبلک سروس کمیشن کے ذریعے میرٹ پر سیکرٹری بھرتی کرنے کی اجازت بھی دے دی۔مریم نواز نے کہا کہ پنجاب سے مافیا کلچر کا خاتمہ کر دیا، اب پنجاب میں کوئی مافیا نہیں پنپ سکتا، عوام کو ہر صورت پر سستی روٹی اور سستا آٹا فراہم کرنا ہمارا عزم ہے، پھل اور سبزیوں منڈیوں کے خود سرپرائز وزٹ کروں گی، پنجاب میں ایسے شاندار کام ہو رہے ہیں کہ دوسرے صوبے تقلید کرنے پر مجبور ہو گئے۔

بقیہ 2

اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں ریلوے کے انفرااسٹرکچر، فریٹ سروس اور سہولتوں میں بہتری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیر ریلوے حنیف عباسی نے سیکریٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل محمد علی کو بتایا کہ پہلا سیف اینڈ اسمارٹ ریلوے اسٹیشن راولپنڈی میں قائم کیا گیا، ڈیجیٹائزیشن کے عمل کو فروغ دیتے ہوئے ریل ٹیگ متعارف کرایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹرینوں اور رولنگ اسٹاک کی ریئل ٹائم ٹریکنگ ممکن بنائی جا رہی ہے۔وزیرِ ریلوے نے کہا کہ ٹرینوں میں بہتری اور متعدد ریلوے اسٹیشنز کو اپ گریڈ کیا گیا ہے، اے ڈی بی کے ساتھ ایم ایل ون منصوبے کا معاہدہ طے پا چکا ہے۔حنیف عباسی نے کہا کہ ایم ایل ون منصوبہ ریلوے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 3

ٹرانسپورٹ سیکٹر کی ڈی کاربنائزیشن کے لیے جامع حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر کی ڈی کاربنائزیشن صرف الیکٹرک گاڑیوں تک محدود نہیں ہوسکتی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو SPAR6C کے زیر اہتمام کم کاربن ٹرانسپورٹ پر منعقدہ ویبنار میں ''پاکستان کے ٹرانسپورٹ سیکٹر میں کاربن اخراج میں کمی، آرٹیکل 6 کے تحت تعاون'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ گرین ہائیڈروجن مستقبل کی بھاری ٹرانسپورٹ کے لیے ایک موثر اور ناگزیر آپشن ہے جس کے لئے عملی اقدامات ضروری ہیں۔ وفاقی وزیر نے گرین ہائیڈروجن کی پیداوار، استعمال اور انضمام کے امکانات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پالیسیوں کی کامیابی موثر تربیت اور ادارہ جاتی صلاحیت کے بغیر ممکن نہیں۔

بقیہ 4

کردی ہے۔صدر نے دانش اسکولز اتھارٹی بل صوبائی مشاورت کی ضرورت کے پیشِ نظر نظرِ ثانی کے لیے وزیراعظم کو واپس بھجوا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دانش اسکولز کے قیام کی صورت میں صوبائی حکومتوں سے پیشگی مشاورت ناگزیر ہے۔

بقیہ 5

کے دوران جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی نے وکلاء کو سخت تنبیہ کر دی۔دوران سماعت جسٹس سید ارشد علی نے ریمارکس دیے کہ وکلاء جب خود عدالتی فیصلے نہیں مانیں گے تو پھر عام افراد سے کیسے عدالتی احکامات تسلیم کروائیں گے۔جسٹس ارشد علی نے کہا کہ ہم تو صرف رائے دیتے ہیں، کسی کو اسے ماننا ہے یا نہ ماننا ان کی مرضی ہے، لیکن جب وکلاء٭ ہمارے فیصلے کی پاسداری نہیں کریں گے تو دوسروں سے کیسے منوائیں گے؟وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ درخواست گزار پہلی بار پیش ہوئے ہیں اور عدالتی فیصلہ بھی موجود ہے۔

بقیہ 6

نے کہا کہ بھارت سرحد پار دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے، بھارت شمالی امریکا سمیت مختلف ملکوں میں قتل و غارت میں ملوث ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے خلاف بارہا جارحیت کی ہے، جو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی ہے۔پاکستانی قونصلر نے ایک بار پھر مطالبہ کیا کہ بھارت ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی بند کرے۔پاکستانی نمائندے نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارت کا بیان حقائق کو دانستہ طور پر مسخ کرنے اور ایک بین الاقوامی معاہدے کی غلط تشریح کے مترادف قرار دیدیا۔انہوں نے واضح کیا کہ سندھ طاس معاہدے کی کسی بھی شق میں یکطرفہ معطلی یا ترمیم کی اجازت نہیں دی گئی۔

بقیہ 7

روشن مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، لانس نائیک محمد محفوظ نے غیر معمولی حوصلے اور جرات کے ساتھ ایک انتہائی خطرناک مشن مکمل کیا اور شہادت کے بلند رتبے پر فائز ہوئے۔انہوں نے کہا کہ ان کی عظیم قربانی سے محاذِ جنگ کا نقشہ بدل گیا اور دشمن کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا، ناقابلِ فراموش بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے لانس نائیک محمد محفوظ نے دشمن کی سب سے مؤثر دفاعی پوزیشن کو خاموش کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید پوری قوم کے لیے حوصلے، عزم اور قربانی کی مثال ہیں، انہوں نے ثابت کیا کہ فرض کی ادائیگی میں شہادت کا عظیم رتبہ حاصل کرنا ہی ایک پاکستانی سپاہی کے لیے سب سے بڑا اعزاز ہے۔وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا نام تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا اور آنے والی نسلیں ان کی جرات و قربانی سے سبق حاصل کرتی رہیں گی۔

بقیہ 8

کو بھجوادی گئی۔ذرائع کے مطابق وفاقی وزیرِ تعلیم خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں سرچ کمیٹی نے انٹرویوز کیے، وزیراعظم 3 ناموں میں سے ایک کا انتخاب کر کے نئے چیئر مین کی منظوری دیں گے۔ذرائع کے مطابق این ای ڈی کے سابقہ وائس چانسلر ڈاکٹر سروش حشمت لودھی، قائداعظم یونیورسٹی کے موجودہ وائس چانسلر ڈاکٹر نیاز احمد اختر اور پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی شاہ کا نام سمری میں شامل ہے۔سیکرٹری وزارت تعلیم ندیم محبوب بطور قائمقام چیئر مین ایچ ای سی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں، ایچ ای سی چیئر مین کا عہدہ جولائی سے خالی ہے

بقیہ 9

عدالتوں کا کام پالیسیوں میں تبدیلی یا معاشی اصولوں میں مداخلت کرنا نہیں۔وکیل ایف بی آر نے کہا کہ موجودہ کیس میں خارجی تعلقات اور نیشنل سیکیورٹی کے معاملات بھی شامل ہیں۔ہائیکورٹ ایس آر او کو غیر قانونی قرار دیے بغیر احکامات جاری نہیں کر سکتی۔عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی کر دی۔واضح رہے کہ حکومت نے 2019 میں انڈیا، اسرائیل کی اشیاء برآمدگی پر پابندی عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا جس کے خلاف مختلف فریقین نے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔لاہور ہائیکورٹ نے معاملے پر کمیٹی کی تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے پابندی کا دوبارہ جائزہ لینے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ 10

نے کہا کہ چاروں صوبے مل کر ترقی کریں گے تو پاکستان عظیم بنے گا، محنت، دیانت اور بھائی چارے سے پاکستان عظیم بنے گا۔مائیک بند ہونے پر شہباز شریف نے کہا کہ معافی چاہتا ہوں میرے مکے سے مائیک بند ہوگیا، یہ وہی مکا تھا جس سے نریندر مودی سرکار کو سبق سکھایا تھا، مودی سرکار وہ سبق کبھی نہیں بھولے گی۔وزیراعظم نے کہا کہ 10 مئی کی صبح اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عظیم فتح دی، وہ میری نہیں پاکستان کی فتح تھی، قوم کی دعاؤں سے افواج پاکستان کو کامیابی ہوئی، دشمن حیران ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی عزت وتکریم میں اضافہ ہوا۔شہباز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستانی قوم کو 10 مئی کو عظیم فتح سے نوازا، جب بطور وزیراعلیٰ لیپ ٹاپ دیتا تھا تو میرے خلاف اپوزیشن تنقید کرتی تھی۔انہوں نے کہا کہ 100 فیصد میرٹ پر ہونہار طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے، پاکستان کی معیشت 2023 اور 2024 میں ہچکولے کھا رہی تھی، اب پاکستانی معیشت منجدھار سے نکل آئی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں پاکستان کو گروتھ کی طرف لے کر جانا ہوگا، ملکی معیشت تیزی سے مستحکم ہو رہی ہے، ماضی کے فیصلوں سے سیکھ کر مستقبل کی تیاری کرنی ہے، ہم نے باقی قوموں سے آگے بڑھنا ہے، پاکستان میں ترقی جادو، ٹونے سے نہیں محنت سے ہوگی۔شہباز شریف نے ہری پور میں دانش سکول کے قیام کا اعلان کر دیا، وزیراعظم نے ہری پور میں طالبات کے لیے دانش سکول کا علیحدہ کیمپس اور ہری پور پل کی تعمیر کا اعلان کا اعلان کیا، تقریب میں ہونہار طلبا کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم متحد ہوگی تو پاکستان اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر کے رہے گا، اے آئی کی تربیت کے لیے پورے پاکستان کے بچوں کو بیرون ملک بھجوائیں گے،: قوم اکٹھی ہوگی تو پاکستان کی ترقی کی رفتار کوئی نہیں روک سکے گا۔

بقیہ 11

خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے گورنر پنجاب سے ملاقات پر افواہوں کو بلاجواز پروپیگنڈا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ میں کسی سے نہیں ڈرتا، اگر کہیں جاؤں گا تو خود بتادوں گا۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے خلاف فسطائیت آج کی نہیں ہے بلکہ ایک عرصے سے جاری ہے اور عمران خان ناحق قید اور جھوٹے وجعلی مقدمات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کو انصاف نہیں مل رہا، آئین اور قانون کا مذاق بنایا جا رہا ہے، ان تمام غیر جمہوری اقدامات کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، اگر فیملی ملاقات طے ہے تو عمران خان سے ملاقات کرائی جائے۔انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی میرا بھائی ہے اور اب وہ وزیراعلیٰ ہے، میرے دور کے تمام منصوبے آج بھی جاری ہیں۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ جب تک زندہ ہوں تحریک انصاف کے ساتھ رہوں گا، میں کسی سے نہیں ڈرتا، اگر کہیں جاؤں گا تو خود بتاؤں گا۔انہوں نے کہا کہ میلے میں یوسف رضا گیلانی اور گورنر پنجاب سے ملاقات پر بلاجواز پروپیگنڈہ کیا گیا، پروپیگنڈہ اور ڈرامے چھوڑ کر عوام کی خدمت پر توجہ دی جائے۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ میں عمران خان کے ساتھ کھڑا ہوں اور کھڑا رہوں گا۔

بقیہ 12

کے فیصلے اڈیالہ جیل سے ہو رہے ہیں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو پنجاب سے کسی اور صوبے منتقل کیا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کی مجموعی صورتحال تباہی کا شکار ہوچکی ہے، صحت اور تعلیم کے شعبے بری طرح متاثر ہیں۔گورنر کے پی نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ نے گالم گلوچ کی سیاست کو فروغ دیا، صوبے میں افیون یا کسی غیر قانونی چیز کو قانونی قرار نہیں دیا جاسکتا، غیر قانونی سرگرمیوں کو قانون کا حصہ بنانا ناقابلِ قبول ہے۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گورنر راج کا انحصار صوبائی حکومت کے رویے پر ہے، محاذ آرائی کی سیاست کی گئی تو قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج سے متعلق آئینی طریقہ کار واضح ہے۔

بقیہ 13

پیشرفت سامنے آ گئی ۔نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے تین اہلکاروں کی جانب سے دائر کی گئی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت اسپیشل سنٹرل کورٹ میں ہوئی۔عدالت نے سلمان عزیز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مجتبیٰ اور انسپکٹر علی رضا کی ضمانت کی درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے سماعت 19 دسمبر تک ملتوی کر دی۔عدالت نے آئندہ سماعت پر فریقین کے وکلاء کو تفصیلی دلائل دینے کی ہدایت بھی جاری کی ہے۔واضح رہے کہ یہ مقدمہ معروف یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی سے مبینہ رشوت کے الزامات سے متعلق ہے، جس کی تحقیقات نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کر رہی ہے۔

بقیہ 14

وزیر اطلاعات پنجاب نے وفد کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مختلف فلاحی اور ترقیاتی انیشیٹوز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ کشمیر اور پاکستان ایک جان ہیں اور انہیں کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی، مقبوضہ کشمیر کے عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ظلم کے خاتمے کا وقت قریب ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کشمیری صحافیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی، مجھے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ٹیم کا حصہ ہونے پر فخر ہے، جن کی قیادت میں پنجاب عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کر رہا ہے۔وزیر اطلاعات نے سیاست کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں گالی گلوچ کے بجائے کارکردگی کی بنیاد پر مقابلہ ہونا چاہیے اور جو عوام کی خدمت کرے وہی سیاست میں آگے بڑھنے کا حق دار ہے، جھوٹے بیانیے نے ملک کو نقصان پہنچایا جبکہ سچ اور کارکردگی ہی کامیابی کا واحد راستہ ہیں۔انہوں نے نوجوانوں کو ملک کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی اولین ترجیح ہیں اور تعمیری پروگرامز کے ذریعے انہیں ہنرمند بنایا جا رہا ہے، آسان کاروبار پروگرام کے تحت 80 ارب روپے سے زائد کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔عظمیٰ بخاری کے مطابق ستھرا پنجاب منصوبہ عالمی معیار کا پروگرام بن چکا ہے جس کے تحت 15 لاکھ سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں جبکہ اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت ایک لاکھ 20 ہزار خاندان مستفید ہو چکے ہیں۔ملاقات کے اختتام پر وفد نے پنجاب حکومت کے اقدامات کو سراہا اور وزیر اطلاعات کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 15

سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی، کنٹری نمائندہ یو این ایف پی اے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر گروپ ڈویلپمنٹ پاکستان، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔تمام شرکاء نے صوبے میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کے لیے مشاورت اور تجاویز پیش کیں۔اس موقع پر کنوینئر چائلڈ رائٹس کاکس سارہ احمد نے کہا کہ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی قیادت میں پہلی مرتبہ پنجاب اسمبلی میں بچوں کے تحفظ کے لیے چائلڈ رائٹس کاکس قائم کیا گیا ہے، جو ایک تاریخی قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بچوں کو ''ریڈ لائن'' قرار دیا ہے اور حکومت پنجاب بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔سارہ احمد نے بطور چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو اپنے تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کم عمری کی شادی کے بچوں کی تعلیم، صحت اور مستقبل پر تباہ کن اثرات مرتب ہوتے ہیں، جنہیں اجاگر کرنے اور روکنے کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے بتایا کہ پنجاب کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے مجوزہ چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ میں پنجاب میں بچیوں کی شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر کرنے کی تجویز دی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو اپنی مقررہ صلاحیتوں سے بڑھ کر کم عمری کی شادی کا شکار بچیوں کو ریسکیو کرنے کے بعد انہیں تحفظ فراہم کر رہا ہے۔کم عمری کی شادی کا خاتمہ اسلامی اصولوں کے عین مطابق ہے اور اس کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔کنوینئر چائلڈ رائٹس کاکس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اراکین پنجاب اسمبلی صوبے میں کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے مؤثر قانون سازی کے لیے پرعزم ہیں، جبکہ یو این ایف پی اے کے اشتراک سے پنجاب میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کے لیے ایک جامع پالیسی بھی مرتب کی جا رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو نے گزشتہ سال پنجاب میں کم عمری کی شادی کے 16 کیسز کو مؤثر کارروائی کے ذریعے حل کیا۔آخر میں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ کم عمری کی شادی کا شکار بچیوں کے تحفظ کے لیے فوری طور پر چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 16

نہ کروایا جس پر تھانہ عطا شہید پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے مالک مکان کو گرفتار کر لیا اور مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔اس حوالہ سے پولیس کا کہنا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت کرایہ داری ایکٹ پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔جبکہ امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے کرایہ داروں کا اندراج لازمی کروائیں۔ان کا کہنا ہے کہ شہری مکان یا دکان کرایہ پر دیتے وقت فوری قریبی تھانہ یا خدمت مرکز پر اندراج کروائیں۔

بقیہ 17

متعلقہ حکام کو ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی سے متعلق رپورٹ دینے کی ہدایت کی ہے جبکہ زائد کرایہ وصول کرنے والوں سے رقم مسافروں کو واپس کرانے کی بھی ہدایت کی ہے۔اس حوالے سے وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب کا کہنا تھا کہ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچایا جائیگا، اور زائد کرایہ لینے والوں سکیورٹی رعایت نہیں ہوگی۔

بقیہ 18

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اقلیت دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کرسمس سرکاری سطح پر 14 سے 25 دسمبر تک منایا جا رہا ہے، جو اقلیتی برادری کے لیے ایک تاریخی اور خوش آئند اقدام ہے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی، برداشت اور رواداری پنجاب کی پہچان ہے اور معرکہ حق کے بعد پاکستان میں امن، استحکام اور مذہبی آزادی مزید مضبوط ہوئی ہے۔رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ پاک فوج کی قربانیوں کے باعث آج اقلیتی برادری اپنے مذہبی تہوار مکمل آزادی اور امن کے ساتھ منا رہی ہے، جبکہ پوری قوم پاک فوج اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ شہدا کے لہو سے قائم ہونے والا امن پاکستان کو مذہبی ہم آہنگی کی روشن مثال بنا چکا ہے۔پنجاب میں ہر مذہبی کمیونٹی کو اپنی عبادات، روایات اور رسومات ادا کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے اور کسی کو یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ کسی بھی مذہب کی رسومات کی ادائیگی میں رکاوٹ بنے۔رمیش سنگھ اروڑہ نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے مینارٹی کارڈ کی رقم 50 ہزار روپے سے بڑھا کر پہلے 75 ہزار اور اب ایک لاکھ روپے کر دی ہے، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ اقلیتی بہن بھائیوں کو مالی سہولت فراہم کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کو برابر کے شہری حقوق دینا مریم نواز حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتوں کے مذہبی تہوار سرکاری سرپرستی میں منانا ایک تاریخی اقدام ہے، جبکہ صوبہ بھر میں جاری 12 روزہ کرسمس تقریبات میں اقلیتی برادری کی بڑی تعداد میں شرکت حکومتی اقدامات پر اعتماد کا واضح اظہار ہے۔

بقیہ 19

کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اسموگ کو صرف تین ماہ کا مسئلہ سمجھ کر مکمل شٹ ڈاؤن کیا جاتا تھا مگر اب حکومت پنجاب بغیر سکول بند کیے اور سسٹم شٹ ڈاؤن کے اسموگ میں کمی لانے کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عہدہ سنبھالتے ہی اسموگ کے خاتمے سے متعلق پہلی میٹنگ بلائی اور پہلی بار اس مسئلے کو ملٹی سیکٹورل لینز سے دیکھتے ہوئے جامع حکمت عملی ترتیب دی گئی۔بھٹے، گاڑیاں، صنعتیں، فصلوں کی باقیات اور دھند کو اسموگ کی بڑی وجوہات قرار دیتے ہوئے ان تمام شعبوں میں بیک وقت اصلاحات کی جا رہی ہیں۔سینئر صوبائی وزیر نے بتایا کہ گاڑیوں کے دھوئیں کی جانچ کے لیے باقاعدہ سرٹیفکیشن اور مانیٹرنگ سسٹم نافذ کیا گیا ہے جبکہ 654 اہلکاروں پر مشتمل انوائرمنٹل فورس قائم کر کے ہاٹ اسپاٹس کی میپنگ کے بعد کارروائیاں شروع کی جا چکی ہیں۔خراب اے کیو آئی مانیٹرز کی جگہ 41 جدید مانیٹرنگ اور فارکاسٹ اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ قوانین عوامی صحت اور آسانی کے لیے بنائے جاتے ہیں۔صوبے بھر میں 7 ہزار صنعتوں کی ڈرون کیمروں سے نگرانی کا نظام فعال ہے، صنعتوں کی چمنیوں پر کیمرے نصب کیے گئے ہیں اور انڈسٹری کمپلائنس سسٹم لانچ کیا جا چکا ہے۔حکومت پنجاب خود ڈیٹا اور ہیلتھ ایڈوائزری جاری کر رہی ہے، جبکہ اے کیو آئی موبائل ایپ، چیٹ بوٹ اور ہیلپ لائن عوام کے لیے فعال ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اسموگ کے تدارک کے لیے 15 اسموگ گنز اور ڈسٹ سپریشن سسٹمز متعارف کروائے گئے ہیں جبکہ کاہنہ میں لوکلائزڈ ایکشن کے ذریعے اے کیو آئی کم کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔کسانوں کو 60 فیصد سبسڈی پر ہزاروں سیڈر فراہم کیے گئے ہیں اور اسٹبل برننگ کے خلاف سڈن رسپانس سسٹم اور ڈرون سرویلنس شروع کر دی گئی ہے۔سینئر صوبائی وزیر کے مطابق پنجاب کے تمام 11 ہزار بھٹے اب سفید دھواں دے رہے ہیں۔ 11 ہزار ای موبلٹی گرین بسیں متعارف کروائی گئی ہیں جن پر کیو آر کوڈ انوائرمنٹل سرٹیفکیشن موجود ہے۔ تمام کنسٹرکشن سائٹس پر سپرنکلرز لازمی قرار دیے گئے ہیں جبکہ کچرا، بھوسہ اور فصلوں کو آگ لگانا اب قابلِ سزا جرم ہے۔انہوں نے کہا کہ گرین کاربن کریڈٹ پروگرام عوامی رویوں میں مثبت تبدیلی لانے کا ذریعہ ہے اور پورے پنجاب میں اے کیو آئی مانیٹرنگ اور اسموگ کے خلاف اقدامات مسلسل جاری ہیں۔سیالکوٹ میں 31 ٹینریز کو انڈسٹریل زون میں منتقل کیا گیا ہے۔پہلے مقامی سطح پر اسموگ پر قابو پایا جائے گا، اس کے بعد ٹرانس باؤنڈری اسموگ پر بات کی جائے گی۔مریم اورنگزیب نے بتایا کہ فلپائن اور بنگال نے پنجاب حکومت کے اسموگ اقدامات کو سراہا ہے، جبکہ تمام اضلاع میں کلائمیٹ چینج سے متعلق آگاہی مہم جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ نصاب میں مانٹیسوری سطح سے آگے کلائمیٹ چینج کو شامل کیا جا رہا ہے کیونکہ سیاسی عزم کے بغیر ماحولیاتی بہتری ممکن نہیں۔

بقیہ 20

برفیلے پانی کی بوچھاڑ کی گئی۔مظاہرین کو فیکٹری ناکہ سے پیچھے دھکیل دیا گیا جبکہ گلیوں میں چھپے کارکنوں کی گرفتاریاں بھی ہو ئیں۔آپریشن کے دوران علامہ ناصر عباس اور علیمہ خان پر بھی واٹرکینن کا پانی پھینکا گیا۔سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس بھی واٹرکینن کی زد میں آئے بعد ازاں راولپنڈی پولیس نے اڈیالہ جیل کے اطراف سے تمام مظاہرین کو منتشر کر دیا، اڈیالہ روڈ کو مکمل طور پر کھول دیا گیا۔پولیس نے تمام رکاوٹیں اور کنٹینرز ہٹا دیے جبکہ فرار ہونے والے کارکنوں کی گرفتاریوں کا عمل بھی جاری رہا۔پولیس کے مطابق آپریشن مکمل ہو چکا ہے، سڑکیں صاف کر دی گئیں اور صورتحال مکمل طور پر کنٹرول میں آ گئی۔

بقیہ 21

شہید سب انسپکٹر محمد ادریس نے 17 دسمبر 1985 کو تھانہ نیوانارکلی میں تعیناتی کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا تھا۔سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے پولیس شہداء کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فرض کی راہ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم اور پولیس فورس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ پولیس ہیروز کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی جرات و بہادری پوری فورس کے لیے مشعلِ راہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پولیس شہداء کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور شہداء کے بچوں کی تعلیم، صحت اور ویلفیئر پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس کا ہر جوان سماج دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے۔

بقیہ 22

اسامہ ناصر اور مزمل مجید نے کی۔تقریب کی مہمانِ خصوصی کنول لیاقت، ایم پی اے اور پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نے پنجاب حکومت کی ماحولیاتی پائیداری کے حوالے سے بڑھتی ہوئی توجہ پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مضبوط سیاسی عزم کا مظاہرہ کیا ہے، جس کی مثال پنجاب کی پہلی جامع کلائمٹ چینج پالیسی کا اجرا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ماحولیاتی پالیسیاں اس وقت زیادہ موثر ثابت ہوتی ہیں جب کمیونٹیز، بالخصوص نوجوان، اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور عملی اقدامات کریں۔وزیراعلیٰ پنجاب گرین کریڈٹ پروگرام کی ٹیم لیڈ رضوانہ انجم نے نوجوانوں کو اس پروگرام میں بھرپور شرکت کی ترغیب دی اور اس کے مراعاتی نظام پر تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ پروگرام میں شمولیت کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا۔ استقبالیہ خطاب میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عالم سعید نے کہا کہ جامعات عالمی ماحولیاتی مکالمے اور مقامی سطح پر عملی اقدامات کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرتی ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کو علم، مقصد اور اقدار سے آراستہ کرنا جامعات کی بنیادی ذمہ داری ہے۔برازیل میں منعقدہ کوپ 30 سے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے برگد کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر صبیحہ شاہین نے کہا کہ پاکستان جیسے ممالک، جو عالمی اخراج میں کم حصہ رکھتے ہیں، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا غیر متناسب بوجھ اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ماحولیاتی انصاف کے لیے آواز بلند کریں۔ایف ڈی آئی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے کہا کہ عالمی وعدوں کو مقامی حقائق اور کمیونٹی کی آوازوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔برگد کی پروگرام کوآرڈینیٹر رابعہ ڈارنے گالا کے مقاصد بیان کیے اور انکلوسیو کلائمٹ ایکشن نیٹ ورک (I-CAN) کو مشترکہ اور شمولیتی ماحولیاتی اقدامات کے فروغ کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر متعارف کرایا۔تقریب میں I-CAN کے تحت نوجوانوں کی قیادت میں جاری منصوبوں کو بھی اجاگر کیا گیا، جہاں شرکاء نے کمیونٹی سطح پر ماحولیاتی اقدامات اور مقامی اختراعات پیش کیں۔یوتھ ٹیوب کے سی ای او اقبال حیدر بٹ نے ایک پالیسی بریف پیش کیا جس میں پنجاب کلائمٹ چینج پالیسی کے نفاذ کے لیے اہم نکات اور سفارشات شامل تھیں۔پینل مباحثے میں پالیسی اور عمل کے درمیان موجود خلا پر گفتگو کی گئی اور نوجوانوں، مذہبی رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے موثر کردار پر زور دیا گیا۔اس پینل میں بلبیر سنگھ، شازین سعید اور علامہ محمد سلمان شاکر نے اظہارِ خیال کیا۔گالا کے اختتام پر شرکاء کے مابین علامتی طور پر پودے تقسیم کیے گئے، یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے مالی وجاہت اکرم کو انعام دیا گیا جبکہ پروفیسر ڈاکٹر عمر سلیم نے اجتماعی ذمہ داری پر اختتامی کلمات ادا کیے۔

بقیہ 23

وسطی پنجاب کے صدر راحیل کامران چیمہ، سیکرٹری اطلاعات عظیم حفیظ کی شکیل پاشا کو مبارکباد دی ہے۔

بقیہ 24

کسی معاملے پر تلخ کلامی ہوئی، جس کے بعد کانسٹیبل عمیر، شمس الدین اور دیگر اہلکاروں کے ہمراہ گھر میں داخل ہوئے۔تاجر سرفراز کا کہنا تھا کہ گھر میں مبینہ طور پر خواتین کے ساتھ بدتمیزی اور والد پر تشدد کیا گیا۔تاجر سرفراز نے بتایا کہ سی سی ٹی وی فوٹیج کے ذریعے اہلکاروں کے رویے کا علم ہوا۔عدالت نے پولیس اہلکاروں کو 5 جنوری کو طلب کرلیا ہے تاکہ معاملے کی سماعت کی جا سکے اور مزید کارروائی کی جائے۔

بقیہ 25

کہ سانحہ مودی کی اقلیتوں، بالخصوص مسلم خواتین کے خلاف نفرت اور عدم تحفظ کی مثال ہے، کسی خاتون کا حجاب اتارنا انسانی وقار کی پامالی، مہذب معاشرہ میں قابل قبول نہیں، وزیر اعلی بہار کا عمل انتہائی گرا ہوا ہیجو صنفی و مذہبی امتیاز ظاہر کرتا ہے، شرمناک حرکت پر وزیر اعلی بہار نتیش کمار عالمی سطح پر مسلم خواتین سے معافی مانگے۔متن میں مطالبہ کیا گیا کہ عالمی انسانی حقوق کی تنظیمیں اور او آئی سی بھارت کیخلاف کارروائی کریں، مسلم خواتین کیساتھ ہونیوالیاس توہین آمیز سلوک پرسخت کارروائی ناگزیر ہے، یہ ایوان متاثرہ خاتون ڈاکٹر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، دعا ہے کہ بہادر خاتون ڈاکٹر اور دیگر مسلم خواتین ہمیشہ اسلام کی پاسدار اور ثابت قدم رہیں،

بقیہ 26

ورلڈ بینک کے تعاون سے شروع کیا گیا ہے اور محکمہ بلدیات اس کی نگرانی کر رہا ہے۔محکمہ بلدیات نے ملازمین کے تقرر و تبادلے پر پابندی کی سمری بھی جاری کر دی ہے تاکہ منصوبے کی کارکردگی متاثر نہ ہو اور کام بروقت مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ 27

دور میں پنجاب کے پسماندہ و کم خواندہ اضلاع میں 6 دانش سکولوں سے آغاز کیے جانے والا یہ منصوبہ آج 20 سکولوں تک پھیلا چکا ہے جہاں پاکستان بھر سے 197,13 نادار طلبہ و طالبات قیام و طعام کی سہولیات کے ساتھ مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔دانش سکولوں میں بچوں کو تدریسی سہولیات کے ساتھ کھیلوں اور ہم نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کے بھی بھرپور مواقع میسر لیے جا رہے ہیں۔اعلی تعلیم کے خواہشمند طلبہ طالبات کو نجی یونیورسٹیوں میں داخلوں کے ساتھ تعلیمی وظائف بھی دیئے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ ہاسٹلز کی سہولت کے ساتھ پنجاب کے غیر ترقیاتی اضلاع میں سکولوں کی تعمیر کے لیے اتھارٹی ایریا کی ڈویلپمنٹ کے اخراجات بھی برداشت کر رہی ہے۔مزید برآں دانش سکولز سے صرف پنجاب کے نہیں دیگر صوبوں کے مستحق طلباء بھی مستفید ہو رہے ہیں ۔ اس وقت دانش سکولز اتھارٹی کے سینٹرز آف ایکسیلنس میں 25632 طلبہ زیر تربیت ہیں۔وزیر خزانہ پنجاب نے اپنے خطاب میں کہا کہ دانش سکولز مسلم لیگ (ن) کا ایک فقید المثال تعلیمی منصوبہ ہے، جس کا مقصد صوبے کے ان اضلاع کی بحالی تھا جو غربت اور پسماندگی کی بلند ترین سطح کا شکار تھے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی مخالفین کی بے جا تنقید نے اگرچہ اس منصوبے کی رفتار کو متاثر کرنے کی کوشش کی تاہم آج یہی منصوبہ اپنی کامیابی کی روشن مثال خود بن چکا ہے۔میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ انہیں اس بات پر خوشی ہے کہ دانش سکولز میں داخلے کا معیار آج بھی وہی ہے جو منصوبے کے آغاز کے وقت طے کیا گیا تھا اور آج بھی ہمارے مشن کا عکاس ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ آج بھی دانش سکولز میں یتیم، مسکین اور نادار بچوں کی سرپرستی کی جا رہی ہے اور میرٹ کے بنیاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ یہاں یہ امر بھی خوش آئند ہے کہ اتھارٹی دانش سکولز میں طلبہ و طالبات کو ہاسٹل، مفت تدریسی سہولیات کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل لرننگ اور فری لانسنگ کے مواقع مہیا کر رہی ہے تاکہ وہ خود کفیل بن سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح دانش سکولز صرف مستحق طلبہ ہی نہیں بلکہ ان کے والدین کے مستقبل کو بھی محفوظ بنانے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔سکولوں میں پروجیکٹ بیسڈ لرننگ کو خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ عملی مہارتوں کے ساتھ میدانِ عمل میں آگے بڑھ سکیں۔وزیر خزانہ پنجاب نے دانش سکولز اتھارٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اتھارٹی غیر ترقی یافتہ اور دور دراز علاقوں میں جن میں صحرا بھی شامل ہیں سکولوں کی تعمیر، تدریسی سہولیات اور عملے کی حاضری کو یقینی بنانا بلاشبہ ایک مشکل ٹاسک ہے جسے اتھارٹی بخوبی سرانجام دے رہی ہے خصوصا بلوچستان کے بارڈر کے نزدیک دستیاب زمین پر سکول کی تعمیر قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پنجاب وزیر اعلی پنجاب کے تعلیمی وژن کے تحت دانش سکولز منصوبے کو مزید وسعت دے رہی ہے اور رواں مالی سال کے دوران چار نئے دانش سکولز مکمل کیے جائیں گے۔ دانش سکولز اینڈ سینٹرز آف ایکسیلنس اتھارٹی کو پنجاب حکومت کی جانب سے ہر ممکن سہولت مہیا کی جائے گی۔

بقیہ 28

ماہرینِ تعلیم اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ورکشاپ کے دوران ماہرین نے تحقیق پر مبنی، پالیسی پر مرکوز اور عملی اقدامات اپنانے کی ضرورت پر زور دیا، ڈپٹی کوآرڈینیشن آفیسر ڈاکٹر احمد خاور شہزاد نے CoE-CVE کے وژن اور ادارہ جاتی فریم ورک سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پرتشدد انتہاپسندی کے خلاف محض ردِعمل کے بجائے انسدادی اقدامات، سماجی ہم آہنگی اور شمولیتی حکمتِ عملی اپنائی جائے۔نیشنل کوآرڈینیٹر نیکٹا جاوید احمد ڈوگر نے قومی پالیسی برائے انسدادِ انتہاپسندی پر شرکا کو آگاہ کیا۔ورکشاپ کے دوران یو این او ڈی سی، پیمان ٹرسٹ اور دیگر اداروں کے ماہرین نے تکنیکی اور موضوعاتی سیشنز میں شرکت کی، جن میں نوجوانوں کی شمولیت، میڈیا کے کردار، ڈیجیٹل ریزیلینس، ری ہیبلیٹیشن اور ڈی ریڈیکلائزیشن سے متعلق قابلِ عمل سفارشات پیش کی گئیں۔ماہرین نے نوجوانوں کو امن کے سفیر اور مثبت سماجی تبدیلی کا اہم ذریعہ قرار دیا، گورننس، تحقیق، استعداد سازی، یوتھ انگیجمنٹ اور مانیٹرنگ پر مبنی روڈ میپس بھی تیار کیے گئے۔ورکشاپ کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پنجاب میں پرتشدد انتہاپسندی کی روک تھام کے لیے ایک مؤثر، قابلِ پیمائش اور دیرپا حکمتِ عملی مرتب کی جا رہی ہے جو صوبے میں امن، استحکام اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔

بقیہ 29

کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ میاں منظور احمد وٹو محب وطن اور جمہوریت پسند سیاستدان تھے، مرحوم نے عوام کی بھلائی اور ملک کی ترقی کیلئے ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا۔چوہدری شافع حسین اور چوہدری سالک حسین نے کہا کہ میاں منظور احمد وٹو مفاہمت پسند، زیرک اور عوام دوست سیاستدان تھے ان کے خاندان کو اللہ صبر دے۔

بقیہ 30

عسکری ٹین میں 237، بیدیاں روڈ پر آلودگی کی شرح 175 اور اقبال ٹاؤن میں 174 ریکارڈ کی گئی۔فضائی آلودگی میں اضافے کے باعث لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں تیسرے نمبر پر آ گیا، جس پر شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں خشک سردی کا راج رہے گا اور آئندہ چند روز کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں۔سورج اور بادلوں کے درمیان آنکھ مچولی جاری رہے گی۔شہر کا موجودہ درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 90 فیصد تک پہنچ چکا ہے۔اس کے علاوہ 5 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ماہرین نے شہریوں کو غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 31

نے 24 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے۔

بقیہ 32

ان سے بھی آہنی ہاتھوں سے بات کرنی چاہیے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ابہام پیدا کیا گیا، دوبارہ دہشتگردوں کو واپس لایا گیا، کن لوگوں نے دہشتگردوں سے مذاکرات کا فیصلہ کیا؟ دہشتگردوں سے مذاکرات ہوئے انہوں نے واپس آ کر وہی شروع کر دیا، اللہ کا شکر ہے کیڈٹ کالج پر حملہ ناکام ہوا ورنہ 16 دسمبر سے بڑا واقعہ ہو جاتا، آج کیوں کہا جا رہا ہے کہ دہشتگردوں کے خلاف آپریشن نہیں ہونا چاہیے، آج کیوں کہا جا رہا ہے کہ دہشتگردوں سے بات کرنی چاہیے، یہی چیز ابہام پیدا کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جنرل باجوہ اور فیض حمید نے بریفنگ دی تھی، اس وقت کی حکومت بھی شامل تھی، بریفنگ دی گئی کہ یہ حالات ہیں، بریفنگ دی گئی تھی کہ بچوں اور خواتین کا کیا قصور ہے، بریفنگ دی گئی کہ کیوں نہ انہیں واپس آنے دیا جائے، کہا جا رہا تھا کہ دہشتگرد ہتھیار رکھیں گے، آئین و قانون کے تحت معاشرے کا حصہ بنیں گے، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کی بھی مخالفت کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی مسلح جدوجہد پر تلے ہوئے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے مسلح جدوجہد کرنی ہے تو پھر ایکشن ہوگا، 25 مئی، 9 مئی اور 26 نومبر کو مسلح جدوجہد تھی، اس 26 نومبر کو بھی مسلح جدوجہد کا ارادہ تھا لیکن نہیں ہوسکی، دہشتگردی کے خاتمے کا فیصلہ ہو گیا، اس میں کوئی ابہام نہیں، تحریک انصاف کسی واقعے کا انتظار کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے فیض حمید کی سزا کے فیصلے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا، نواز شریف نے صرف کہا کہ مکافات عمل ہے، اس سے زیادہ بات نہیں کی، کسی شخص نے خلاف ورزی کی اور ادارے نے احتساب کیا تو اس پر اطمینان کا اظہار ہوسکتا ہے، فیض حمید پر ڈسپلن کی خلاف ورزی ہے، اس میں اختیارات کا ناجائز استعمال ہے، اختیارات کے غلط استعمال میں ٹاپ سٹی والا کیس ہے، فیض حمید اکیلے نہیں، پورا نظام کام کر رہا تھا۔انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کا پورا نظام بانی پی ٹی آئی کو لایا تھا، اس سے کسی نے انکار نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ سیاسی نظام درست ہو جائے تو ہمیں اس سے بڑا انتقام اور ریلیف نہیں چاہیے، (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی میثاق جمہوریت پر پہنچے تو یہ تیسرے صاحب آ گئے، بانی پی ٹی آئی سیاسی فورسز کے ساتھ بیٹھ کر سیاسی نظام ٹھیک کرنے پر آمادہ نہیں، بانی پی ٹی آئی کہہ رہے ہیں ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، خود مسلح جدوجہد چاہتے ہیں۔

بقیہ 33

کے دوران ہائیکورٹ میں صرف مخصوص نوعیت کے کیسز سنے جائیں گے جن میں درخواستِ ضمانت، حبسِ بے جا اور دیگر فوری نوعیت کے مقدمات شامل ہیں۔

بقیہ 34

مغوی طالب علم کے بڑے بھائی فیض محمد نے بتایا کہ 16 سالہ نیاز محمد مدرسے کے باہر دکان پر گیا تھا اور واپس نہیں آیا جس کے بعد اہلِ خانہ نے تلاش شروع کی مگر اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔مغوی کے بڑے بھائی کا کہنا ہے کہ ان کے چھوٹے بھائی کو کسی نامعلوم شخص نے اغواء کرلیا ہے، پولیس میرے بھائی کو جلد از جلد بازیاب کرائے۔ مغوی کے بڑے بھائی نے واقعے کا مقدمہ تھانہ باغبانپورہ میں درج کرا دیا، انہوں نے اعلی پولیس حکام سے اپیل کی ہے کہ واقعے کا نوٹس لے کر مغوی کو بازیاب کرایا جائے۔

بقیہ 35

پالیسیوں میں نرمی اور اصلاحات میں تاخیر کا دباؤ بھی برقرار ہے جس سے اب تک ہونے والی پیشرفت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ بھی موجود ہے اس لئے بڑی سوچ بچار کے ساتھ پالیسیاں بنانے کی ضرورت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بیان تو دیا جا چکا ہے کہ منی بجٹ نہیں آئے گا لیکن اگر محصولات متوقع سطح سے کم رہیں تو پھر اسے کہاں سے پورا کیا جائے گا؟۔تجویز ہے کہ حکومت اور ادارے جتنی حقیقت پسندی اور سچائی سے کام لیں گے اتنے ہی بہتر نتائج آئیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے رسک مانیٹرنگ فریم ورک کو بہتر بنایا جائے ،کرپشن اور گورننس ڈائیگناسٹک کے حوالے سے ایکشن پلان میں عرق ریزی سے کام کیا جائے جس میں سب سے زیادہ کرپشن کے خطرات والے 10 بڑے محکموں میں کرپشن کی کمزوریوں کو دور کیا جانا شامل ہے ۔ حکومتی وزارتوں اور محکموں کے اخراجات کو حقیقی معنوں میں کم کیا جانا چاہیے ،اربوں روپے سالانہ نقصان کرنے والے اداروں کے معاملے پر کمیٹی کمیٹی کھیلنے کی بجائے فی الفور نجکاری کی جائے

بقیہ 36

لاہور ہائی کورٹ کے جج تعینات ہوئے، اس وقت سنیارٹی لسٹ میں دوسرے نمبر پر ہیں۔جسٹس اسجد جاوید گھرال 29 اپریل 2026 کو ریٹائرڈ ہوں گے، جسٹس اسجد جاوید گھرال 26 نومبر 2016 کو لاہور ہائی کورٹ کے جج تعینات ہوئے، اور اس وقت سنیارٹی لسٹ میں 13 ویں نمبر پر موجود ہیں۔اس کے علاوہ جسٹس مسعود عابد نقوی چار جولائی 2026 کو ریٹائرڈ ہوں گے، جسٹس مسعود عابد نقوی 7 جولائی 2014 کو جج لاہور ہائی کورٹ تعینات ہوئے، اور اس وقت سنیارٹی لسٹ میں ان کا ساتواں نمبر ہے۔جسٹس شاہد کریم کی ریٹائرمنٹ 19 اگست 2026 کو ہوگی، جسٹس شاہد کریم 7 نومبر 2014 کو لاہور ہائی کورٹ کے جج تعینات ہوئے، اس وقت ججز کی سنیارٹی لسٹ میں 8 ویں نمبر پر ہیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرم ملک حبیب خان کی خصوصی ہدایات پر مقامی پولیس نے پاراچنار سٹی مین چیک پوسٹ اور دیگر مختلف مقامات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا

کرم پولیس علاقے میں پائیدار امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے مزید بہتر اقدامات کر رہی ہے

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرم ملک حبیب خان کی خصوصی ہدایات پر مقامی پولیس نے پاراچنار سٹی مین چیک پوسٹ اور دیگر مختلف مقامات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ضلعی پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اشتیاق حسین، ایڈیشنل ایس ایچ او مشتاق علی، انچارج پاراچنار ٹریفک پولیس ممتاز حسین، اسپیشل فورس کے انچارج امجد حسین اور انچارج مین سٹی چیک پوسٹ ساجد حسین سمیت دیگر پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا مقامی پولیس اور ٹریفک پولیس کی مشترکہ کارروائیوں کے دوران سینکڑوں گاڑیوں کے شیشوں سے کالے رنگ کے اسٹیکرز ہٹائے گئے اسی طرح بغیر لائسنس اور بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے والے ڈرائیوروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی مقامی پولیس ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں کا مقصد عوام میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا، ٹریفک حادثات پر قابو پانا سمیت خطے میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کرنا ہے

کرم پولیس علاقے میں پائیدار امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے مزید بہتر اقدامات کر رہی ہے

سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی پوسٹ کے تناظر میں

دوآبہ اور کربوغہ شریف میں دو قوموں کے درمیان زمین کے تنازعہ اور ممکنہ کشیدگی کا ذکر کیا گیا تھا

ٹل)تحصیل رپوٹر)سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی پوسٹ کے تناظر میں، دوآبہ اور کربوغہ شریف میں دو قوموں کے درمیان زمین کے تنازعہ اور ممکنہ کشیدگی کا ذکر کیا گیا تھا، ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بروقت اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹل مجاہد خان اور ایس ایچ او دوآبہ انسپکٹر عمران خان نے فوری طور پر دونوں قوموں کے مشران سے رابطہ کیا اور موقع پر پہنچ کر دونوں فریقین کے عمائدین کے ساتھ تفصیلی نشست منعقد کی۔پولیس کی مؤثر مداخلت، مشران کے باہمی تعاون اور سنجیدہ گفت و شنید کے نتیجے میں دونوں قوموں کے درمیان موجود تنازعہ خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے واضح کیا کہ ضلع میں امن وامان کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، جبکہ پولیس عوامی مسائل کے بروقت اور پرامن حل کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے

ضلع اورکزئی: ملزمان کی نشاندہی کے دوران پولیس پارٹی پر فائرنگ، تین ملزمان ہلاک

ایس ایچ او زخمی آج بروز بدھ مورخہ 18 دسمبر 2025 کو تھانہ غلجو پولیس ایک اہم کارروائی کے دوران سنگین صورتحال سے دوچار ہوئی

ہنگو) بیورو رپورٹ) پریس ریلیز ضلع اورکزئی: ملزمان کی نشاندہی کے دوران پولیس پارٹی پر فائرنگ، تین ملزمان ہلاک، ایس ایچ او زخمی آج بروز بدھ مورخہ 18 دسمبر 2025 کو تھانہ غلجو پولیس ایک اہم کارروائی کے دوران سنگین صورتحال سے دوچار ہوئی۔گرفتار ملزمان زینہ گل، احسان اللہ اور فضل رحمان کو تھانہ غلجو ایس ایچ او سلیم خان پولیس نفری کے ہمراہ موقع واردات کی نشاندہی کے لیے لے جا رہے تھے۔پولیس پارٹی گاڑی سے اتر کر جائے وقوعہ کی طرف پیش قدمی کر رہی تھی کہ موقع پر پہلے سے موجود نامعلوم مسلح افراد نے اچانک پولیس پارٹی پر ارادہ قتل کے تحت شدید فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی فائرنگ کی، جو تقریباً 14 تا 15 منٹ تک جاری رہی۔فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزمان نے گھنے جنگلات اور دشوار گزار پہاڑی سلسلے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔بعد ازاں پڑتال کے دوران معلوم ہوا کہ فائرنگ کے نتیجے میں تینوں گرفتار ملزمان موقع پر ہی ہلاک ہو چکے ہیں۔اس واقعے میں تھانہ غلجو ایس ایچ او سلیم خان اور کانسٹیبل ہدایت ٹانگ میں ایک ایک گولی لگی، جنہیں فوری طور پر طبی امداد فراہم کی گئی اور ان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔جبکہ کانسٹیبل حسن کے بلٹ پروف جیکٹ پر دو گولیاں لگیں، تاہم بلٹ پروف جیکٹ کی بدولت وہ محفوظ رہے۔واقعے کے فوراً بعد پولیس پارٹی نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان اور حملہ آوروں کا سراغ لگانے کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔مزید تفتیش جاری ہے جبکہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ضلعی پولیس حکام نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ قانون کی عملداری یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے)

میانی: نواحی موضع ودھن میں فائرنگ باپ بیٹا زخمی مقدمہ درج

موضع ودھن میں فائرنگ کے نتیجے میں باپ بیٹا عنائیت اور عدنان شدید زخمی ہوگئے

سرگودھا میانی محمد زبیر بھٹی سے ۔۔۔میانی: نواحی موضع ودھن میں فائرنگ باپ بیٹا زخمی مقدمہ درج۔ میانی تفصیل کے مطابق موضع ودھن میں فائرنگ کے نتیجے میں باپ بیٹا عنائیت اور عدنان شدید زخمی ہو گئے 1122 بھیرہ نے زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچایا جہاں تشویشناک صورتحال کے پیش نظر انھیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرگودھا منتقل کر دیا گیا۔پولیس تھانہ میانی نے مدعی کی درخواست پر ملزمان ریاض، محمد بخش حسرت ساکن اچراں عدنان ساکن حضور پور نادر، اعجاز ساکن ہائے ودھن اور پانچ یا چھ کس نامعلوم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔پولیس کے مطابق واقعہ معمولی تلخ کلامی کے نتیجے میں پیش آیا۔

شادی کی تقریب غم میں بدل گی۔دیرینہ دشمنی کی بنا پر مخالفین کی شادی ہال کے باہر باراتیوں پر فائرنگ

دولھا کے بھائی سمیت دو افراد جاں بحق، تین زخمی

ملکوال: شادی کی تقریب غم میں بدل گی □ دیرینہ دشمنی کی بنا پر مخالفین کی شادی ہال کے باہر باراتیوں پر فائرنگ، دولھا کے بھائی سمیت دو افراد جاں بحق، تین زخمی۔تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں پھپھرا کے رہائشی سلطان کے بیٹے کی شادی کی تقریب ملکوال میں واقع میرج ہال میں جاری تھی کہ دولھا کا بھائی 28 سالہ محمد طارق دیگر افراد کے ہمراہ میرج ہال کے باہر کھڑا تھا کہ اچانک انکے مخالفین وہاں آگئے اور فائرنگ کر دی جس سے دولھا کا بھائی محمد طارق، باراتی 50 سالہ محمد انار ساکن چھموں، 27 سالہ محمد عمران، شاہد تارڑ ساکن مانگٹ اور خضر حیات ساکن پھپھرا شدید زخمی ہو گئے۔اطلاع ملنے پر ایس ایچ او تھانہ ملکوال انسپکٹر عمیر جاوید چٹھہ کی قیادت میں پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی۔جبکہ ریسکیو 1122 کی ٹیمیں بھی جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ریسکیو ٹیمیں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔تاہم دو افراد محمد طارق اور محمد انار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گئے۔ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہوگئے۔پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے جبکہ ملزموں کی گرفتاری کیلئے پولیس ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں۔

معذور افراد کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سعدیہ سعید

گزشتہ چار سالوں میں سینکڑوں معذور زندگیوں کو آسان بنانے کا ہدف مکمل کیا

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) معذور افراد کی فلاح و بہبود اور ان کا حق دلوانا ہمارا مشن ہے، ان خیالات کا اظہار CBR سنٹر دولتالہ کی ہیڈ سٹاف سعدیہ سعید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ پراجیکٹ آفیسر طارق پرویز جنجوعہ کی سرپرستی میں معذور افراد کی فلاح و بہبود کے لیے CBR سنٹر دولتالہ میں ہر سوموار سے بدھ تک فزیو تھراپی کی مفت سہولت فراہم کی جاتی ہے، ہفتے میں ایک دن امراض چشم کا کیمپ لگایا جاتا ہے اور ہر ماہ کی 30 تاریخ کو جلدی امراض کا شکار معذور افراد کو سہولت فراہم کرنے کے لیے فری چیک اپ کیا جاتا ہے جس میں کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی زیر نگرانی چیک اپ اور ادویات مفت فراہم کی جاتی ہیں، ہیڈ سٹاف سعدیہ سعید نے گزشتہ چار سالوں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے 500 سے زائد معذور افراد کو وہیل چیئرز سمیت دیگر ڈیوائسز فراہم کی جا چکی ہیں جبکہ اب تک 1000 سے زائد ڈس ایبلٹی سرٹیفکیٹ بھی جاری کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں معذور افراد کو مفت ٹرانسپورٹ کی سہولت بھی فراہم کی گئی، انہوں نے بتایا کہ سی بی آر سنٹر دولتالہ کے زیر اہتمام ون ہیلتھ پراجیکٹ کا آغاز کیا جا رہا ہے جس کا مقصد انسانوں اور جانوروں کے درمیان منتقل ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ، درختوں کی کٹائی کی روک تھام اور شجر کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

گرلز کیڈٹ کالج کی تعمیر کو ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

اسسٹنٹ ٹو کمشنر پولیٹکل اینڈ ڈیولپمنٹ سجاد بلوچ بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے افسران اور پلاننگ آفیسر بھی موجود تھے

پشاور (اشتیاق خان سے) ڈی آئی خان، کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن داؤد خان نے کہا ہے کہ گرلز کیڈٹ کالج کی تعمیر کو ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔یہ ہدایات انہوں نے زیر تعمیر اور تکمیل کے قریب گرلز کیڈٹ کالج ڈیرہ اسماعیل خان کے دورے کے موقع پر دیں۔اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر سید اشفاق انور، وائس پرنسپل عافیہ سعادت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فرحان خان، اسسٹنٹ ٹو کمشنر پولیٹکل اینڈ ڈیولپمنٹ سجاد بلوچ بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے افسران اور پلاننگ آفیسر بھی موجود تھے۔دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فرحان خان نے کمشنر کو منصوبے کی پیش رفت، مجموعی خاکے اور مختلف انتظامی و تعلیمی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ گرلز کیڈٹ کالج کا منصوبہ طالبات کو معیاری تعلیم، نظم و ضبط اور قیادت کی صلاحیتیں فراہم کرنے کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔کمشنر داؤد خان نے منصوبوں کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی معیار، سہولیات اور ٹائم لائن کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہونی چاہیے۔کمشنر نے مزید کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج جیسے تعلیمی ادارے علاقے میں خواتین کی تعلیم اور بااختیار بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔انہوں نے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ باہمی تعاون اور ذمہ داری کے ساتھ کام کو آگے بڑھایا جائے۔آخر میں کمشنر داؤد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد اس کے فعال اور مؤثر استعمال کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات بروقت اور مکمل طور پر حاصل ہوسکیں۔



پسرور میں دہشتگردی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے شاندار موک ایکسرسائز کا انعقاد

موک ایکسرسائز کا مقصد تعلیمی اداروں میں سیکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانا، ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری کا جائزہ لینا اور طلبہ واساتذہ میں حفاظتی شعور اجاگر کرنا تھا

پسرور (عثمان مغل سے) حکومتِ پنجاب کی ہدایات کے مطابق پسرور پنجاب پولیس فورس، ایلیٹ فورس اور ریسکیو 1122 کے جوانوں کی جانب سے گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ بوائز، کلاسوالہ روڈ پسرور میں دہشتگردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک شاندار اور مؤثر موک ایکسرسائز کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔موک ایکسرسائز کا مقصد تعلیمی اداروں میں سیکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانا، ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری کا جائزہ لینا اور طلبہ واساتذہ میں حفاظتی شعور اجاگر کرنا تھا۔اس موقع پر پنجاب پولیس، ایلیٹ فورس اور ریسکیو 1122 کے جوانوں نے بروقت رسپانس، علاقے کو محفوظ بنانے، زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے اور دہشتگردی جیسے خطرناک حالات میں پیشہ ورانہ مہارت کا شاندار مظاہرہ کیا۔ادارے کی انتظامیہ، اساتذہ اور طلبہ نے سیکیورٹی فورسز کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی مشقیں نہ صرف اعتماد میں اضافہ کرتی ہیں بلکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔آخر میں متعلقہ حکام نے واضح کیا کہ حکومتِ پنجاب شہریوں کے تحفظ اور امن وامان کے قیام کے لیے ایسے اقدامات کو مستقبل میں بھی تسلسل کے ساتھ جاری رکھے گی۔

مجرمان کو مجموعی طور پر 28 سال قید اور 8 لاکھ روپے جرمانے کی سزائیں سنائی گئیں

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ

معزز عدالتوں نے دو منشیات سپلائرز کو سزائیں سنادیں

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالتوں نے دو منشیات سپلائرز کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو مجموعی طور پر 28 سال قید اور 8 لاکھ روپے جرمانے کی سزائیں سنائی گئیں۔تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم محمد یوسف کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے ساڑھے 5 کلو چرس برآمد ہونے پر رتہ امرال پولیس نے اپریل 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم بسم اللہ جان کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 5 کلو چرس برآمد ہونے پر تھانہ نیوٹاون پولیس نے جنوری 2025 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹیگیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

تھانہ گوجر خان پولیس کی کارروائی

شراب پی کر شور و ہنگامہ کرنے والے 4 افراد گرفتار

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) تھانہ گوجر خان پولیس کی کارروائی، شراب پی کر شور و ہنگامہ کرنے والے 4 افراد گرفتار۔تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب پی کر شور و ہنگامہ کرنے والے 4 افراد کو گرفتار کرلیا، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست افراد شراب پی کر سڑک کے درمیان گاڑی کھڑی کر کے شور و ہنگامہ کر رہے تھے، گوجر خان پولیس نے چاروں افراد کا میڈیکل کروا کر مقدمہ درج کر کے حراست میں لے لیا، زیر حراست افراد کے زیر استعمال کار قبضہ پولیس میں کی گئی ہے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

Christmas Program Organized in honor of Christian Journalists in National Press Club Islamabad Receiving Token of Love from Federal Minister of Information Broadcasting Attaullah Tarar

فرنیچر مارکیٹ میں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس راولپنڈی سے ایک اہم میٹنگ ہوئی

غیر قانونی پارکنگ کے مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے کہ انشاءاللہ جلد ٹریفک مسائل حل کئے جائیں گے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) فرنیچر مارکیٹ میں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس راولپنڈی سے ایک اہم میٹنگ ہوئی جس میں ڈی ایس پی راجہ خرم صاحب نے میاں اصف صدر کھنہ روڈ راجہ جاوید صدر کری روڈ جنرل سیکرٹری منیر عباسی حاجی سلیم شیخ شعیب چوہدری علی، راجہ ثاقب، حاجی دلدار ملک عمران حاجی اسلم راجہ علی کیانی شوکت علی حمزہ عباسی اور دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی، اور کری روڈ پر ٹریفک جام اور غیر قانونی پارکنگ کے مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے کہ انشاءاللہ جلد ٹریفک مسائل حل کئے جائیں گے۔

کوئٹہ کے شہری کے شناختی کارڈ بلاک کرنے کا معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گیا

جسٹس ارباب محمد طاہر نے نادرا کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کوئٹہ کے رہائشی شہری کے شناختی کارڈ بلاک کرنے کے نادرا کے فیصلے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے نادرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے شہری اصغر علی کی درخواست پر کی۔ دوران سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے وکیل درخواست گزار سے استفسار کیا کہ آپ کہاں سے آئے ہیں، جس پر وکیل نے بتایا کہ وہ کوئٹہ سے آئے ہیں اور ان کے موکل کا شناختی کارڈ نادرا نے بلاک کردیا ہے۔عدالت نے سوال کیا کہ آپ یہاں کیوں آئے ہیں، وہاں ہائیکورٹ نہیں ہے کیا، جس پر وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ نادرا کا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں ہے۔جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ نادرا کے دائرہ اختیار سے متعلق کیس بلوچستان ہائیکورٹ بھی سن سکتی ہے، تاہم عدالت نے کہا کہ نوٹس جاری کر کے جواب منگوا لیتے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے شناختی کارڈ بحالی کی درخواست پر نادرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کردی۔

S/#

پاکستان کی سوڈان میں عالمی امن اہلکاروں پر حملے کی شدید مذمت

پاکستان کی جانب سے اس بزدلانہ حملے کی فوری تحقیقات کا مطالبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے سوڈان کے شہر کدوگلی میں اقوام متحدہ کے امن اہلکاروں پر ہونے والے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان سوڈان کے شہر کدوگلی میں ہونے والے حملے میں اقوام متحدہ کی عبوری سیکیورٹی فورس برائے ابئی (UNISFA) کے تحت خدمات انجام دینے والے بنگلہ دیش کے 6 امن اہلکاروں کے جاں بحق اور متعدد دیگر کے زخمی ہونے شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان نے بنگلہ دیش کی حکومت اور عوام سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اس المناک گھڑی میں جاں بحق اہل کاروں کے لواحقین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے امن اہل کار دنیا بھر میں تنازعات کی روک تھام، شہریوں کے تحفظ اور امن کے فروغ کے لیے صفِ اول میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان نے امن واستحکام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ان بلیو ہیلمٹس کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پاکستان کی جانب سے اس بزدلانہ حملے کی فوری تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حملے میں ملوث عناصر کی نشاندہی کی جائے اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اراکین اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر امن اہلکاروں کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کام جاری رکھے گا۔

نئے سال کی آمد! تنخواہ دار طبقے کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آگئی

ٹیکس دینے والوں کی تعداد میں 30 لاکھ افراد کا اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت رانا احسان افضل نے تنخواہ دار طبقے کو خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال ریلیف دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر مملکت رانا احسان افضل نے اپنے بیان میں کہا کہ سرمایہ کاری کے لیے سیکیورٹی سب سے اہم عنصر ہے، جن علاقوں میں سیکیورٹی بہتر ہوگی وہاں سرمایہ کاری خود بخود آئے گی۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ پاکستان مشکل معاشی صورتحال سے نکل آیا ہے، ایک وقت تھا جب دیوالیہ ہونے کی باتیں ہو رہی تھیں، اگرچہ ملک کو اب بھی مختلف چیلنجز درپیش ہیں لیکن سرمایہ کاری کے لیے راہ ہموار ہو چکی ہے۔ رانا احسان نے بتایا کہ حکومت نے مختلف شعبوں میں اصلاحات کی ہیں اور ٹیکس بیس کو بہتر بنایا ہے، ٹیکس دینے والوں کی تعداد میں 30 لاکھ افراد کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ملازمت پیشہ افراد پر ٹیکس کم کرنے کی ضرورت ہے اور آئندہ سال تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دیا جائے گا، جبکہ بجلی کی قیمتوں میں بھی کمی کی گئی ہے۔ وزیر مملکت نے مزید کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کا عمل جلد شروع ہوگا اور اس کے لیے بڈنگ کی جائے گی، کوئی جادو گر بھی ہو تو چٹکی میں چیزیں درست نہیں ہو سکتیں، معیشت کی بہتری کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سالوں کی نسبت ایم این ایز کو دیے جانے والے فنڈز میں کمی کی گئی ہے، حکومت درست معاشی سمت میں چل رہی ہے اور موجودہ مدت کے دوران اصلاحات کے نتائج آنا شروع ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ: چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار

واقعے کے بعد ماڈل ٹاؤن تھانے میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

گوجرانوالہ (صباح نیوز) نامعلوم چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار ہو گئے تاہم پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ میں دن دیہاڑے بڑی چوری کی واردات سامنے آگئی، جہاں نامعلوم چور 38 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے چلغوزے لے کر فرار ہو گئے۔ واردات چند روز قبل پیش آئی تاہم اس کی سی سی ٹی وی فوٹیج اب سامنے آگئی ہے، جس میں تین ملزمان دن دہاڑے کھلے عام چلغوزے کے چھ بورے اٹھا کر لے جاتے ہیں اور موقع سے فرار ہو جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد ماڈل ٹاؤن تھانے میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تاہم متاثرہ تاجر نے درج کی گئی ایف آئی آر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ متاثرہ تاجر کا کہنا ہے کہ پولیس نے مقدمے میں نقصان کی رقم 3 لاکھ 50 ہزار روپے درج کی ہے، جبکہ اصل نقصان 38 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ تاجر نے مطالبہ کیا ہے کہ مقدمہ درست رقم کے ساتھ درج کیا جائے، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے اور قیمتی چلغوزے برآمد کرائے جائیں۔

ایگریکلچر اور ٹیکنیکل گروپس کو شامل کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ یہ یقیناً

ایک مثبت اور قابلِ تحسین قدم ہے، مگر ایک اہم سوال دل میں اٹھتا ہے

پشاور (اشتیاق خان سے) ایگریکلچر اور ٹیکنیکل گروپس کو شامل کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ یہ یقیناً ایک مثبت اور قابلِ تحسین قدم ہے، مگر ایک اہم سوال دل میں اٹھتا ہے:......کیا ہم اپنی معیشت کی اصل بنیاد کو نظر انداز کر سکتے ہیں...کامرس اور بزنس ایجوکیشن صرف مضامین نہیں، بلکہ یہی وہ علم ہے جو نوجوانوں کو روزگار، کاروبار، خود کفالت اور عالمی مارکیٹ سے جوڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں O اور A لیول میں کامرس اور بزنس اسٹڈیز کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ آج پاکستان کو جن چیلنجز کا سامنا ہے بی مہنگائی، بے روزگاری، کمزور معیشت بی ان کا حل صرف ہنر میں نہیں بلکہ معاشی شعور اور بزنس ایجوکیشن میں بھی پوشیدہ ہے۔ اگر ہم اپنے بچوں کو شروع ہی سے تجارت، اکاؤنٹنگ، بزنس اور انٹرپرینیورشپ کی تعلیم دیں گے تو وہ نوکری ڈھونڈنے والے نہیں بلکہ نوکری دینے والے بنیں گے۔ معزز مقتدرہ سے پُرزور، درد دل کے ساتھ اپیل ہے کہ میٹرک لیول پر کامرس اور بزنس ایجوکیشن کو بھی باقاعدہ گروپ کے طور پر شامل کیا جائے۔ یہ فیصلہ ہمارے بچوں کا مستقبل اور پاکستان کی معاشی سمت بدل سکتا ہے۔....اگر آپ بھی ایک مضبوط، خود مختار اور معاشی طور پر مستحکم پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں تو براہِ کرم اس پیغام کو شیئر کریں اپنی آواز بلند کریں اور اس مطالبے کو ہر متعلقہ فورم تک پہنچائیں...کیونکہ خاموشی بھی بعض اوقات ایک نقصان دہ فیصلہ بن جاتی ہے۔

پیر عبدالرحیم نقشبندی کی وفات پر پیر شیر محمد مغل سے اظہار تعزیت

ہزاروں مریدین پیر سائیں کی شفقت اور محبت سے محروم ہوگئے، مرحوم عاجزی انکساری اور خلوص کا ایک مجسمہ تھے

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) پیر عبدالرحیم نقشبندی کی وفات پر پیر شیر محمد مغل سے اظہار تعزیت۔ ہزاروں مریدین پیر سائیں کی شفقت اور محبت سے محروم ہو گئے۔ مرحوم عاجزی انکساری اور خلوص کا ایک مجسمہ تھے۔ ان خیالات کا اظہار سابق صدر پریس کلب اڈیالہ ملک نعیم اختر نے پیر عبدالرحیم نقشبندی کی وفات پر پیر شیر محمد مغل سے پیر سائیں کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام سینیئر کے سربراہ پیر عبدالرحیم نقشبندی ایک درویش صفت بندہ پرور متقی اور پرہیزگار شخصیت کے مالک انسان تھے ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا کبھی پر نہ ہو سکے گا انہوں نے کہا پیر عبدالرحیم نقشبندی ہزاروں دلوں کی دھڑکن تھے جو آج بھی اپنے چاہنے والوں کے دلوں میں زندہ جاوید ہیں۔ ایسے بزرگزیدہ بندے صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں جو اپنی یادوں کے چراغ مریدین کے دلوں میں جلا کر دنیا فانی سے رحلت فرما جاتے ہیں۔ ملک نعیم اختر۔ محمد بشیر راجہ۔ سید ساجد حسین شاہ نقوی۔ محمد وقار حسین۔ محمد بلال۔ ملک افتیاز حسین انجم۔ میاں زید کریم۔ چودری حافظ محمد یاسین رحیمی۔ نے پیر شیر محمد مغل سے پیر عبدالرحیم نقشبندی کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا

ڈیئر-آرسی ایجوکیشن سمٹ دن دو مڈ ییئر-آرسی انٹرنیشنل ایجوکیشن سمٹ کا اختتام

تدریس، حکمرانی اور تعلیمی اصلاحات میں شواہد کے انضمام پر زور

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) ڈیئر-آرسی انٹرنیشنل ایجوکیشن سمٹ 2025 کے دوسرے اور اختتامی دن میں تحقیقاتی شواہد کو مؤثر تدریسی طریقۂ کار، جوابدہ حکمرانی اور پاکستان میں نظامِ تعلیم کی ہمہ گیر اصلاحات میں ڈھالنے پر توجہ مرکوز رہی۔ تعلیمی سیشنز کے دوران سینئر پالیسی سازوں، تعلیمی قائدین اور بین الاقوامی ماہرین نے اس امر کا جائزہ لیا کہ شواہد کے استعمال سے کلاس روم تدریس کیسے بہتر بنائی جا سکتی ہے، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی کو کیسے تقویت دی جا سکتی ہے اور بڑے پیمانے پر تعلیمی فراہمی کو کیسے مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ دوسرے دن میں مجموعی طور پر نو منظم سیشنز شامل تھے، جن میں ایک اسپاٹ لائٹ خطاب، تین موضوعاتی پینل مباحثے، چار متوازی راؤنڈ ٹیبل مکالمے اور ایک اختتامی پلینری شامل تھی۔ سمٹ کا اختتام برٹش ہائی کمیشن کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر، سیم والڈک، کے اختتامی کلمات پر ہوا، جنہوں نے تحقیق کو بامعنی اور نظام سطح کے اثرات میں تبدیل کرنے کے لیے حکومت، جامعات اور بین الاقوامی شراکت داروں کے درمیان پائیدار تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ دن دوم کے آغاز میں ڈیئر-آرسی کی پروگرام ڈائریکٹر، سائمہ انور، کے تاثرات میں "شواہد سے عمل کی طرف" فوری پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس کے بعد ایل یو ایم ایس سے ڈاکٹر عرفان مظفر کے اسپاٹ لائٹ سیشن میں کلاس روم کی زمینی حقیقتوں کو نظامی اصلاحات کے ساتھ دوبارہ جوڑنے پر روشنی ڈالی گئی۔ دن بھر کے پینل مباحثوں میں کیمبرج یونیورسٹی سے ڈاکٹر ریکارڈو سابیتز، آکسفورڈ یونیورسٹی سے ڈاکٹر عالیہ خالد اور وہاٹ ورکس ہب فار گلوبل ایجوکیشن سے ہیدر کینٹن سمیت ممتاز بین الاقوامی اسکالرز نے شرکت کی، جبکہ پاکستان کے تمام صوبوں سے سینئر سرکاری افسران بھی شامل تھے۔ سیشنز میں شواہد پر مبنی تدریسی طریقے، اساتذہ کی بھرتی اور پیشہ ورانہ تشکیل، جوابدہی اور کارکردگی کی نگرانی، اور نظامی سطح کی حکمرانی میں اصلاحات جیسے موضوعات زیرِ بحث آئے۔ ورکشاپ طرز کے انٹرایکٹو راؤنڈ ٹیبل مکالموں نے شمولیت، موسمیاتی لچک، اساتذہ کے پیشہ ورانہ معیارات اور بین الصوبائی حکمرانی جیسے موضوعات پر گہرے تبادلۂ خیال کے مواقع فراہم کیے۔ سمٹ میں ڈیئر-آرسی کی جانب سے کمیشن کیے گئے 30 سے زائد تحقیقی منصوبے بھی پیش کیے گئے، جو چار بڑے موضوعات کا احاطہ کرتے تھے: تعلیم میں شمولیت، تقاطعیت اور سماجی انصاف؛ معیاری سیکھنے کے لیے مؤثر تدریس؛ لچکدار تعلیمی نظاموں کی تشکیل؛ اور تعلیمی حکمرانی و انتظام۔ دو روزہ تعلیمی سمٹ کا افتتاح کیمبرج یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر، پروفیسر کمال منیر، کے کلیدی خطاب سے ہوا، جس میں پاکستان میں مساوات پر مبنی اور شواہد سے رہنمائی یافتہ تعلیمی اصلاحات کو آگے بڑھانے کا ایجنڈا پیش کیا گیا۔ اختتامی پلینری میں قومی سطح پر تحقیقی ثقافت کی تعمیر پر توجہ دی گئی، جس کی صدارت آغا خان یونیورسٹی کے ڈاکٹر فرید پنجوانی نے کی۔ اس سیشن میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ملک کی مختلف جامعات کے شعبۂ تعلیم کے ڈینز نے شرکت کی۔ اختتامی نشست میں پالیسی سے ہم آہنگ تحقیق اور مستقبل کی تعلیمی قیادت کی تشکیل میں جامعات کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔

زرعی یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں بھارتی واقعے کے خلاف احتجاج، پتلا نذرِ آتش

بھارت میں مسلم خاتون کا حجاب زبردستی اتارنے کے واقعے کے خلاف پرامن احتجاج کیا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان (حسنین قریشی) بھارت میں مسلم خاتون کا حجاب زبردستی اتارنے کے واقعے کے خلاف پرامن احتجاج کیا گیا۔ یہ احتجاج وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے منعقد کیا گیا۔ احتجاج میں طلبہ، طالبات اور فیکلٹی ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے واقعے میں ملوث بھارتی وزیر کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور اس کا پتلا بھی نذرِ آتش کیا۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر اسلاموفوبیا، مذہبی عدم رواداری، خواتین کی تضحیک اور بنیادی انسانی حقوق کے حق میں نعرے درج تھے۔ احتجاج میں یونیورسٹی کے اعلیٰ انتظامی و تدریسی افسران بھی شریک ہوئے جن میں سیکرٹری ٹو وائس چانسلر شیراز احمد مغل، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز زیشان خان، ڈائریکٹر اکیڈمکس ڈاکٹر ثاقب علی، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ آفتاب عالم، اسسٹنٹ رجسٹرار اسٹیبلشمنٹ عمادالدین، ٹرانسپورٹ آفیسر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کیو ای سی ولی اللہ خان، اسسٹنٹ رجسٹرار لیگل جمیل الرحمان، ڈائریکٹر اسپورٹس محمد زبیر مروت اور لیکچرر عمران برکی شامل تھے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی ریاست بہار میں پیش آنے والا یہ واقعہ خواتین کی عزت، مذہبی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق پر کھلا حملہ ہے، جس کی شدید الفاظ میں مذمت کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات بھارت میں اقلیتوں کے خلاف بڑھتی ہوئی عدم برداشت اور نفرت کی عکاسی کرتے ہیں۔ احتجاج کے شرکاء نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ اس واقعے کا نوٹس لیں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ احتجاج پرامن طور پر اختتام پذیر ہوا

پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ملی بھگت سے اضافہ

مسابقتی اپیلیٹ ٹریبونل نے پولٹری ایسوسی ایشن پر جرمانہ کم کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی کارٹلائزیشن کے متعلق طویل عرصے سے زیر التوا کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے، کمپٹیشن اپیلیٹ ٹریبونل نے کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے، پولٹری ایسوسی ایشن کی اپیل نمٹا دی ہے۔ تاہم اپیلٹ ٹریبونل نے ایک ایسے ہی مقدمے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے، اور پولٹری ایسوسی ایشن کی درخواست پر جرمانے کی پانچ کروڑ روپے سے کم کر کے ڈھائی کروڑ روپے کر دی ہے اور ایسوسی ایشن کو جرمانے کی رقم حکم نامہ جاری ہونے کے 15 دن کے اندر جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ کمپٹیشن کمیشن نے سال 2010 میں پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن اور اس کے ممبرز پر پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ملی بھگت اور کارٹیل بنا کر اضافہ کرنے پر پانچ کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا تھا۔ پولٹری ایسوسی ایشن اور کئی پولٹری کمپنیوں اس کارروائی کے نتیجے میں عدالتوں میں درخواستیں دائر کر دیں تھی۔ یہ طویل قانونی و عدالتی جنگ کئی سالوں تک چلتی رہی۔ اپیل کی سماعت کے دوران ایسوسی ایشن کے وکیل نے ٹریبونل کو بتایا کہ ایسے ہی ایک مقدمے میں سپریم کورٹ نے 2022 نرم مؤقف اختیار کرتے ہوئے کمپٹیشن کمیشن کے عائد جرمانہ کو کم کر دیا تھا۔ اسی منطق پر انحصار کرتے ہوئے، اور اپیل کنندہ کی درخواست پر، اپیلیٹ ٹریبونل نے مجموعی جرمانہ پانچ کروڑ روپے سے کم کرتے ہوئے ڈھائی کروڑ روپے کر دیا اور جرمانہ 15 دن کے اندر جمع کروانے کی ہدایت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆

لاہور چیمبر آف کامرس میں مفت طبی کیمپ کل لگے گا

لاہور (صباح نیوز) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں المکی المدنی ڈائلیسز سینٹر کے چیئرمین ڈاکٹر محمد جمیل کی زیر قیادت صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک فری میڈیکل و آئی کیمپ اور آگاہی سیمینار کا انعقاد منگل کو کیا جائے گا۔ جس میں ملک کے معروف اینڈوکرائنولوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سید عباس رضا، سابق HOD شیخ زید ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر وقار احمد، ماہر ذیابیطس ڈاکٹر محمد جمیل، کڈنی ٹرانسپلانٹ سرجن پروفیسر ڈاکٹر ثنا اللہ، ماہر ذیابیطس پروفیسر ڈاکٹر ظہیر اختر، ماہر امراض چشم پروفیسر ڈاکٹر ارشد محمود، ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، ڈاکٹر شہباز پرویز، ماہر نفسیات ڈاکٹر عمران مرتضیٰ، ڈاکٹر ارشد عباسی اور ڈاکٹر توصیف اقبال، شوگر کی وجہ سے دل، گردوں اور آنکھوں پر پڑنے والے اثرات سے بچاؤ کے لئے آگاہی دیں گے

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کیلئے حکومت پنجاب متحرک

سرگودھا (صباح نیوز) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کیلئے حکومت پنجاب متحرک ہوگئی، ہر شہر میں فوکل پرسنز کو ٹاسک سونپ دیئے گئے، ہر ضلع سے کلین سویپ کرنے کیلئے اراکین اسمبلی اور سابق اراکین، ضلعی عہدیداروں پر مشتمل فوکل پرسن بن گئے، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو جلد از جلد حلقہ بندیاں اور حدود بندیاں کر کے بھجوانے کا حکم، سیکرٹری بلدیات بھی تیز ہوگئے، ذرائع کے حکومت پنجاب نے سرگودھا سمیت صوبے بھر میں بلدیاتی الیکشن کروانے کیلئے متحرک ہوگئی ہے، الیکشن کمیشن کی جانب سے پنجاب میں بلدیاتی انتخاب کروانے کے حکم کے بعد بلدیاتی ایکٹ میں اسمبلی سے منظوری کے حلقہ بندیوں کا دیئے گیا شیڈول ختم ہوگیا تھا، اب پنجاب حکومت دوبارہ بلدیاتی اداروں کو فعال کرنے کیلئے متحرک ہوگئی، سرگودھا سمیت پنجاب بھر میں فوکل پرسن بنا دیئے گئے ہیں جن کی ضلعی افسران کے ہمراہ آن لائن میٹنگ کروانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، جن میں انکو اپنے اپنے ضلع سے کلین سویپ کروانے کا ٹاسک دیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے نئے بلدیاتی نظام کو فعال کرنے کیلئے اقدامات تیز کرتے ہوئے سرگودھا سمیت صوبہ بھر کے کمشنرز ڈپٹی کمشنرز کو ممبران کی مشاورت سے نئی حلقہ اور حد بندیوں بارے تیاری جلد کر کے ارسال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ الیکشن کمیشن کو بلدیاتی اداروں کی حد بندیاں شروع کرا سکے،

الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کی متاثرین غزہ کے لیے 7 کروڑ روپے امداد

آزاد کشمیر کے عوام نے دل کھول کر غزہ کے بھائیوں کے لیے مدد کی کرنل ریٹائرڈ ظفر رشید عباسی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر کرنل ریٹائرڈ ظفر رشید عباسی نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر نے متاثرین غزہ کے لیے 7 کروڑ روپے کا ریلیف فراہم کیا، آزاد کشمیر کے عوام نے دل کھول کر اپنے غزہ کے بھائیوں کے لیے امداد دے کر اپنا فرض ادا کیا، الخدمت فاؤنڈیشن بلا تخصیص عوام کی خدمت کر رہی ہے، دکھی انسانیت کی خدمت کرنا بڑے اجر والا کام ہے، اسلام ہمیں دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے جائزہ اجلاس میں شریک ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن عوام کی امید بن چکی ہے الخدمت فاؤنڈیشن نے دنیا کے کئی ممالک میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ریلیف فراہم کیا ہے اور کر رہی ہے، انھوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی کوشش ہے کہ آزاد کشمیر میں کوئی ایک بچہ بھی ایسا نہ رہے جو محض والد نہ ہونے اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم سے محروم رہ جائے، ہم آزاد کشمیر کو ایک ماڈل ریاست بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، الخدمت فاؤنڈیشن 8 شعبہ جات کے اندر کام کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆☆